
Volume No 4

۱۔ یعنی پہلے نفخہ تک تجھے مہلت ہے۔ جب پہلی بار صور پھونکا جاوے گا تو سب کے ساتھ تو بھی ہلاک ہو گا۔ رب نے اس کی دعا کچھ ترمیم سے قبول فرمائی۔ اس سے
دو مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ کفار کی بعض دعائیں قبول ہو جاتی ہیں۔ دیکھو شیطان کی یہ دعا کچھ ترمیم سے قبول ہو گئی دوسرے یہ کہ دعا سے عمر دراز ہو جاتی ہے۔
جب شیطان مردود کی دعا سے عمر میں زیادتی ہو گئی تو اگر انبیاء کرام اولیاء عظام کی دعاؤں سے یا بعض نیک اعمال کی برکت سے عمر لمبی ہو جاوے تو کیا مضائقہ ہے اس
کی پوری بحث اور تقدیر بدلنے پر مفصل گفتگو ہماری کتاب اسرار الاحکام یا تفسیر نعیمی میں ملاحظہ کرو۔ ۲۔ اس سے معلوم ہوا کہ کبھی پکا کافر ہو جاتا ہے۔ گمراہ کرنے

الْمُنْظَرِينَ ﴿۱۵﴾ قَالَ فَبِمَا أَغْوَيْتَنِي لَأَقْعُدَنَّ لَهُمْ
مہلت ہے بولا تو قسم اس کی کہ تو نے مجھے گمراہ کیا میں ضرور تیرے سیدھے
صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ لَآتِيَنَّهُمْ مِنْ بَيْنِ
راستہ پر ان کی تاک میں بیٹھوں گا پھر ضرور میں ان کے پاس آؤں
أَيْدِيهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ أَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَائِلِهِمْ
گا ان کے آگے اور ان کے پیچھے اور داہنے اور بائیں سے
وَلَا تَجِدُ أَكْثَرَهُمْ شَاكِرِينَ ﴿۱۷﴾ قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا
اور تو ان میں اکثر کو شکر گزار نہ پائے گا فرمایا یہاں سے نکل جا
مَذْءُومًا مَدْحُورًا لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ لَأَمْلَأَنَّ
رد کیا گیا راندہ ہوا ضرور جو ان میں سے تیرے کہے پر چلا میں
جَهَنَّمَ مِنْكُمْ أَجْمَعِينَ ﴿۱۸﴾ وَيَا آدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَ
تم سب سے جہنم بھر دوں گا اور اے آدم تو اور تیرا جوڑا
زَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا
جنت میں رہو تو اس میں سے جہاں چاہو کھاؤ اور اس پیڑ کے
هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿۱۹﴾ فَوَسْوَسَ
پاس نہ جانا کہ حد سے بڑھنے والوں میں ہو گے پھر شیطان نے ان
لَهُمَا الشَّيْطَانُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وُورِيَ عَنْهُمَا مِنْ
کے جی میں خطرہ ڈالا کہ ان پر کھول دے ان کی شرم کی چیزیں جو ان سے
سَوْآتِهِمَا وَقَالَ مَا نَهَاكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هَٰذِهِ
چھپی تھیں اور بولا تمہیں تمہارے رب نے اس پیڑ سے اسی لیے
الشَّجَرَةِ إِلَّا أَنْ تَكُونَا مَلَكَيْنِ أَوْ تَكُونَا مِنَ
منع فرمایا ہے کہ کہیں تم دو فرشتے ہو جاؤ یا ہمیشہ جینے

والا رب ہے۔ مگر یہ کہنا کفر ہے کہ بے ادبی ہے۔ شیطان یہ کہہ کر زیادہ مردود ہوا۔ آدم علیہ السلام نے عرض کیا۔ رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنْفُسَنَا ہم نے اپنے پر ظلم کیا تو ان کی معافی ہو گئی ۳۔ یعنی باپ کا بدلہ اولاد سے لوں گا ان کے دلوں میں وسوسے ڈالوں گا گناہوں کی رغبت دوں گا۔ نیکی سے روکوں گا۔ بعض کو کافر و مشرک بنا دوں گا تا کہ دوزخ میں اکیلا نہ جاؤں جماعت کے ساتھ جاؤں۔ اس سے دو مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ تکبر ایسی بری چیز ہے کہ رب کے سامنے شیطان نے بھی نہ کیا جو اسے کرنا تھا صاف صاف کہہ دیا۔ دوسرے یہ کہ شیطان دراصل انسانوں کا دشمن ہے۔ جو جنات ایمان لے آویں ان کا دشمن اس لئے ہے کہ انہوں نے انسانوں کے سے یہ کام کیوں کئے۔ فرشتوں حوروں کا وہ دشمن نہیں اس لئے نہ کہا۔ ۴۔ یہاں اوپر نیچے کا ذکر نہ کیا۔ کیونکہ آنے والا چار طرف سے ہی آتا ہے۔ ۵۔ اس سے معلوم ہوا کہ شیطان کو بھی آئندہ غیب کی باتوں کا علم دیا گیا ہے۔ چنانچہ اکثر لوگ ناشکرے ہیں۔ رب نے فرمایا وَقَلِيلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُورُ شیطان بیماری ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم علاج۔ جب بیماری کی قوت یہ ہے تو نبی کا علم اس سے زیادہ ہونا چاہیے ۶۔ آج فرشتوں میں ذلیل اور آئندہ ہر جگہ ذلیل وخوار کہ لعنت کی مار تجھ پر پڑتی رہے۔ معلوم ہوا کہ پیغمبر کی دشمنی تمام کفروں سے بدتر ہے۔ شیطان باوجود عالم زاہد ہونے کے ایسا ذلیل کیوں ہوا۔ صرف حضرت آدم نبی کی دشمنی میں۔ اس سے بارگاہ نبوت کے گستاخوں کو سبق لینا چاہیے۔ ۷۔ اس سے معلوم ہوا کہ دوزخ میں شیطان اور بعض جنات اور بعض انسان سب ہی جائیں گے۔ اور ان جنات کو آگ سے ایسے ہی تکلیف پہنچے گی جیسے انسان کو مٹی کے ڈھیلے یا اینٹ لگ جانے سے تکلیف پہنچ جاتی ہے۔ جنت صرف انسانوں کے لئے ہے کہ مو [illegible] ۸۔ عارضی طور پر کیونکہ انہیں زمین کی خلافت کے لئے پیدا فرمایا گیا تھا۔ جنت میں ٹریننگ دینے کے لئے رکھا گیا تھا۔ تا کہ دنیا کو اس طرح بسائیں اور بسانے کی اپنی اولاد کو تعلیم دیں ۹۔ معلوم ہوا کہ جنت کے میوے پیدا ہو چکے ہیں اور اللہ کے بعض بندوں نے وہ کھائے بھی ہیں۔ بی بی مریم نے دنیا میں رہ کر کھائے
۱۰۔ درخت گندم یا کوئی اور جو رب تعالیٰ کے علم میں ہے ۱۱۔ یہاں ظالم بمعنی کافر نہیں کیونکہ کفر عقیدہ بگڑنے سے ہی ہو سکتا ہے ۱۲۔ اس سے معلوم ہوا کہ کوئی شخص کسی جگہ شیطان کے وسوسہ سے محفوظ نہیں آدم علیہ السلام مقبول بارگاہ تھے اور جنت محفوظ مقام تھا مگر وہاں وسوسہ ڈالا لہٰذا کسی جگہ نہ جاؤ۔ اللہ سے پناہ مانگتے رہو۔ اپنے کو شیطان سے محفوظ نہ جانو۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ وسوسہ انبیاء کرام کو بھی ہو سکتا ہے ہاں ان سے گناہ یا بد عقیدگی سرزد نہیں ہو سکتی لہٰذا آیات میں تعارض نہیں ۱۳۔ اس سے معلوم ہوا کہ اب تک ان دونوں نے ایک دوسرے کا ستر نہ دیکھا تھا۔ بہتر بھی یہ ہے کہ خاوند بیوی ایک دوسرے کو ننگا نہ دیکھیں۔

کچھ تحریر فرمایا ہے بالکل حق وبجا ہے، واجب القبول ولائق عمل ہے۔ حسام الحرمین میں جو شائع ہو چکا ہے۔ یہ فتاویٰ اہلِ حق اور نائبانِ مختارِ کل حضرت حق جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سراسر حق وصواب ہیں۔ اہل اسلام کو ان فتاویٰ پر اعتقاد رکھنا عمل کرنا فرض ہے۔ اور جو جان بوجھ کر ان کو نہ مانے وہ مؤمن نہیں۔ انکی تصریح وتشریح وتفصیل وتوضیح کتبِ مصنفہ امام العلما ،سید الاولیاء، وارث سید الرسل، نائب خاتم الانبیاء علیہم الصلاۃ والسلام، اعلیٰ حضرت، عظیم البرکۃ والملۃ والشریعۃ والسنۃ والطریقۃ محیی الاسلام والدین، مجدد مأۃ حاضرہ، عالم دین وسنت، امام اہلسنت مولانا مولوی حاجی حافظ قاری مفتی شاہ محمد احمد رضا خاں صاحب قبلہ فاضل بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ونفعنا اللہ تعالیٰ والمسلمین ببرکاتہ فی الدین والدنیا والآخرۃ میں خوب روشن وواضح طور پر موجود ہے۔ اس فقیر ناکارہ وطالب علم ناسزا کا بھی بحمد اللہ تعالیٰ وہی مذہب ومسلک ودین وایمان ہے۔ مولیٰ تعالیٰ اسی پر رکھے ،اسی پر مارے، اسی پر اٹھالے۔ جو اس کے خلاف چلے اور مخالف بتائے، وہ بد مذہب وبے دین، گمراہ وگمراہ گر ہے۔ جو اسکو صحیح نہ مانے وہ بھی جہنمی ہے۔ اہل اسلام کو اگر اپنا دین وایمان درست رکھنا منظور ہو تو انکی کتابوں کا مطالعہ کر کے ان پر عمل کریں۔ افسوس کہ اب اہل اسلام کی یہ حالت ہوگئی اور نوبت بایں جا رسید کہ ان کی تحریروں اور فتووں کے متعلق سوال کرنے لگے یہ کمزوری ایمان ہے۔ تمام دنیا کو آنکھیں بند کر کے ان پر عمل کرنا چاہیے میرے نزدیک ہندوستان بھر میں کوئی ایسا نہیں ہے جو ان سے افضل واعلیٰ ہو جس سے اُن کی بابت سوال کیا جائے۔ یہ تو ایسی بات ہے کہ کوئی شخص یہ کہے کہ اعلیٰ حضرت فرماتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم افضل الرسل وسید الکل ہیں تو کیوں صاحب یہ بات صحیح وقابل عمل ہے۔ استغفر اللہ۔ اللھم احفظنا۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۔وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ ونور عرشہ سیدنا ومولانا محمد وعلی آلہ واصحابہ وعلماء امتہ واولیاء ملتہ وعلینا معھم اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین الی یوم الدین آمین

فقیر قادری ابو الفضل محمد عبد الاحد حنفی رضوی غفرلہٗ ابن حضرت ولی باخدا مولانا شاہ وصی احمد صاحب قبلہ محدث سورتی قدس سرہ العالی۔ ناظم مدرسۃ الحدیث پیلی بھیت مشہور



Aalami Tanzeem Ahle Sunnat The Internation Sunni Muslim Movement
www.ahlesunnat.info atasqadri@gmail.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَفَعَ لِاَحَدٍ شَفَاعَةً فَاَهْدٰى لَهٗ هَدِيَّةً عَلَيْهَا فَقَبِلَهَا فَقَدْ اَتٰى بَابًا عَظِيْمًا مِنْ اَبْوَابِ الرِّبٰوا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

جو شخص کسی حاکم یا امیر سے کسی کی سفارش کرے اور پھر اس حاکم کو ہدیہ بھیجے اور وہ اس ہدیہ کو قبول کرلے تو اس کا یہ فعل ایسا ہے گویا کہ وہ سود کے ایک بڑے دروازہ میں داخل ہوا (ابوداؤد) اور روایت کی احمد نے اسی طرح کہ نیکی کے لئے اچھا ہی مال اچھی چیز ہے۔

بَابُ الْاَقْضِيَةِ وَالشَّهَادَاتِ

نزاعی معاملات اور شہادتوں کا بیان

فصل اوّل

مدعی کا دعویٰ گواہوں کے بغیر معتبر نہیں

۳۵۸۳ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ يُعْطَى النَّاسُ بِدَعْوَاهُمْ لَادَّعٰى نَاسٌ دِمَاءَ رِجَالٍ وَّاَمْوَالَهُمْ وَلٰكِنَّ الْيَمِيْنَ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ) وَفِيْ شَرْحِهٖ لِلنَّوَوِيِّ اَنَّهٗ قَالَ وَجَاءَ فِيْ رِوَايَةِ الْبَيْهَقِيِّ بِاِسْنَادٍ حَسَنٍ اَوْ صَحِيْحٍ زِيَادَةٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مَرْفُوْعًا لٰكِنَّ الْبَيِّنَةَ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنُ عَلٰى مَنْ اَنْكَرَ۔

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اگر لوگوں کو محض دعوے ہی پر ان کا مُدعا دے دیا جائے تو بہت سے لوگ اپنے آدمیوں کے خون اور مال کا دعویٰ کرنے لگیں لیکن مدعا علیہ پر قسم بھی ہے (یعنی صرف مدعی کا بیان ہی کافی نہیں ہے بلکہ مُدعا علیہ سے قسم بھی لینا ضروری ہے (مسلم) اور بیہقی کی روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ مدّعی کے ذمّہ گواہ ہیں اور قسم اس شخص پر ہے جو انکار کرے۔

عدالت میں جھوٹی قسم کھانے والے کے بارے میں وعید

۳۵۸۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنِ صَبْرٍ وَّهُوَ فِيْهَا فَاجِرٌ يَّقْتَطِعُ بِهَا مَالَ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَهُوَ عَلَيْهِ غَضْبَانُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى تَصْدِيْقَ ذٰلِكَ اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص قسم کھائے کسی چیز پر مقید ہو کر (یعنی حاکم کی عدالت میں محبوس ہو کر) اور وہ اپنی قسم میں جھوٹا ہو کر اس حلف سے کسی مسلمان کا مال حاصل کرلے تو وہ قیامت کے دن خدا تعالیٰ سے اس حال میں ملاقات کرے گا کہ خدا تعالیٰ اس پر غضبناک ہوگا چنانچہ خداوند تعالیٰ نے اس کی تصدیق میں یہ آیت نازل فرمائی ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا الآخرہ۔ (بخاری و مسلم)

۳۵۸۵ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امْرِئٍ مُّسْلِمٍ بِيَمِيْنِهٖ فَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ وَّاِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيْرًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابی امامہؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص قسم کھا کر کسی مسلمان کا حق مارے اس کے لئے خدا تعالیٰ نے دوزخ کو واجب کر دیا اور جنت اس پر حرام کر دی۔ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہؐ! اگرچہ وہ کوئی معمولی چیز ہی ہو؟ فرمایا اگرچہ پیلو کے

جھوٹا دعویٰ کرنے والے کا ٹھکانہ دوزخ ہے

۳۵۹۰ وَعَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنِ ادَّعٰى مَا لَيْسَ لَهٗ فَلَيْسَ مِنَّا وَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سُنا ہے جو شخص کسی ایسی چیز کا دعویٰ کرے جو اس کی نہیں ہے پس وہ ہم میں سے نہیں ہے اور اس کو چاہئے کہ وہ اپنا ٹھکانہ دوزخ میں ڈھونڈ لے۔ (مسلم)

بہترین گواہ کون ہے!

۳۵۹۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ الشُّهَدَاءِ الَّذِيْ يَاْتِيْ بِشَهَادَتِهٖ قَبْلَ اَنْ يُّسْاَلَهَا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت زید بن خالدؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں تم کو بہترین گواہوں کا پتہ بتلا دوں۔ بہترین گواہ وہ ہیں جو دریافت کرنے سے پہلے گواہی دیں اور حق بات کہیں (مسلم)

جھوٹی گواہی دینے والوں کے بارے میں پیشین گوئی

۳۵۹۲ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ النَّاسِ قَرْنِيْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ يَجِيْءُ قَوْمٌ تَسْبِقُ شَهَادَةُ اَحَدِهِمْ يَمِيْنَهٗ وَيَمِيْنُهٗ شَهَادَتَهٗ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن مسعودؓ کہتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے بہترین لوگوں کا میرا قرن ہے پھر وہ لوگ جو ان کے متصل ہیں اور اس کے بعد وہ لوگ جو ان کے متصل ہیں۔ پھر ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو قسم سے پہلے گواہی دیں گے اور گواہی سے پہلے قسم کھائیں گے (یعنی بہترین لوگ میرے زمانہ کے لوگ ہیں (صحابہؓ) پھر ان کے بعد کے لوگ (تابعینؒ) اور پھر ان کے بعد کے (تبع تابعین) اور اس کے بعد کا زمانہ اعتبار کے قابل نہیں۔ (بخاری و مسلم)

قسم کے لئے قرعہ ڈالنے کا ذکر

۳۵۹۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَ عَلٰى قَوْمٍ الْيَمِيْنَ فَاَسْرَعُوْا فَاَمَرَ اَنْ يُّسْهَمَ بَيْنَهُمْ فِي الْيَمِيْنِ اَيُّهُمْ يَحْلِفُ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک قوم پر قسم کو پیش کیا اس قوم نے قسم کھانے میں جلدی کی۔ آپؐ نے فرمایا ان میں قرعہ ڈالا جائے کہ کون سا ان میں قسم کھائے۔ (بخاری)

فصل دوم

گواہ پیش کرنا مدعی کے ذمہ اور قسم کھانا مدعا علیہ کے ذمہ ہے۔

۳۵۹۴ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَيِّنَةُ عَلَى الْمُدَّعِيْ وَالْيَمِيْنُ عَلَى الْمُدَّعٰى عَلَيْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عمرو بن شعیبؓ اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے گواہ مدعی کے ذمہ ہیں اور قسم مدعا علیہ پر۔ (ترمذی)

اگر ایک ہی چیز کے دو مدعی ہوں تو وہ چیز ان میں تقسیم کر دی جائے

۳۵۹۵ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَجُلَيْنِ اخْتَصَمَا اِلَيْهِ فِيْ مَوَارِيْثَ لَمْ تَكُنْ لَّهُمَا بَيِّنَةٌ اِلَّا الدَّعْوٰى فَقَالَ مَنْ قَضَيْتُ لَهٗ

حضرت ام سلمہؓ ان دو شخصوں کا واقعہ بیان کرتی ہیں جو اپنا معاملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے کر حاضر ہوئے میراث کا معاملہ تھا اور دونوں میں سے کسی کا کوئی گواہ نہ تھا مگر

تِلْكَ الرُّسُلُ ٣ ١٠٤ اٰلِ عِمْرٰن ٣

مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ

مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَ ابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِهٖ ۚؐ وَ مَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا

اللّٰهُ ؔۘ وَ الرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ

وَ مَا یَذَّكَّرُ اِلَّاۤ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝۷ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ

هَدَیْتَنَا وَ هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝۸ رَبَّنَاۤ اِنَّكَ

جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۝۹

اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِیَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ

اللّٰهِ شَیْـًٔا ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ۝۱۰ۙ كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ

اَلْمَنْزِلُ الْاَوَّلُ ﴿1﴾



وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٠٩﴾

وَاصْفَحُوْا	حَتّٰى	يَاْتِيَ	اللّٰهُ	بِاَمْرِهٖ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَلٰى	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيْرٌ
اور درگزر کرو	یہاں تک کہ	لائے	اللہ	اپنا کوئی حکم	بے شک	اللہ	اوپر	ہر	چیز کے	قادر ہے

اور درگذر کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لائے بے شک اللہ ہر اپنی چاہت پر قادر ہے۔

وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ

وَ	اَقِيْمُوا	الصَّلٰوةَ	وَ	اٰتُوا	الزَّكٰوةَ	وَمَا	تُقَدِّمُوْا	لِاَنْفُسِكُمْ	مِّنْ
اور	قائم رکھو	نماز	اور	دو	زکوٰۃ	اور جو (کچھ)	آگے بھیجو گے	اپنی جانوں کیلئے	کوئی

اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اپنی جانوں کیلئے جو بھلائی آگے بھیجو گے اسے

خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿١١٠﴾ وَقَالُوْا

خَيْرٍ	تَجِدُوْهُ	عِنْدَ اللّٰهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَ	قَالُوْا
بھلائی	پاؤ گے اسے	اللہ کے یہاں	بیشک	اللہ	اسے جو	تم کرتے ہو	دیکھ رہا ہے	اور	بولے اہل کتاب

اللہ کے ہاں پاؤ گے بیشک اللہ جو کچھ تم کرتے ہو اسے دیکھ رہا ہے۔ اور (اہل کتاب)

لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ

لَنْ يَّدْخُلَ	الْجَنَّةَ	اِلَّا	مَنْ	كَانَ	هُوْدًا	اَوْ	نَصٰرٰى	تِلْكَ	اَمَانِيُّهُمْ
ہرگز داخل نہ ہوں گے	جنت (میں)	مگر	جو	ہو	یہودی	یا	نصرانی	یہ	ان کی خیال بندیاں ہیں

کہتے ہیں کہ جنت میں ہرگز کوئی بھی داخل نہیں ہوگا سوائے اس کے کہ وہ یہودی ہو یا نصرانی یہ ان کی (باطل) امیدیں ہیں

قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿١١١﴾ بَلٰى ۗ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ

قُلْ	هَاتُوْا	بُرْهَانَكُمْ	اِنْ	كُنْتُمْ	صٰدِقِيْنَ	بَلٰى	مَنْ	اَسْلَمَ	وَجْهَهٗ
فرمادو	لاؤ	اپنی دلیل	اگر	ہو تم	سچے	ہاں	جس نے	جھکایا	اپنا منہ

آپ فرمادیں کہ اگر تم (اپنے دعوے میں) سچے ہو تو اپنی (اس خواہش پر) دلیل لاؤ۔ ہاں جس نے اپنا چہرہ اللہ کیلئے جھکا

Marfat.com



بشر تھے۔ تمہارا یہ دعویٰ فاسد ہو گیا۔ کہ نبی ﷺ کو کسی نے بشر نہیں کہا۔

"محمد عمر" (۱) یہ حدیث خبر احاد سے ہے۔ قرآن شریف کے مقابلہ میں حجت نہیں ہو سکتی۔ (۲) اس کی سند میں بہت ضعف ہے چنانچہ اس سند کے رواۃ سے عبداللہ بن صالح راوی ہیں۔ ان کے متعلق لکھا گیا ہے تقریب التھذیب ص۲۰۲ عبداللہ بن صالح کثیر الغلط یعنی عبداللہ بن صالح بہت غلط روائتیں بیان کرتا ہے۔ جو اس کی کتاب میں ثابت ہیں۔

تہذیب التہذیب جلد ۵ ص۲۵۶۔۲۵۷ عبداللہ بن صالح لَیْسَ هُوَ بشیء عبداللہ بن صالح کچھ نہیں۔ انّهٗ کان یَکْذِبُ فی الْحَدِیْث علامہ ذہبی نے فرمایا۔ کہ عبداللہ بن صالح حدیث میں جھوٹ بولتا ہے قال احمد بن صالح لَیْسَ بشیء احمد بن صالح نے بھی کہا۔ کہ عبداللہ بن صالح کچھ نہیں وقال النّسائی لَیْس بثقة امام نسائی نے فرمایا کہ عبداللہ بن صالح مضبوط راوی نہیں ہے۔ ابن مریم سے روایت ہے۔ کہ یہ جھوٹا ہے۔ اہل حدیث بننے کا دعویٰ کرنے والو۔ ایسی کچی بات احناف کے سامنے پھر زبان پر نہ لانا۔

(۹) مائدہ ۲۶/۳ } قدجاء کُمْ مِنَ اللّٰہِ نُوْرٌ وَ کتابٌ مُبِیْنٌ

(تحقیق اے لوگو تمہاری طرف اللہ کی طرف سے نور آیا ہے اور کتاب بیان کرنے والے)

اس آیہ کریمہ میں واؤ مغائرۃ کی لاکر نور اور کتاب مبین کو علیحدہ علیحدہ دو چیزوں کا ذکر فرمایا۔ نور سے مراد نبی ﷺ ہیں اور کتاب مبین سے مراد قرآن مجید ہے اللہ کی طرف سے ہمارے پاس یہی دونوں چیزیں آئی ہیں۔ اس واسطے اللہ نے دونوں کا ذکر فرمایا۔ نور کو کتاب مبین پر مقدم فرمایا تا کہ جس کو نبی ﷺ کے نور ہونے میں شک ہو تو اس کے واسطے کتاب بیان کرنے والی موجود ہے۔ (۲) اگر نبی ﷺ کا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ (پ۲۵ الجاثیہ)

مقیاسُ الحنفیّت

جُنید زمان پیر طریقت مناظرِ اعظم

ابو عبدالوہاب مولانا محمد عمر صدیقی علیہ الرحمہ

المقیاس پبلشرز

۴۔ دربار مارکیٹ لاہور

''عقائد کے مسائل قیاسی نہیں ہوتے جو قیاس سے ثابت ہو جائیں بلکہ قطعی ہوتے ہیں اور قطعیات نصوص سے ثابت ہوتے ہیں۔ یہاں نصوص ہیں۔ لہٰذا اسکا اثبات اس وقت قابل التفات ہوگا۔ جب مؤلف قطعیات سے اس کو ثابت کرے گا اور اعتقادیات میں قطعیات کا اعتبار ہوتا ہے۔ نہ ظنیاتِ صحاح کا۔ احادِ صحاح بھی معتبر نہیں چنانچہ فن اصول میں مبرہن ہے۔''

اس عبارت پر وہابیہ کا حال کھل کر سامنے آگیا ہے اور حق واضح ہو گیا ہے ہم دعویٰ سے کہتے ہیں کہ گنگوہ کے وہابی دیوبندی دہلی اور دیوبند کے وہابیہ اور دوسرے بے ادب نا مہذب گنوار سب کے سب مل کر ایک نص ایسی لے آئیں جس کی دلالت قطعی ہو اور افادہ یقینی ہو۔ اور ثبوت جزمی جیسے قرآن پاک کی آیت یا متواتر حدیث جو یقینی قطعی حکم کرتی ہے کہ تمامی نزول کے بعد بھی کوئی واقعہ حضور ﷺ کی ذات بابرکات پر مخفی رہا ہو۔ یا حضور ﷺ کو معلوم ہی نہ ہوا ہو یہ علیحدہ بات ہے حضور ﷺ کو معلوم تو تھا مگر آپ نے بیان نہ فرمایا ہو۔ کیونکہ حضور ﷺ کے پاس ایسے ہزاروں لاکھوں علم ہیں جو حضور ﷺ کو معلوم تھے مگر ان کے اظہار کا حکم نہ تھا۔ ہو سکتا ہے کہ بعض علوم ذہن سے اُتر گئے ہوں۔ مگر آپ کی توجہ مبارکہ کسی اہم اور اعظم امر پر مبذول ہو۔ ذہن سے اُترنا علم کی نفی نہیں ہے بلکہ اہم علوم کی طرف متوجہ ہونے کی دلیل ہے۔

ہم وہابیۂ ہند سے کہتے ہیں کہ ایسی کوئی برہان کوئی دلیل لاؤ جو حضور ﷺ کے علم کی نفی کرتی ہو۔ اگر تم سچے ہو تو آگے آؤ۔ اگر اب تک ایسی برہان نہیں لا سکے تو ہم کہہ دیتے ہیں کہ تم کبھی نہیں لا سکو گے۔ تو جان لو اللہ دغابازوں کو کبھی اجازت نہیں دیتا کہ وہ مکر کرتے جائیں اور لوگوں کو گمراہ کرتے پھریں۔

صُحُفٌ مُّطَهَّرَةٌ فِيهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ

للہ الحمد ہر آں چیز کہ خاطر میخواست
آخر آمد ز پس پردۂ تقدیر پدید

یعنی

اُردو ترجمہ

مکتوباتِ امامِ ربانی

حضرت مجدد الف ثانی الشیخ احمد سرہندی قدس سرہٗ

دفتر اول ــــــ حصہ اول

تصحیح و حواشی و ترجمہ

مولانا محمد سعید احمد صاحب نقشبندی
خطیب و امام مسجد حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ لاہور

ناشر
مدینہ پبلشنگ کمپنی بندر روڈ کراچی

صحیح ہونے کی صورت میں تجلی ذاتی برقی کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے۔ اور وہ تجلی جس جناب قدس خداوندی جل سلطانہ کی طرف عروج کرنے کو مستلزم نہیں۔ بلکہ یہ تجلی اس جانب سے ہے۔ متجلی لہ کا اس میں کچھ دخل نہیں۔ یہ تجلی معشوق کے عاشق میں سیر کرنے کی مانند ہے۔ عاشق کو سیر کرنے سے میسر ہو چکا ہے۔ ع

آئینہ صورت از سفر دور است — کاں پذیرائے صورت از نور است

صورت کا آئینہ سفر کے اعتبار سے دور ہے لیکن اپنی نورانیت کی وجہ سے صورت کو قبول کرتا اور اپنی طرف کھینچتا ہے۔

جاننا چاہیے کہ خلق کی طرف رجوع کرنے کی صورت میں زائل شدہ حجابات پھر واپس عود نہیں کرتے۔ بے پردگی کے باوجود اسے مخلوق کے ساتھ مشغول کیا گیا ہے اور مخلوقات کی فلاح و نجات اس کے ساتھ مربوط کر دی گئی ہے۔ ان بزرگوں کی مثال اس شخص کی سی ہے جو بادشاہ سے کمال قرب رکھتا ہو اور بادشاہ اور اس کے درمیان کوئی معنوی اور صوری حجاب حائل نہ ہو۔ اس کے باوجود اسے صاحب حاجت لوگوں کی خدمات پر مامور کیا گیا ہو۔ یہ مبتدی اور منتہی مرجوع (مخلوق کی طرف لوٹائے گئے) کے درمیان ایک فرق ہے کیونکہ مبتدی صاحب حجابات ہے لیکن منتہی کے آگے سے سب حجابات اٹھ چکے ہیں۔

آپ پر اور تمام متبعین ہدایت پر سلامتی کا نزول ہو۔

مکتوب نمبر (۱۰۰)

ملا حسن کشمیری کی طرف صادر فرمایا۔

ان کے اس سوال کے جواب میں جو انہوں نے کیا تھا کہ شیخ عبدالکبیر یمنی نے فرمایا ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ عالم الغیب نہیں ہے۔

آپ کے التفات نامہ گرامی نے مشرف فرمایا جو آپ نے کرم نوازی کے طور پر تحریر فرمایا تھا آپ نے لکھا تھا کہ شیخ عبدالکبیر یمنی نے کہا ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ عالم الغیب نہیں ہے۔

مخدوم گرامی! فقیر اس طرح کی باتیں سننے کی تاب نہیں رکھتا۔ میری رگ فاروقی بے اختیار حرکت میں آتی ہے۔ اور اس طرح کی باتوں کی تاویل و توجیہ کی فرصت نہیں دیتی۔ چاہے ایسی باتوں کا قائل

شیخ عبدالکبیر یمنی ہو یا شیخ اکبر شامی۔ محمد عربی علیہ وعلیٰ آلہ الصلوٰۃ والسلام کا کلام درکار ہے نہ کہ محی الدین ابن عربی اور صدرالدین قونوی یا عبدالرزاق کاشی کا کلام۔ ہمیں نص کے ساتھ کام ہے فص کے ساتھ نہیں۔ فتوحات مدنیہ نے ہمیں فتوحات مکیہ سے بے نیاز کر رکھا ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے کلام مجید میں علم غیب کے ساتھ اپنی صفت کرتا ہے اور اپنے آپ کو عالم الغیب فرماتا ہے۔ اس ذات سبحانہ سے علم غیب کی نفی کرنا بہت قبیح اور برا ہے۔ اور فی الحقیقت حق سبحانہ وتعالیٰ کی تکذیب ہے۔ عیب کا کوئی اور معنی کرنا بھی اس برائی سے نہیں نکال سکتا۔

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ أَفْوَاهِهِمْ — ان کے منہ سے بہت بڑا کلمہ نکل رہا ہے۔

کاش میں سمجھتا کہ انہیں اس طرح کے صریح خلاف شریعت کلمات زبان پر لانے پر کون سی چیز ابھار رہی ہے۔

منصور اگر انا الحق کہے اور بسطامی سبحانی کا نعرہ لگائے تو یہ حضرات معذور ہیں اور غلبۂ احوال کے تحت مغلوب ہیں۔ لیکن اس طرح کا کلام احوال میں سے نہیں علم سے تعلق رکھتا ہے اور تاویل کا متقاضی ہے۔ اس طرح کی باتوں کو معذوری پر محمول نہیں کیا جا سکتا۔ اور یہاں کوئی تاویل بھی قابل قبول نہیں ہو سکتی کیونکہ صرف اہل سکر کا کلام کسی تاویل پر محمول کیا جاتا اور ظاہر معنی سے پھیرا جاتا ہے۔ اور اگر اس کلام کے متکلم کا اس طرح کے کلام کے اظہار سے مقصود خلق کی ملامت اور ان کی نفرت ہے تو یہ بھی برا اور قبیح ہے مخلوق کی ملامت حاصل کرنے کے اور بہت سے راستے ہیں۔ کیا ضرورت ہے کہ انسان اپنی ملامت کے لیے اپنے آپ کو کفر کی حد تک پہنچا دے۔ اور جب کہ آپ نے اس کلام کی تاویل کے متعلق کہا اور استفسار فرمایا ہے تو سوال کا جواب دینا چاہیے کہ مطابق مجبوراً اس باب میں کچھ عرض کرتا ہے۔ اور غیب کا علم اللہ سبحانہ ہی کو ہے۔

اس کی ایک تاویل تو یہ کی گئی ہے کہ غیب معدوم ہے، اور علم معدوم کے ساتھ متعلق نہیں ہو سکتا۔ یعنی جب کہ غیب حق سبحانہ کی نسبت سے معدوم مطلق اور لاشے محض ہے تو علم کے اس کے ساتھ متعلق ہونے کے کوئی معنی نہیں۔ کیونکہ صرف معلومیت اسے مطلق علومیت و لاشیئیت محض سے باہر نہیں نکال سکتی۔ جس طرح یہ کہنا درست نہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے شریک کا عالم ہے۔ کیونکہ اس ذات تعالیٰ و تقدس کا شریک اصلاً موجود نہیں اور لاشے محض ہے۔ ہاں مفہوم غیب اور مفہوم شریک کا تصور ہو سکتا ہے لیکن ہمارا یہ کلام شریک اور غیب کے مصداق میں ہے نہ ان کے مفہوم میں۔

اور یہی حال ہے ان تمام محالات کا جن کا مفہوم تو ممکن التصور ہے اور ان کے مصداق ممتنع التصور

جملہ حقوق بحق مفتی اقتدار احمد خان محفوظ ہیں۔

۷۸۶
۹۲

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب نافع شیخ و شاب مفید عاقل موقظ غافل

مسمّٰی بہ

جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ

المعروف

فیصلہ مسائل

(جلد اول)

اضافات جدیدہ و ضمیمہ عجیبہ کے ساتھ

جس میں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہایت محققانہ مدلل فیصلہ کر دیا گیا ہے

مصنفہ

حضرت حکیم الامت مولانا المفتی الحاج احمد یار خاں صاحب اوجھانوی بدایونی مدظلہ
سرپرست مدرسہ غوثیہ گجرات پاکستان

باہتمام
محمد اقتدار خاں عرف مصطفٰے میاں

ناشر:۔ مفتی اقتدار احمد خان مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مقدمہ

چونکہ اس کتاب میں ہر مسئلہ کے متعلق قرآنی آیات پیش کی جاویں گی۔ اور اُن آیات کی تفسیر بھی بیان ہوگی۔ اس لیے تفسیر قرآن کے متعلق حسب ذیل باتیں لحاظ میں رکھنا ضروری ہیں۔

ایک تو ہے قرآن کی تفسیر، دوسری قرآن کی تاویل۔ تیسری قرآن کی تحریف، ان کی علیحدہ علیحدہ تعریفیں ہیں اور علیحدہ علیحدہ احکام۔

(۱) قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے کرنا حرام ہے۔ بلکہ اس کے لیے نقل کی ضرورت ہے قرآن کی جائز تاویل اپنے علم و معرفت سے کرنا جائز اور باعثِ ثواب ہے۔ قرآن پاک کی تحریف کرنا کفر ہے۔

تفسیر۔ قرآن کریم کے وہ احوال بیان کرنا ہیں جو عقل سے معلوم نہ ہو سکیں۔ ان میں نقل کی ضرورت ہو جیسے آیات کا شانِ نزول یا آیات کا ناسخ و منسوخ ہونا۔ اگر کوئی شخص بغیر حوالہ نقل اپنی رائے سے کہدے کہ فلاں آیت منسوخ ہے یا فلاں آیت کا یہ شان نزول ہے تو معتبر نہیں۔ بلکہ کہنے والا گنہگار ہے۔

(۱) مشکوٰۃ کتاب العلم فصل دوم میں ہے۔

مَنْ قَالَ فِي الْقُرْآنِ بِرَأْيِهِ فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ۔	جو شخص قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہے وہ اپنی جگہ جہنم میں بنائے۔
(مشکوٰۃ میں اسی جگہ ہے) مَنْ قَالَ فِي الْقُرْآنِ	جس شخص نے قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہا پس

اب تفسیر قرآن کے چند مرتبے ہیں۔ تفسیر بالقرآن۔ یہ سب سے مقدم ہے۔ اس کے بعد تفسیر قرآن بالاحادیث۔ کیونکہ حضور علیہ السلام صاحب قرآن ہیں۔ ان کی تفسیر قرآن نہایت ہی اعلیٰ۔ پھر قرآن کی تفسیر صحابہ کرام کے قول سے خصوصاً فقہاء صحابہ اور خلفائے راشدین کی تفسیر۔

رہی تفسیر قرآن تابعین یا تبع تابعین کے قول سے۔ یہ اگر روایت سے ہے تو معتبر ورنہ غیر معتبر ماخوذ از اعلاء کلمۃ اللہ للعلامہ گولڑوی قدس سرہٗ۔

(۲) تاویل قرآن یہ ہے کہ آیاتِ قرآنیہ کے مضامین اور اس کی باریکیاں بیان کرے۔ اور صرفی دعوی

چوتھی فصل: جب علم غیب کا منکر اپنے دعوے پر دلائل قائم کرے تو چار باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے ہے (ازاحۃ الغیب صفحہ ۴)

(۱) وہ آیت قطعی الدلالت ہو جس کے معنی میں چند احتمال نہ نکل سکتے ہوں اور حدیث ہو تو متواتر ہو۔

(۲) اس آیت یا حدیث سے علم عطائی کی نفی ہو کہ ہم نے نہیں دیا۔ یا حضور علیہ السلام فرماویں مجھکو یہ علم نہیں دیا گیا۔

(۳) صرف کسی بات کا ظاہر نہ فرمانا کافی نہیں ممکن ہے کہ حضور علیہ السلام کو علم تو ہو مگر کسی مصلحت سے ظاہر نہ کیا ہو اسی طرح حضور علیہ السلام کا یہ فرمانا کہ خدا ہی جانے اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا یا مجھے کیا معلوم وغیرہ کافی نہیں کہ یہ کلمات کبھی علم ذاتی کی نفی اور مخاطب کو خاموش کرنے کے لیئے ہوتے ہیں۔

(۴) جس کے لیئے علم کی نفی کی گئی ہو وہ واقعہ ہو اور قیامت تک کا ہو ورنہ کل صفات الٰہیہ اور بعد قیامت کے تمام واقعات کے علم کا ہم بھی دعوے نہیں کرتے یہ چار فصلیں خوب خیال میں رکھی جائیں۔

پہلا باب

علم غیب کے ثبوت کے بیان میں

اس میں چھ فصلیں ہیں۔ پہلی فصل میں آیات قرآنیہ سے ثبوت۔ دوسری میں احادیث سے ثبوت تیسری میں احادیث کے شارحین کے۔ چوتھی میں علمائے امت اور فقہا کے اقوال۔ پانچویں میں خود منکرین کی کتابوں سے ثبوت۔ چھٹی میں عقلی دلائل اولیاء اللہ کے علم غیب کا بیان۔

پہلی فصل آیات قرآنیہ میں۔

(۱) وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ۔

اور اللہ تعالےٰ نے آدم کو تمام اشیاء کے نام سکھائے پھر سب اشیاء ملائکہ پر پیش کیں۔

تفسیر مدارک میں اسی آیت کے ماتحت ہے۔

وَمَعْنٰى تَعْلِيْمِهٖ اَسْمَآءَ الْمُسَمَّيَاتِ اَنَّهٗ تَعَالٰى اَرَاهُ الْاَجْنَاسَ الَّتِىْ خَلَقَهَا وَعَلَّمَهٗ اَنَّ هٰذَا اِسْمُهٗ فَرَسٌ وَهٰذَا اِسْمُهٗ

حضرت آدم علیہ السلام کو تمام چیزوں کے نام بتانے کے معنی یہ ہیں کہ رب تعالیٰ نے انکو وہ تمام جنسیں دکھا دیں جس کو پیدا کیا ہے اور انکو بتایا کہ اس کا نام گھوڑا

جملہ حقوق بحق مفتی اقتدار احمد خان محفوظ ہیں۔

۷۸۶
۹۲

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب نافع شیخ وشاب مفید عاقل موقظ غافل

مسمّٰی بہ

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ

المعروف

فیصلہ مسائل

(جلد اول)

اضافات جدیدہ وضمیمہ عجیبہ کے ساتھ

جس میں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہایت محققانہ مدلل فیصلہ کردیا گیا ہے

مُصنّفہ

حضرت حکیم الامت مولٰنا المفتی الحاج احمد یار خاں صاحب اوجھانوی بدایونی مدظلہ
سرپرست مدرسہ غوثیہ گجرات پاکستان

باہتمام
محمد اقتدار خاں عرف مصطفےٰ میاں

ناشر: مفتی اقتدار احمد خان مالک نعیمی کتب خانہ گجرات



میں سندِ صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے اور اس کی سند میں ابراہیم بن محمد نام کا جو راوی ہے وہ الفزاری ہے نہ کہ الاسلمی اور جرح اور طعن جس راوی کے بارے میں سرفراز صاحب نے پیش کی ہے وہ درحقیقت ابراہیم بن محمد اسلمی ہے اور سندِ حدیث میں جو راوی ہے وہ ابراہیم بن محمد فزاری ہے اور اگر ضد و عناد کی بنا پر اس راوی کو اسلمی ہی قرار دیا جائے پھر بھی کوئی مضائقہ نہیں ہے کیونکہ امام شافعی جیسے صاحبِ فن اور دوسرے ائمہ حدیث نے اس کی تعدیل بھی کی ہے اس لئے یہ جرح صحتِ حدیث کے لئے مضر نہیں ہے اور اگر بالفرض یہ راوی ضعیف بھی ہو تو کیا حرج ہے کیونکہ حدیثِ ضعیف سے مستحب سے لے کر واجب تک تمام احکام ثابت ہو جاتے ہیں۔

حدیث ابن الزبیر پر عقلی اعتراض کا جواب

غالباً سرفراز صاحب کو بھی یقین تھا کہ ابراہیم بن محمد پر جرح کے سلسلہ میں انہوں نے جو مغالطہ دیا ہے وہ قائم نہیں رہ سکے گا اور اس سلسلہ میں انہوں نے الفاظ و معانی کی جو عمارت قائم کی ہے وہ جھاگ کی طرح بیٹھ جائے گی چنانچہ وہ پینترا بدلتے ہوئے لکھتے ہیں :۔

" اگر بالفرض اس روایت کو صحیح بھی تسلیم کر لیا جائے تو اس کا وہی جواب کافی ہے جو حضرت امام شافعی نے دیا ہے کہ برائے تعلیم تھوڑا عرصہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے باوازِ بلند سے پڑھا نہ یہ کہ اس پر مداومت فرمائی اور حضرت امام شافعی کے حوالے سے یہی جواب شراحِ حدیث اور حضرات فقہاء اسلام نے نقل کیا ہے " ؎

الجواب

حضرت امام شافعی فنِ حدیث کے ایک جلیل القدر امام ہیں اور روایت پر جرح و تعدیل کے سلسلہ میں ان کی رائے یقیناً وقعت اور اہمیت کی حامل ہے لیکن حدیثِ رسول

کے مقابلہ میں جب وہ کوئی بات محض اپنی رائے سے کہیں گے تو اس کا کوئی وزن نہیں ہوگا۔

سرفراز صاحب ! امام شافعی تو بہت دور کی چیز ہیں اگر حدیثِ رسول کے خلاف صحابہ بھی کوئی بات محض اپنی رائے سے کہیں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ ابی وامی) کے مقابلہ میں ان کی رائے کا بھی کوئی اعتبار نہیں ہوگا۔

کس قدر حیرت کی بات ہے کہ جرح و تعدیل جو امام شافعی کا میدان ہے وہاں تو سرفراز صاحب امام شافعی کی رائے کو اجتہادی غلطی قرار دیتے ہیں اور جہاں حدیث اور عہدِ رسالت کے معمول کے خلاف ان کی رائے کو جو فی الحقیقت ان کی اجتہادی غلطی ہے نہ صرف خود مان رہے ہیں بلکہ دوسروں سے بھی بہ زور منوانا چاہتے ہیں۔

بہرحال لکم دینکم ولی دین ! لیکن سب آپ کے لئے امام شافعی کی رائے کافی ہو لیکن ہم دامنِ رسالت کو چھوڑ کر کہاں جائیں اور جا بھی کہاں سکتے ہیں ؟ ؎

نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیثِ خواب گویم
چوں غلامِ آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم

حدیث قدسی

بخاری اور مسلم میں ایک حدیث قدسی ہے جسے مشکوٰۃ نے نقل کیا ہے :۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ تعالیٰ انا عند ظن عبدی بی وانا معہ اذا ذکرنی فی نفسہ ذکرتہ فی نفسی وان ذکرنی فی ملاءٍ ذکرتہ فی ملاءٍ خیر منہم ؎

" حضرت ابوہریرہ روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں اور جب وہ میرا ذکر کرتا ہے تو میں اس کے ساتھ ہوتا ہوں، اگر وہ تنہا میرا ذکر کرے تو

؎ مشکوٰۃ شریف ، ص ۱۹۶۔

جملہ حقوق بحق مفتی اقتدار احمد خان محفوظ ہیں۔

۷۸۶
۹۲

وَرَفَعۡنَا لَکَ ذِکۡرَکَ کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذکر ہے اُونچا تیرا

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب نافع شیخ وشاب مفید عاقل موقظ غافل

مسمّٰی بہ

جَآءَ الۡحَقُّ وَزَهَقَ الۡبَاطِلُ

المعروف

فیصلہ مسائل

(جلد اول)

اضافات جدیدہ وضمیمہ عجیبہ کے ساتھ

جس میں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہایت محققانہ مدلل فیصلہ کر دیا گیا ہے

مُصنّفہ

حضرت حکیم الامت مولٰنا المفتی الحاج احمد یار خاں صاحب اوجھانوی بدایونی مدظلہ
سرپرست مدرسہ غوثیہ گجرات پاکستان

باھتمام
محمد اقتدار خاں عرف مصطفٰے میاں

ناشر: مفتی اقتدار احمد خان مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

حَلٰلًا طَيِّبًا وہ مال کھاؤ حلال طیب، معلوم ہوا کہ خطاء اجتہادی پر کوئی پکڑ نہیں۔

خاتمہ قیاس کی بحث

شریعت کے دلائل چار ہیں، قرآن، حدیث، اجماع اُمت اور قیاس، اجماع کے دلائل تو ہم بیان کر چکے ہیں کہ قرآن کا بھی حکم ہے اور حدیث کا بھی کہ عام جماعت مسلمین کے ساتھ رہو۔ جو اس سے علیحدہ ہوا وہ جہنمی ہے۔

قیاس کے معنی لغت میں اندازہ لگانا اور شریعت میں کسی فرعی مسئلہ کو اصل مسئلہ سے علت اور حکم میں ملا دینا یعنی ایک مسئلہ ایسا درپیش آگیا۔ جس کا ثبوت قرآن وحدیث میں نہیں ملتا تو اس کی مثل کوئی وہ مسئلہ لیا جو قرآن وحدیث میں ہے اس کے حکم کی علت معلوم کر کے کہا کہ چونکہ وہ علت یہاں بھی ہے لہٰذا اس کا یہ حکم ہے جیسے کسی نے پوچھا کہ عورت کے ساتھ اغلام کرنا کیسا ہے؟ ہم نے جواب دیا کہ حالت حیض میں عورت سے جماع حرام ہے کیوں؟ پلیدی کی وجہ سے۔ اور اس میں بھی پلیدی ہے لہٰذا یہ بھی حرام ہے۔ کسی نے پوچھا کہ جس عورت سے کسی کے باپ نے زنا کیا۔ وہ اس کے لیے حلال ہے۔ یا نہیں؟ ہم نے کہا کہ جس عورت سے کسی کا باپ نکاح کرے وہ بیٹے کو حرام ہے۔ وطی یا جزئیت کی وجہ سے لہٰذا یہ عورت بھی حرام ہے۔ اس کو قیاس کہتے ہیں۔ مگر شرط یہ ہے کہ قیاس کرنیوالا مجتہد ہو ہر کس وناکس کا قیاس معتبر نہیں۔ قیاس اصل میں حکم شریعت کو ظاہر کرنیوالا ہے خود مستقل حکم نہیں۔ یعنی قرآن وحدیث کا حکم ہوتا ہے مگر قیاس اسے یہاں ظاہر کرتا ہے قیاس کا ثبوت قرآن وحدیث وافعال صحابہ سے ہے۔ قرآن فرماتا ہے۔

فَاعۡتَبِرُوۡا يٰۤاُولِى الۡاَبۡصَارِ	تو عبرت لو اے نگاہ والو۔

یعنی کفار کے حال پر اپنے کو قیاس کرو کہ اگر تم نے ایسی حرکات کیں تو تمہارا بھی یہی حال ہوگا۔

نیز قرآن نے قیامت کے ہونے کو نیند پر اسی طرح کھیتی کے خشک ہو کر سرسبز ہونے پر قیاس فرما کر بتایا ہے۔ اول سے آخر تک کفار کی مثالیں بیان فرمائی ہیں یہ بھی قیاس ہے۔ بخاری کتاب الاعتصام میں ایک باب باندھا

بَابُ مَنۡ شَبَّهَ اَصۡلًا مَعۡلُوۡمًا بِاَصۡلٍ مُبَيَّنٍ قَدۡ بَيَّنَ اللّٰهُ حُكۡمَهُمَا لِيُفۡهِمَ بِهِ السَّائِلُ	جو کسی قاعدہ معلومہ کو ایسے قاعدے سے تشبیہ دے جس کا حکم خدا نے بیان فرما دیا ہے تاکہ سائل اس سے سمجھ لے۔

اس میں ایک حدیث نقل کی۔ جس میں حضور علیہ السلام نے ایک عورت کو قیاس سے حکم فرمایا۔

اِنَّ امۡرَاَةً جَآءَتۡ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ	ایک عورت حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئی

مجموعة

رسائل ابن عابدين

للعلامة المحقق والفهامة المدقق

السيد محمد امين افندي الشهير بابن عابدين رحمه الله

الجزء الثاني

عليه وسلم انه قال في حق عمر رضي الله تعالى عنه انه من المحدثين الملهمين • وفي رسالة القشيري وعوارف السهروردي وغيرهما من كتب القوم وغيرهم ما لا يحصى من القضايا التي فيها اخبار الاولياء بالمغيبات ثم ذكر جملة من ذلك • الى ان قال ولا ينافي الآيتان المذكورتان في السؤال لان علم الانبياء والاولياء انما هو باعلام من الله تعالى لهم وعلمنا بذلك انما هو باعلامهم لنا وهذا غير علم الله تعالى الذي تفرد به وهو صفة من صفاته القديمة الازلية الدائمة الابدية المنزهة عن التغيير وسمات الحدوث والنقص المشاركة والانقسام بل هو علم واحد علم به جميع المعلومات كلياتها وجزئياتها ما كان منها وما يكون ليس بضروري ولا كسبي ولا حادث بخلاف علم سائر الخلق • اذا تقرر ذلك فعلم الله تعالى المذكور هو الذي تمدح به واخبر في الآيتين المذكورتين بانه لا يشاركه فيه احد فلا يعلم الغيب الا هو وما سواه ان علموا جزئيات منه فهو باعلامه واطلاعه لهم • وح لا يطلق انهم يعلمون الغيب اذ لا صفة لهم يقتدرون بها على الاستقلال بعلمه وايضا هم ما علموا وانما علموا ❁ وايضا ما علموا غيبا مطلقا لان من اعلم بشيء منه يشاركه فيه الملائكة ونظراؤه ممن اطلع ❁ ثم اعلام الله تعالى للانبياء والاولياء ببعض الغيوب ممن لا يستلزم محالا بوجه فانكار وقوعه عناد ❁ ومن البداهة انه لا يؤدي الى مشاركتهم له تعالى فيما تفرد به من العلم الذي تمدح به واتصف به في الازل وما لا يزال ❁ وما ذكرناه في الآية صرح به النووي رحمه الله تعالى في فتاواه فقال معناها لا يعلم ذلك استقلالا وعلم احاطة بكل المعلومات الا الله واما المعجزات والكرامات فباعلام الله تعالى لهم علمت وكذا ما علم باجراء العادة انتهى (قلت) ومثل هذا ما ذكره العلامة المفتي ابو السعود افندي في تفسير قوله تعالى عالم الغيب فلا يظهر على غيبه احدا حيث قال والفاء لترتيب عدم الاظهار على تفرده تعالى بعلم الغيب على الاطلاق اى فلا يطلع على غيبه اطلاعا كاملا ينكشف به جلية الحال انكشافا تاما موجبا لعين اليقين احدا من خلقه الا من ارتضى من رسول اى الا رسولا ارتضاه لاظهاره على بعض غيوبه المتعلقة برسالته كما يعرب عنه بيان من ارتضى بالرسول تعلقا اما لكونه من مبادي رسالته بان يكون معجزة دالة على صحتها واما لكونه من اركانها واحكامها كعامة التكاليف الشرعية التي امر بها المكلفون وكيفيات اعمالهم واجزيتها المترتبة عليها في الآخرة وما تتوقف هي عليه من احوال الآخرة التي بيانها من وظائف الرسالة ❁ واما ما لا يتعلق بها على احد الوجهين من الغيوب التي من جملتها وقت قيام الساعة فلا يظهر عليه احدا ابدا على ان بيان وقته مخل بالحكمة التشريعية التي يدور عليها

تفسیر مدارک للنسفی اردو

مدارک التنزیل وحقائق التاویل

جلد دوم

(پارہ 11 تا 20)

تالیف:

ابی البرکات عبد اللہ بن احمد بن محمود النسفی

(ت ۷۱۰ھ)

حققہ وخرج احادیثہ
یوسف علی بدیوی

اعدہ وقدم لہ
محی الدین دیب مستو

مترجم
استاذ التفسیر والحدیث مولانا شمس الدین مدظلہ

فقہ حنفی کی مشہور تفسیر کا مستند اردو ترجمہ جس میں الفاظ قرآنی کی لغوی وشرعی تشریح کی گئی ہے۔ ہر آیت کے بارے میں قرا کرام کے اقوال عربی ضرب الامثال کا ذکر۔ ملحدین کے اعتراضات کے جوابات اور احکام قرآنی کا فقہی استنباط اور متقدمین کے اقوال سے استدلال ہے۔

مکتبۃ العلم
۱۸۔ اردو بازار لاہور پاکستان
Ph: 37211788 - 37231788

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَمَا يَشْعُرُوْنَ

آپ فرما دیجئے کہ آسمانوں میں اور زمینوں میں جو بھی چیزیں موجود ہیں ان میں سے کوئی بھی غیب کو نہیں جانتا سوائے اللہ تعالیٰ کے، اور یہ لوگ علم نہیں رکھتے

اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝۶۵ بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۣ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْهَا ۣ

کہ کب زندہ کئے جائیں گے۔ بلکہ بات یہ ہے کہ آخرت کے بارے میں ان کا علم نیست ونابود ہو گیا، بلکہ یہ لوگ اس کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں،

۵ع۸

بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ۝۶۶

بلکہ یہ اس کی طرف سے اندھے ہیں،

۶۵: قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ (آپ کہہ دیں آسمانوں اور زمین میں جو بھی ہے کوئی غیب کو سوائے اللہ تعالیٰ کے نہیں جانتا)۔ نحو: مَنْ يَعْلَمُ کا فاعل ہے۔ الغیب مفعول ہے۔ اللّٰہ یہ مَن سے بدل ہے۔ الغیب۔ هو مالم يقم عليه دليل اطلع عليه مخلوق۔ وہ جس کے ثبوت پر کوئی دلیل قائم نہ ہو اور نہ اس کی اطلاع مخلوق کو ہو۔ مطلب یہ ہے۔ لا يعلم احدٌ الغيب الا الله کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی غیب کو نہیں جانتا۔ ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اس سے بلند و بالا ہے۔ کہ وہ ان میں سے ہو جو آسمان و زمین میں ہیں۔ لیکن بنی تمیم کی لغت کے مطابق آیا ہے۔ کہ مستثنیٰ منقطع کو متصل کی جگہ لاتے ہیں اور مستثنیٰ منقطع میں نصب و بدل کو جائز قرار دیتے ہیں۔ جیسا کہ متصل میں ہوتا ہے اور وہ بولتے ہیں۔ مالی الدار احدٌ الاحمار۔

فرمان عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا:

جس کا یہ گمان ہو کہ وہ کل کی بات جانتا ہے۔ اس نے اللہ تعالیٰ پر بہت بڑا بہتان باندھا۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا: قل لا يعلم من في السموٰت والارض الغيب الا الله۔

ایک قول یہ ہے:

یہ آیت ان مشرکین کے متعلق اتری جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کا وقت دریافت کیا۔ وَمَا يَشْعُرُوْنَ (اور وہ نہیں جانتے)۔ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ کہ (ان کو کب اٹھایا جائے گا)۔

۶۶: بَلِ ادّٰرَكَ (بلکہ پورا ہو گیا)۔ قراءت: أدرك مکی بصری یزید و مفضل نے پڑھا ہے۔ اس کا معنی پورا ہوا اور مکمل ہو الیا ہے اس سورت میں ادرکت الفاکھۃ سے لیا گیا ہے یعنی پک کر تیار ہو گیا۔ اعشیٰ نے بل ادرك بروزن افتعل پڑھا ہے۔ دیگر قراء نے بل ادارك پڑھا جس کا معنی استحکم اور اس کی اصل تدارک ہے۔ تاء کو دال میں ادغام کیا گیا اور الف وصل کو بڑھا دیا تا کہ پڑھ سکیں۔ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ (ان کا علم آخرت کے متعلق)۔ آخرت اور اس کے متعلقہ چیزوں کے متعلق۔ مطلب یہ ہے کہ

۴۸۶
۹۴

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب نافع شیخ وشاب مفید عاقل موقظ غافل
مسمّٰی بہ

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ

المعروف

فیصلہ مسائل

(جلد اول)

اضافات جدیدہ وضمیمہ عجیبہ کے ساتھ

جس میں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہایت محققانہ مدلل فیصلہ کر دیا گیا ہے

مصنفہ

حضرت حکیم الامت مولانا المفتی الحاج احمد یار خاں صاحب بھانوی بدایونی مدظلہ

سرپرست مدرسہ غوثیہ گجرات پاکستان

باہتمام

محمد اقتدار خاں عرف مصطفٰے میاں

ناشر:- مفتی اقتدار احمد خان مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

ہے۔ جنہیں بلکہ جو اسلام اور مسلمانوں کے خلاف مشورے ہوں وہ شیطانی ہیں ایسے ہی یہ ہے اور جس قیاس کی برائیاں آئی ہیں۔ وہ وہ قیاس ہے جو حکم خدا کے مقابلہ میں کیا جائے جیسا کہ شیطان نے حکم سجدہ پاکر قیاس کیا اور حکم الٰہی کو رد کر دیا یہ کفر ہے۔ غیر مقلد یہ بھی کہتے ہیں کہ قرآن فرماتا ہے اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰی اِلَیَّ اِنَّمَا حصر کے لیے ہے جس سے معلوم ہوا کہ سوائے وحی کے اور کسی چیز کی پیروی نہ کی جاوے نہ اجماع کی نہ قیاس کی صرف قرآن وحدیث کی پیروی ہو مگر انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ اجماع وقیاس پر عمل بھی قرآن وحدیث پر ہی عمل ہے کہ قیاس مظہر ہے۔

آخر میں میں منکرین قیاس سے دریافت کرتا ہوں کہ جن چیزوں کی تصریح قرآن وحدیث میں نہ ملے یا بظاہر احادیث میں تعارض واقع ہو وہاں کیا کرو گے؟ مثلاً ہوائی جہاز میں نماز پڑھنا کیسی ہے اسی طرح اگر جمعہ کی نماز میں رکعت اول میں جماعت تھی۔ رکعت دوم میں جماعت پیچھے سے بھاگ گئی اب ظہر پڑھیں یا جمعہ؟ اسی طرح دیگر مسائل قیاسیہ میں کیا جواب ہوگا؟ اس لیے بہتر ہے کہ کسی امام کا دامن پکڑلو۔ اللہ توفیق دے۔

بحثِ علمِ غیب

اس میں ایک مقدمہ ہے اور دو باب اور ایک خاتمہ بنذکرمہ

مقدمہ

اس میں چند فصلیں ہیں

پہلی فصل

غیب کی تعریف اور اس کے اقسام کے بیان میں

غیب وہ چھپی ہوئی چیز ہے۔ جس کو انسان نہ تو آنکھ ناک کان وغیرہ حواس سے محسوس کر سکے اور نہ بلا دلیل بداہۃً عقل میں آسکے لہٰذا پنجاب والے کے لیے یہی غیب نہیں۔ کیونکہ وہ یا تو آنکھ سے دیکھ آیا ہے یا سن کر کہ رہا ہے کہ لاہور بھی ایک شہر ہے یہ تو حواس سے علم ہوا۔ اسی طرح کھانوں کی لذتیں اور ان کی خوشبو وغیرہ غیب نہیں کیونکہ یہ

سے محسوس ہوتی ہے۔ تو رنگت زبان وکان کے لیے غیب ہے اور آنکھ کے لیے غیب اگر کوئی اللہ کا بندہ بو اور لذت کو ان کی شکلوں میں آنکھ سے دیکھ لے وہ بھی علم غیب اضافی ہے جیسے اعمال قیامت میں مختلف شکلوں میں نظر آئیں گے۔ اگر کوئی ان شکلوں میں یہاں دیکھ لے تو یہ بھی علم غیب ہے۔ حضور غوث پاک فرماتے ہیں۔

وَمَا مِنْهَا شُهُوْرٌ اَوْ دُهُوْرٌ	تَمُرُّ وَتَنْقَضِيْ اِلَّا اَتَانِيْ

کوئی مہینہ اور کوئی زمانہ عالم میں نہیں گزرتا مگر وہ ہمارے پاس ہو کر اجازت لے کر گزرتا ہے۔

اسی طرح جو چیز فی الحال موجود نہ ہونے یا بہت دور ہونے یا اندھیرے میں ہونے کی وجہ سے نظر نہ آسکے وہ بھی غیب ہے اور اس کا جاننا علم غیب ہے جیسے حضور علیہ السلام نے آئندہ پیدا ہونے والی چیزوں کو ملاحظہ فرما لیا یا حضرت عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ نے نہاوند میں حضرت ساریہ کو مدینہ پاک سے دیکھ لیا اور ان تک اپنی آواز پہنچا دی۔ اسی طرح کوئی پنجاب میں بیٹھ کر مکہ معظمہ یا دیگر دور دراز ملکوں کو شکل کشف سے دیکھ لے [illegible]

بذریعہ آلات کے جو چھپی ہوئی چیز معلوم کی جاوے وہ علم غیب نہیں جیسا کسی آلہ کے ذریعہ سے عورت کے پیٹ کا بچہ معلوم کرتے ہیں۔ یا کہ ٹیلیفون اور ریڈیو سے دور کی آواز سن لیتے ہیں۔ اس کو علم غیب نہ کہیں گے۔ کیونکہ غیب کی تعریف میں عرض کر دیا گیا کہ جو حواس سے معلوم نہ ہو سکے۔ اور ٹیلیفون یا ریڈیو میں سے جو آواز نکلی۔ وہ آواز حواس سے معلوم ہونے کے قابل ہے آلے سے جو پیٹ کے بچہ کا حال معلوم ہوا۔ یہ بھی غیب کا علم نہ ہوا جبکہ آلہ نے اس کو ظاہر کر دیا تو اب غیب کہاں رہا۔ خلاصہ یہ کہ اگر کوئی آلہ چھپی چیز کو ظاہر کر دے۔ پھر ظاہر ہو چکنے کے بعد ہم اس کو معلوم کر لیں تو علم غیب نہیں

دوسری فصل ضروری فوائد کے بیان میں

علم غیب کے مسئلہ میں گفتگو کرنے سے پہلے یہ چند باتیں خوب خیال میں رکھی جاویں تو بہت فائدہ ہوگا اور بہت سے اعتراضات خود بخود ہی دفع ہو جائیں گے۔

(۱) نفس علم کسی چیز کا بھی برا نہیں۔ ہاں بری باتوں کا کرنا یا کرنے کے لیے سیکھنا برا ہے ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ بعض علم دوسرے علموں سے زیادہ افضل ہوں جیسے علم عقائد علم شریعت۔ علم تصوف دوسرے

جملہ حقوق بحق مفتی اقتدار احمد خان محفوظ ہیں۔

٧٨٦
٩٢

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب نافع شیخ و شاب مفید عاقل موقظ غافل

مسمّٰی بہ

جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ

المعروف

فیصلہ مسائل

(جلد اوّل)

اضافات جدیدہ و ضمیمہ عجیبہ کے ساتھ

جس میں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہایت محققانہ مدلل فیصلہ کر دیا گیا ہے

مُصنّفہ
حضرت حکیم الامت مولانا المفتی الحاج احمد یار خاں صاحب اوجھانوی بدایونی مدظلہ
سرپرست مدرسہ غوثیہ گجرات پاکستان

باھتمام
محمد اقتدار خاں عرف مصطفےٰ میاں
ناشر:- مفتی اقتدار احمد خان مالک نعیمی کُتب خانہ گجرات

تفسیر المقدوح جلیل میں اسی آیت کے ماتحت ہے۔

مَعْنَاهُ لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ بِلَا دَلِيْلٍ اِلَّا اللهُ اَوْ بِلَا تَعْلِيْمٍ اَوْ جَمِيْعَ الْغَيْبِ ۔

اس آیت کے معنے یہ ہیں کہ بغیر دلیل یا بغیر بتائے یا سارے غیب خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

تفسیر مدارک یہ ہی آیت وَالْغَيْبُ مَا لَمْ يَقُمْ عَلَيْهِ دَلِيْلٌ وَلَا اطَّلَعَ عَلَيْهِ مَخْلُوْقٌ

غیب وہ ہے جس پر کوئی دلیل نہ ہو اور کسی مخلوق کو اس پر مطلع نہ کیا گیا ہو۔

مدارک کی اس توجیہ سے معلوم ہوا کہ ان کی اصطلاح میں جو علم عطائی ہو وہ غیب ہی نہیں کہا جاتا غیب صرف ذاتی کو کہتے ہیں۔ اب کوئی اشکال ہی نہیں رہا۔ جن آیات میں غیب کی نفی ہے وہ علم ذاتی کی ہے۔ اس آیت کے کچھ آگے ہے۔ مَا مِنْ غَائِبٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ جس سے معلوم ہوا کہ ہر غیب لوح محفوظ یا قرآن میں محفوظ ہے۔

فتاوٰی امام نووی مَا مَعْنٰى قَوْلِ اللهِ لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَاَشْبَاهِهٖ ذٰلِكَ مَعَ اَنَّهٗ قَدْ عَلِمَ مَا فِيْ غَدٍ وَالْجَوَابُ مَعْنَاهُ لَا يَعْلَمُ ذٰلِكَ اِسْتِقْلَالًا وَاَمَّا الْمُعْجِزَاتُ وَالْكَرَامَاتُ فَحَصَلَتْ بِاِعْلَامِ اللهِ لَا اِسْتِقْلَالًا۔

آیت لَا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وغیرہ کے کیا معنی ہیں۔ حالانکہ حضور علیہ السلام آئندہ کی باتیں جانتے ہیں جواب اس کے معنے یہ ہیں کہ غیب کو مستقل طور پر ذاتی کوئی نہیں جانتا لیکن معجزات اور کرامات پس یہ رب کے بتانے سے حاصل ہوئے نہ کہ بالاستقلال۔

امام ابن حجر کی فتاوٰی حدیثیہ میں فرماتے ہیں۔

مَا ذَكَرْنَاهُ فِي الْاٰيَةِ صَرَّحَ بِهِ النَّوَوِيُّ فِيْ فَتَاوَاهُ فَقَالَ لَا يَعْلَمُ ذٰلِكَ اِسْتِقْلَالًا وَعِلْمَ اِحَاطَةٍ بِكُلِّ الْمَعْلُوْمَاتِ ۔

ہم نے اس آیت کے بارے میں جو کچھ کہا اسکی امام نووی نے اپنے فتاوٰی میں تصریح کی ہے انہوں نے کہا کہ غیب مستقل طور پر سارے معلومات الٰہیہ کو کوئی نہیں جانتا۔

شرح شفا خفاجی میں ہے هٰذَا لَا يُنَافِي الْاٰيٰتِ الدَّالَّةَ عَلٰى اَنَّهٗ لَا يَعْلَمُ الْغَيْبَ اِلَّا اللهُ فَاِنَّ الْمَنْفِيَّ عِلْمُهٗ مِنْ غَيْرِ وَاسِطَةٍ اَمَّا اِطِّلَاعُهٗ عَلَيْهِ بِاِعْلَامِ اللهِ فَاَمْرٌ مُّتَحَقِّقٌ ۔

یہ کلام ان آیات کے خلاف نہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ غیب خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا کیونکہ نفی بے واسطہ علم کی ہے لیکن اللہ کی تعلیم سے جاننا یہ ثابت ہے۔

اگر اس آیت کے یہ مطلب نہ لئے جاویں تو مخالفین کے بھی خلاف ہے کیونکہ وہ بھی بعض غیبوں کا علم

حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ○
وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ○ (قرآن حکیم)

اِعْلَاءُ کَلِمَةِ اللّٰه

فی بیان

وَمَا اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ

تصنیف لطیف

زبدۃ المحققین رئیس العارفین حضرت سید پیر مہر علی شاہ صاحب گیلانی قدس سرہٗ

○

بایماء

حضرت سید پیر غلام محی الدین شاہ صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ

○

باہتمام

حضرت سید پیر غلام معین الدین شاہ صاحب مدظلہ العالی

○

سوال

سلمنا کہ فرقیست بین وظاہر بین اصنام وارواح کاملہ لکن اطلاع او شان بر دعوت مستعینان و مستمدان از اقاصی و ادانی موجب ثبوت علم غیب است برائے غیر حق سبحانہ وتعالیٰ۔ وھو خلاف ما نطقت بہ النصوص قال اللہ تعالیٰ قل لا یعلم من فی السمٰوٰت والارض الغیب الا اللہ وما یشعرون ایان یبعثون وقال ایضاً۔ وعندہ مفاتح الغیب لا یعلمھا الا ھو۔ والآیات فی ھذا کثیرۃ۔

ہم مانتے ہیں کہ اصنام اور ارواح کاملین کے درمیان فرق واضح ہے لیکن ارواح کاملین کو اپنے بلانے والوں کی نداء اور استمداد پر نزدیک اور دور سے اطلاع کیسے ہو سکتی ہے۔ اگر ایسی اطلاع مان لی جائے تو لازم آئے گا کہ ارواح کاملین کو علم غیب ہو۔ حالانکہ علم غیب اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو نہیں ہوتا۔ اور اگر غیر حق کے لیے علم غیب مان لیا جائے تو یہ آیات قرآنی کے بالکل خلاف ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "فرما دیجئے جو زمین و آسمان میں ہیں غیب نہیں جانتے ہاں خدا جانتا ہے اور مخلوق کو یہ خبر بھی نہیں کہ کب زندہ کیے جائیں گے" نیز ارشاد الٰہی ہے "خدا ہی کے پاس ہیں غیب کی چابیاں جنہیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا" "اپنے غیب پر اللہ تعالیٰ کسی کو مطلع نہیں کرتا۔ مگر جسے برگزیدہ فرمائے رسولوں سے" اس سلسلہ میں اور بھی بہت سی آیات ہیں۔

www.faiz-e-nisbat.weebly.com

جواب

غیب نام چیزیست کہ از ادراک حواس ظاہرہ و باطنہ و علم ضروری و علم استدلالی غائب باشد و او مخصوص است بحق سبحانہ وتعالیٰ کما فی النصوص پس کسے کہ دعوے نماید و اراے خود کا فرست و ہمچنیں مصدق آں۔ اما خبر نبی از جہت بودن او مستفاد از وحی و از پیدا نمودن حق سبحانہ وتعالیٰ علم ضروری در و واز انکشاف حوادث بر حواس او پس نیست داخل در علم غیب۔ قال تعالیٰ لا یظھر علٰی غیبہ احدا الا من ارتضٰی من رسول۔ فکل ما اخبر بہ صلی اللہ علیہ وسلم من الغیوب لیس ھو الا عن اعلام اللہ تعالیٰ فلا ینافی الآیات الدالۃ علی انہ لا یعلم الغیب لان المنفی علمہ من غیر واسطۃ قال فی المواھب وقد اشتھر وانتشر امرہ بین اصحابہ بالاطلاع علی الغیوب حتی ان کان بعضھم یقول لصاحبہ اسکت فواللہ

پہلے غیب کے معنے بتائے جاتے ہیں۔ غیب نام ہے اس چیز کا جو حواس ظاہرہ و باطنہ کے ادراک اور علم بدیہی اور استدلالی سے غائب ہو۔ اور یہ علم حضرت حق سبحانہ کے ساتھ مختص ہے جو کہ ان آیات میں مراد ہے پس اگر اس علم غیب کا کوئی مدعی ہو اپنے نفس کے لیے یا کسی غیر کے اس قسم کے دعوے کی تصدیق کرے تو وہ کافر ہے مگر جو خبر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم دیتے ہیں وہ یا تو بذریعہ وحی حاصل ہوتی ہے یا اللہ تعالیٰ اس کا علم ضروری نبی کے اندر پیدا فرما دیتے ہیں یا نبی کی حس پر حوادث کا انکشاف فرما دیتے ہیں تو یہ علم غیب میں داخل نہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ عالم الغیب الآیۃ پس تمام وہ خبریں جو آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دی ہیں اور غیب کی باتیں بتائی ہیں وہ اللہ تعالیٰ کے اعلام اور جتانے سے بتائی ہیں ان آیات کے منافی نہیں جو دلالت کرتی ہیں کہ آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) غیب نہیں جانتے اس لیے کہ آپ

قال الله عز وجل

آتيناه رحمة من عندنا

الجزء الاول من كتاب

التفهيمات الالهية

تاليف

حجة الاسلام الشيخ قطب الدين احمد المدعو بالشاه ولي الله المحدث الدهلوي

(المتوفى سنہ ١١٧٦ھ)

صاحب "الفوز الكبير" و "البدور البازغة" و "الخير الكثير" وغيرها

سلسلة مطبوعات المجلس العلمي دابهيل (سورت) رقم ١٨

حقوق الطبع محفوظة

طبع في

مدينہ برقی پریس بجنور (یوپی)

١٣٥٥ھ

١٩٣٦ء

الى ربه تعالى مع قطع النظر عن سائر الامور،

ثم قول القائل ليس له ﷺ كمال منتظر بل الكمالات جميعها حاصلة له ﷺ

ان بحثناه من حيث العلم الظاهر، قلنا الكمال صفة يمدح بها صاحبه وكم من صفة دلت

صحاح الاحاديث على انه انما يحصل له يوم القيمة كالشفاعة والحمد بالوجه الذي ورد في الحديث

وما وعد الله له في الجنة من النعيم ولا شبهة انها كمالات وانها ليست حاصلة بالفعل بل

وعد بها فان استدل بانه لو لم يكن له شيء مما يمكن ان يكون له لزم النقص قلنا النقص

المنفي هو ان يتصف بالذنوب والعيوب كيف وقد اكمل الله له دينه وفتح له فتحا مبينا في

اخر امره مع انه لم يتصف بالنقص لا قبل هذا ولا بعده كيف والانبياء عليهم السلام فضل

الله بعضهم على بعض فالفاضل لا محالة له كمال يختص به ليس في المفضول وليس المفضول

بناقص ثم ليعلم انه يجب ان ينفي عنهم صفات الواجب جل مجده من العلم بالغيب في القدرة

على خلق العالم الى غير ذلك وليس ذلك بنقص وثبت اتصاف الانبياء عليهم السلام بالجوع

والظمأ والفقر والحاجات وامثالها وليس ذلك بنقص وعدم اتصافه ﷺ بصفات يمدح

بها الناس في بعض امورهم لثبوت ما هو اشرف وافضل منها كالخط والشعر وما يناسب

ذلك ليس بنقص وبالجملة فليس معنى النقص فقد كمال يستعد له فيما يأتي او هو من شأن

صنفه او نوعه القريب او جنسه البعيد او الموجود الاعم من الواجب والممكن بل ما يعاب به

شرعاً او عرفاً،

وان استدل بقوله تعالى اكملت لكم دينكم واتممت عليكم نعمتي قلنا اكمال الدين

ان لا ينسخ بعد ذلك حكم ولا يزاد فيه شيء ومعنى اتمام النعمة تشريفهم وتفضيلهم على

من سواهم على طريقة قوله تعالى في قصة يوسف عليه السلام ويتم نعمته عليك

انکار کرے واسطے تنزیہ کے یا ثابت کرے صفتوں کو اور بطریق تشبیہ کے کہ خالق کو مخلوق کے
ساتھ ہم رنگ کرے یا جن صفات کو شرع نے ثابت کیا ہے ساتھ تاویل باطل کے انکار ان کا کرے
مثل کلام کے اور سمع کے اور بصر کے اور رویت اور رضا کے اور غضب کے یا افعال اللہ تعالیٰ کے
تئیں مثل افعال اپنے کے غرضوں کے ساتھ بے ہوئے جانے یا اصلح یا الطف کے تئیں موافق قرار داد
عقل اپنی کے اوپر اس کے واجب پہچانے اور افعال بندہ کی طرف بندے کی نسبت کرے اور خلق
اور تاثیر اللہ تعالیٰ کی سے ان فعلوں میں منکر ہو یا بندہ کو مثل پتھر کے بے دخل اعتقاد کرے اور
جبری ہو جائے اور سوائے اس کے اور عقائد باطلہ کہ مائل افراط اور تفریط کی طرف ہیں اور یا حقائق
ارواح اور ملائکہ اور انبیاء اور اولیاء اور ائمہ دین کے ہیں اور اس قسم کے علم کو علم نبوت کہتے ہیں اور
افراط اور تفریط اس قسم میں وہ ہے کہ بالکل ان مرتبوں اور منصبوں کا انکار کرے یا ان کی عصمت
کا اور محفوظ رہنے کا گناہوں سے اور خطاؤں سے اعتقاد نہ کرے اور مثل اپنے آلودہ ساتھ غرضوں
دنیاوی اور طلب کرنے مطلبوں کمینوں کے اور مغلوب ہوتے حاجتوں نفسانیہ کا جانے یا رتبہ اماموں اور اولیاء
کا برابر رتبہ انبیاؤں اور مرسلین علیہم السلام کے مقرر کرے اور انبیاء مرسلین علیہم السلام کے واسطے لوازم
الوہیت کے جیسا کہ علم غیب اور فریاد سننی ہر کسی کی ہر جگہ میں اور قدرت اوپر تمام مقدورات کے
ثابت کرے اور ملائکہ اور ارواح اور اولیاء کے تئیں بیچ پردہ صورتوں اور رتبوں اور قبروں اور
تعزیوں کے معبود ٹھہرائے اور رزق اور فرزند اور خدمت اور منصب کا ان سے بالاستقلال درخواست
کرے اور شفاعت اور عرض ان کی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں واجب القبول جانے گو کہ جناب باری کے
نزدیک یہ امر مکروہ ہو یا وہ حقائق کہ معاملات قبر کے اور دوزخ اور بہشت کے اور حساب اور میزان اور
دوسرے امور آخرت کے ہیں اور اس علم کو علم معاد اور علم سمعیات کا بھی کہتے ہیں اور افراط اور تفریط
اس قسم میں وہ ہے کہ مثلاً ایمان کو اس حد کے ساتھ موثر بیچ نجات کے پہچانے کہ بالکل خوف کو دل
سے اٹھائے اور یہ بات بولے کہ کوئی گناہ اگر ایمان دل میں ہو ضرر نہ کریگا یا ایمان کو اس مرتبہ پر ساقط
الاعتبار گردانے کہ ساتھ ہر گناہ کے تاثیر اس کی دور ہو جاتی ہے گی اور گناہ گار ایمان والے مانند کافروں
بے ایمان کے دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے یا اعمال نیک اور بد کو تاثیر ذاتی آخرت میں ثابت کرے اور جانے
کہ اللہ تعالیٰ بیچ مقام جزا دینے کے بے اختیار ہے اور تابع اعمال بندے کے ہے معاف کرنا گناہ بڑے



تفسیر مظہری

جلد دوم

بقیہ سورۂ بقرہ سے سورۂ نساء
پارہ ۳ تا پارہ ۴

تالیف

حضرتُ علامہ قاضی محمد ثناء اللہ عثمانی مجددی پانی پتیؒ
تشریحی ترجمہ مع ضروری اضافات
مولانا سید عبد الدائم الجلالی
رفیق ندوۃ المصنفین

ناشر
دار الاشاعت
اردو بازار کراچی ملا ——— فون ۲۱۳۷۶۸

تنبیہ کرنی مقصود ہے کہ کوئی علمی احاطہ نہیں کر سکتا۔ احاطہ علمی کی نفی سے مراد ہے ایسے علم کامل کی نفی جو تمام اشیاء کی حقیقت کو محیط ہو۔ علم محیط صرف باری تعالیٰ کی خصوصیت ہے کسی مخصوص چیز کی حقیقت کا کامل علم بطور ندرت ممکن ہے کہ کسی کو ہو جائے لیکن تمام اشیاء کی حقیقت کوئی نہیں جانتا یا علم سے مراد وہ علم غیب ہے جو اللہ کے لئے مخصوص ہے یعنی اللہ کے علم غیب کے کسی حصہ کو کوئی احاطہ کے ساتھ نہیں جانتا۔

اِلَّا بِمَا شَآءَ (ہاں جس چیز کا علم اللہ دینا چاہے) تو اس کو مخلوق کا علم محیط ہو تا ہے اور ایسا کم ہے اللہ نے خود ارشاد فرمایا ہے وَمَآ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا ط وَلَا یُحِیْطُوْنَ میں واؤ حالیہ ہے اور یَعْلَمُ کی ضمیر فاعلی ذوالحال ہے۔ یا واؤ عاطفہ ہے دونوں جملوں کا مجموعہ بتا رہا ہے کہ محیط کل اور ہمہ گیر علم ذاتی اللہ کی خصوصیت ہے اور یہ اللہ کی وحدانیت کا ثبوت ہے اس لئے دونوں جملوں کے درمیان حرف عطف کو ذکر کیا۔

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اس کی کرسی آسمانوں اور زمینوں کو اپنے اندر سمائے ہوئے ہے) بیضاویؒ نے لکھا ہے یہ محض تمثیل ہے اللہ کی عظمت کی تصویر کشی مقصود ہے ورنہ واقع میں نہ اللہ کی کرسی ہے اور نہ وہ کرسی پر بیٹھا ہوا ہے۔

سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کرسی سے مراد علم ہے مجاہدؒ کا بھی یہی قول ہے صحیفہ علمی کو کراسہ اسی وجہ سے کہتے ہیں بعض علماء کا قول ہے کہ کرسی سے مراد حکومت اور اقتدار ہے موروثی حکومت کو عرب کرس کہتے ہیں۔

میں کہتا ہوں کہ اگر کرسی کا معنی علم یا اقتدار قرار دیا جائے تو آیت لَهٗ مَافِي السَّمٰوٰتِ وَ مَافِي الْاَرْضِ يَعْلَمُ مَابَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ کے بعد جملہ مذکورہ کا ذکر بے سود ہوگا (کیونکہ آیت مذکورہ کا ابتدائی حصہ اللہ کے اقتدار پر اور آخری حصہ اللہ کے کمال علمی پر دلالت کر رہا ہے)۔

محدثین کا مشہور قول یہ ہے کہ کرسی ایک جسم ہے (جس میں لمبائی، چوڑائی اور موٹائی ہے) بغویؒ کا بیان ہے کہ کرسی (کے مصداق) میں علماء کا اختلاف ہے حسن کا قول ہے کہ کرسی ہی عرش ہے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ کرسی عرش کے سامنے قائم ہے اور آیت وَسِعَ الخ کا مطلب یہ ہے کہ کرسی کی وسعت زمین اور آسمان کی وسعت کے برابر ہے۔

ابن مردویہ رحمۃ اللہ نے حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت سے رسول اللہ ﷺ کا فرمان نقل کیا ہے کہ ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں کرسی کے مقابلہ میں ایسی ہیں جیسے کسی بیابان میں کوئی چھلا پڑا ہو اور کرسی سے عرش کی بڑائی (بھی) ایسی ہے جیسے چھلے سے بیابان کی بڑائی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا قول مروی ہے کہ کرسی کے اندر ساتوں آسمان ایسے ہیں جیسے کسی ڈھال میں سات درہم ڈال دیئے جائیں۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور مقاتل رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ کرسی کے ہر پایہ کا طول ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں کے برابر ہے کرسی عرش کے سامنے ہے کرسی کو چار فرشتے اٹھائے ہوئے ہیں ہر فرشتے کے چار منہ ہیں ان فرشتوں کے قدم ساتویں نچلی زمین کے نیچے پتھر پر ہیں یہ مسافت پانچ سو برس کی راہ کے برابر ہے ایک فرشتہ کی شکل ابوالبشر یعنی حضرت آدمؑ کی طرح ہے جو سال بھر تک آدمیوں کے لئے رزق کی دعا کرتا رہتا ہے۔ دوسرے فرشتہ کی صورت چوپایوں کے سردار یعنی بیل کی طرح ہے۔ چوپایوں کے لئے سال بھر رزق مانگتا رہتا ہے لیکن جب سے گوسالہ کی پوجا کی گئی اس وقت سے اس کے چہرہ پر کچھ خراشیں ہو گئی ہیں تیسرے فرشتہ کی صورت درندوں کے سردار شیر کی طرح ہے جو سال بھر درندوں کے لئے رزق کا طالب رہتا ہے چوتھے فرشتہ کی صورت پرندوں کے سردار یعنی گدھ کی طرح ہے جو پرندوں کے لئے سال بھر رزق کا سوال کرتا رہتا ہے۔

قال الله عز وجل

الجزء الاول من كتاب
التفهيمات الالهية

تاليف

حجة الاسلام الشيخ قطب الدين احمد المدعو بالشاه ولي الله المحدث الدهلوي

(المتوفى ١١٧٦ھ)

صاحب "الفوز الكبير" و"البدور البازغة" و"الخير الكثير" وغيرها

سلسلة مطبوعات المجلس العلمي دابهيل سورت (رقم ١٠)

حقوق الطبع محفوظة

طبع في
مدينة برقي پريس بجنور (يوپي)
١٣٥٥ھ
١٩٣٦م



فان قلت ان كان الاخفى اسفل من سائر اللطائف الكامنة فلم سمى بالاخفى قلت انما سمي بالاخفى لان العلم الاجمالي الجامع الحاصل من السيرين جميعا انما يحصل بعد السيرين والما يصل اليه السالك بعد الكمال فلذلك سمي بالاخفى وانما القائم بهذا الاجمال النفس الناطقة نفسها واحفظنا هذا القدر من علم اللطائف في هذه الساعة فاكتف به حتى يقضي الله تعالى امرا بالبسط

قوله قدس سره رهل الفناء والبقاء موجب لاتصاف السالك بالصفات الوجوبية

اقول الوجدان الصريح يحكم بان العبد عبد وان ترقى والرب رب وان تنزل وان العبد قط لا يتصف بالوجوب او بالصفات اللازمة للوجوب ولا يعلم الغيب الا ان يطلع

شيء في روح صدره وليس ذلك علما بالغيب انما ذلك الذي يكون من ذاته والا فالانبياء والاولياء يعلمون لا محالة بعض ما يغيب عن العامة ولا نا لتكوين والخلق الان يصير كما يكون اكل الزنجبيل معدا لفيضان مما يهيج الحرارات في البدن من المبدأ الاول ومنشأ تردد العارف في هذه المسئلة ان من الامور المكونة بقوى الافلاك والعناصر امور عظيمة نسميها بالتدليات هي قريب العهد برب العالمين فيها حكاية الجبروت وفيها اشارة الى اللاهوت اذا ظهر الحق بتلك التدليات وجب خضوع الناس لها والفرق بين المنزه عن هذه المداخلات وبين هذه التدليات المتعلقة في الناسوت المركبة من روحانيات الافلاك ولطائف العناصر اشار ابن عباس رضي الله عنه حين اورد عليه فيما كان يذهب من امكان رؤية الحق بالبصر هذه الاية لا تدركه الابصار وهو يدرك الابصار فقال ذلك اذ تجلى في نوره الذي هو نوره يعني ان التدليات انما ظهرها رب العالمين ليتقرب الى الخلق وهي حجب نورانية.

وكم من احكام التي يتصف بها الحق بواسطة ظهوره في هذه التدليات ولنا في كشف حقيقته مقام ان الاول ظهور علم في الناس او تكميل ناقص وامثال ذلك ولم يكف بهذا المراد الاسباب الارضية فان ارادة الخير منه تبارك وتعالى دعلمه بان الخير ظهوره كذا او كذا يستعمل بالظهور فتتوجه تخيلات الافلاك والملأ الاعلى جميعا الى تصوير هيئة خيالية والطلب من الحق الاول ان يوجد هذه الهيئة في الخارج ويكون الماء متلونا بصورة قدسية حديث عهدها بالرب كما يتلون في العلاقة بالصورة المنبجسة من العناصر فيتحقق في الخارج كائن يحكي الجبروت ويشير الى اللاهوت جسده روحانيات الملائكة وصحبه منطبعة في الماء وروحه ارادة الحق فهذا هو السر في تشكل الملائكة فانهم اذا رغبوا في شكل خاص تخيلوه تخيلا مستقيما نوبا وجد في تخيلهم قوة عجيبة من الطبيعة الكلية فيتلون الماء بذلك ويبقى ما دام التخيل قائما

سے الخير بالناس وان تشبث الحق

علی المغیبات کی امتیازی شرط کیساتھ اختلاف کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:

''اِنَّ الْاِطْلَاعُ عَلَی جَمِیْعِ الْمُغِیْبَاتِ لَا یَجِبُ لِلنَّبِیِّ اِتِّفَاقاً وَالْبَعْضِ لَا یَخْتَصُّ بِہٖ''

اس کا مفہوم یہ ہے کہ مغیبات پر اطلاع نبوت کے لئے امتیازی شرط ہونا اس لئے غلط ہے کہ نبی کیلئے جمیع مغیبات پر مطلع ہونے کا عدم وجوب ہمارے اور تمہارے مابین متفقہ مسئلہ ہے اور بعض پر اطلاع نبی کے ساتھ خاص نہیں ہے تو پھر اطلاع علی المغیبات کا نبوت کے لئے امتیازی شرط ہونے کا مطلب ہی کیا رہا۔

(المواقف' صفحہ ۳۳۷' مطبوعہ دارالباز مکہ مکرمہ)

مواقف کی اس عبارت کو نظر انصاف سے دیکھنے والا کوئی شخص بھی اس کا پس منظر علم غیب کے مفہوم لغوی اور مفہوم شرعی کا امتیاز قرار دیئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ علم غیب بمعنی جمیع مغیبات کو جاننا نبی کیلئے واجب نہ ہونے کا فلسفہ اس کے سوا اور کچھ نہیں ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کیلئے واجب اور اس کی صفت مختصہ ہے، جمیع مغیبات کو عدم تناہی اور ازلیت وابدیت اور احاطہ لازم ہونے کی بناء پر نبی کیلئے ممکن ہی نہیں ہے چہ جائیکہ واجب ہو یہی چیز علم غیب کا شرعی مفہوم ہے۔

جس کو امام المتکلمین عضد الملت والدین نے نبی کیلئے غیر ضروری قرار دیا جبکہ اس کے مقابلہ میں بعض مغیبات پر مطلع ہونے کو نبی کے ماسوا اور خلائق کیلئے بھی ممکن تسلیم کر رہے ہیں تو وہ علم غیب کے لغوی مفہوم کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے۔ اس کی شرح میں میر السید السند نے بھی ان دونوں حصوں کی ایسی تشریح کی ہے جس سے بعض مغیبات پر مطلع ہونے کا تعلق



الکمال ۲۸۶/۹۲ قادری

فرش والے تری شوکت کا علو کیا جانیں خسروا عرش پہ اُڑتا ہے پھریرا تیرا

الحمدللہ کہ رسالۂ مبارکہ سوتوں کو جگانے والا، روتوں کو ہنسانے والا،

محبوبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی شان بتانیوالا

مُسمّٰی بہ

شانِ حبیبُ الرحمٰن

مِنْ

آیات القرآن

از افادات

حضرت مولانا الحاج مفتی احمد یار خاں صاحب نعیمی مدظلہٗ بدایونی

ناشر

مکتبۂ اسلامیہ لاہور

مشہور آفسٹ پریس کراچی

جب کسی شوہر اور بیوی میں جھگڑا ہو جاوے تو ایک پنچ تو عورت کی طرف سے اور ایک مرد کی طرف سے بھیجو۔

اب ان آیتوں کا یہی مطلب ہے کہ حقیقی عزت اور حقیقی حکومت تو صرف اللہ ہی کی ہے۔ مگر خدا کے دینے سے مسلمانوں کو عزت بھی ملی اور حکومت بھی۔ اسی طرح علم غیب حضور کو کتنا علم غیب دیا یہ تو دینے والا رب اور لینے والے محبوب ہی جانتے ہیں۔ لوح محفوظ میں سارے مَاکَانَ وَمَا یَکُوْنُ کا علم ہے مگر لوحِ محفوظ میرے آقا کے علم کے دریا کا ایک قطرہ ہے۔ قصیدہ بردہ میں ہے۔

وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمُ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

ہاں جس قدر روایات سے پتہ لگتا ہے وہ یہ ہے کہ از ازل تا روز قیامت ذرہ ذرہ اور قطرہ قطرہ کا علم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو دیا گیا، از عرش تا فرش آپ کو دکھائے گئے۔ اگر کوئی پرندہ بھی پر مارتا ہے تو حضور کو اس کا بھی علم دے دیا گیا۔ اس کی پوری تحقیق ہماری کتاب جاء الحق وزہق الباطل میں دیکھو۔ یہی تحقیق اور جگہ مشکل سے ملے گی۔

دوسری بات اس آیت سے یہ معلوم ہوئی کہ خدا کا علم غیب حضور علیہ السلام کے قبضہ میں دے دیا گیا ہے کہ اگر کسی پر توجہ فرمادیں تو اس کو بھی عرش سے فرش تک روشن ہو جاوے۔ حضور غوث پاک فرماتے ہیں۔

نَظَرْتُ اِلٰی بِلَادِ اللّٰهِ جَمْعًا کَخَرْدَلَةٍ عَلٰی حُکْمِ اتِّصَالِ

میں نے اللہ کے سارے شہروں کو ایسا دیکھا جیسے چند رائی کے دانے ملے ہوئے ہیں غرضکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی یہ صفت عظیم ہے۔

آیت ۸۸. یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا (پارہ ۲۹، سورۂ مزمل، رکوع ۱) اے کپڑوں میں لپٹنے والے رات میں قیام فرماؤ سوائے کچھ رات کے۔

یہ آیت کریمہ بھی حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت شریف ہے۔ اس میں محبوب علیہ السلام کو اور ان کے طفیل میں ساری امت کو تہجد کی نماز اور قرآن کریم کی ترتیل کے ساتھ تلاوت کرنے کا حکم دیا جارہا ہے مگر یہ خطاب بہت پر لطف ہے۔ فرمایا گیا ہے کہ اے کپڑوں میں لپٹنے والے محبوب علیہ السلام جس سے معلوم ہوا کہ محبوب علیہ السلام کی ہر ادا پیاری ہے۔

اس آیت کریمہ کی شان نزول میں مفسرین کے چند قول ہیں۔ ایک تو زمانہ وحی کے ابتداء میں حضور علیہ السلام کلام الٰہی کی ہیبت سے اپنے کپڑوں میں لپٹ جاتے تھے، اس حالت میں آپ کو یہ ندا دی

marfat.com

عالم الغیب فلا یظهر علی غیبه احدا الامن ارتضی من رسول یسلک من بین یدیه ومن خلفه رصدا لیعلم ان قد ابلغوا رسلت ربهم واحاط بما لدیهم واحصی کل شی عددا (فرما دیجئے یا رسول اللہ ﷺ نہیں جانتا میں جو تم وعدہ دئے گئے ہو۔ کیا قریب ہے یا رب میرا اس کے واسطے مدت بنا دے گا۔ غیب کے جاننے والا ہے۔ وہ نہیں مطلع کرتا اپنے تمام غیب پر کسی کو مگر رسولؑ جسے جس کو پسند کرے۔ اس کے آگے اور اس کے پیچھے نگہبان چلاتا ہے تا کہ وہ رسول جان لے کہ انہوں نے (ملائکہ نے) اپنے رب کی رسالت کو پہنچایا اور مضبوط کیا اس نے (رسول اللہ ﷺ) نے جو ملائکہ (جبرائیل علیہ السلام وغیرہ) کے پاس ہے۔ اور گھیر لیا اس نے (رسول اللہ ﷺ نے) ہر چیز کو گنتی سے اس آیۃ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے نبی ﷺ کی ذات کی طرف سے قیامت کی روایت کا انکار کرواتے ہوئے ظاہر فرمایا۔ کہ اللہ تعالیٰ جسے چاہے اس مدت مقررہ کے علم غیب کو اپنے رسولوں پر جس کو مرتضٰی بنائے ظاہر کر سکتا ہے۔ اور اس کی حفاظت کے لئے چاروں طرف فرشتے بھی متعین فرما دیتا ہے تا کہ اس کے علم غیب میں کوئی شیطان شریک نہ ہو جائے۔ اور وہ رسول علیہ الصلوۃ والسلام ان ملائکہ کی مراسلات کو محفوظ رکھتا ہے۔ اور کل چیز کے اعداد کو وہ محیط ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے **علی غیبه** میں اپنے کسی علم غیب کی تحقیق نہیں فرمائی جو نبی ﷺ کو عطا کیا گیا بلکہ غیب کی ضمیر کا مرجع الغیب رکھا۔ اور الغیب میں ال جنس کا ہے۔ اگر اللہ رب العزت الغیب کی نسبت اپنی طرف کر کے اپنے تمام غیب کے عالم ہونے کا ثبوت دیتا ہے اور ثابت ہے تو اس کی طرف ضمیر راجعہ کا منسوب نبی ﷺ **فلایظهر علی غیبه** سے کیسے بے خبر ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ ضمیر کا مرجع کل غیب ہے۔ جب عطا کنندہ نبی ﷺ کو اپنا کل غیب عطا کر کے سراہے تو اُس کے انکار کرنے والے کو کیسے صحیح مومن سمجھا جا سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے عموم کا احصار نبی اللہ ﷺ کے واسطے کل شے کو ہے۔ جس کل کی تم تخصیص نہیں کر سکتے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھٰذا کتابنا ینطق علیکم بالحق (القرآن الحکیم)

مقیاس الحنفیّت

جُنید زمان پیر طریقت مناظرِ اعظم
ابو عبد الوہاب مولانا محمد عمر صدیقی علیہ الرحمہ

المقیاس پبلشرز

۴۳- دربار مارکیٹ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ صدق اللہ العظیم

مقیاسُ الحنفیّت

جُنید زمان پیر طریقت مناظر اعظم
ابو عبدالوہاب مولانا محمد عمر صدیقی علیہ الرحمہ

المقیاس پبلشرز
۴- دربار مارکیٹ لاہور

(۸) ال عمران $\frac{۳}{۵}$} وانبئكم بما تاكلون وما تدخرون فی بیوتكم

(اور میں تمہیں خبر دیتا ہوں اس چیز کی جو تم اپنے گھروں میں کھاتے ہو۔ اور جو تم اپنے گھروں میں ذخیرہ کرتے ہو) اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کئی انعامات عطاء فرمائے جن میں سے یہ دو انعام بھی آپ کو حاصل تھے۔ (۱) پیٹ میں کھائی ہوئی مختلف چیزوں کا علم اور عیسیٰ علیہ السلام کا دعویٰ کرنا کہ میں بتا سکتا ہوں۔ تمہارے پیٹ کی خوردہ اشیاء کی مقدار جنیں اور حمل لڑکی کا ہے یا لڑکا مردہ ہے یا زندہ وغیرہ وغیرہ۔

(۲) جو گھروں میں ذخیرہ ہوم، مدفون ہو یا محفوظ ہو ذخیرے کو آپ غائبانہ بلا اسباب بیان کرنے کا دعویٰ کرتے تھے۔ جس کی تصدیق اللہ تعالیٰ نے بھی فرمائی، کہ ان کو یہ علم تھا اور ہے اور عیسیٰ علیہ السلام کو علوم غیبیہ پیدائشی حاصل تھے۔ جیسے کہ تمام انبیاء علیہم السلام کو ہوتے ہیں۔ چنانچہ حضرت علیہ السلام نے ایک دو گھنٹہ کی عمر میں اپنی تمام عمر کے خصوصی علوم غیبیہ الٰہیہ کو ماں کی گود میں قوم کے سوال کرنے پر ظاہر فرمائے۔

(۹) مریم $\frac{۱۶}{۲}$} فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ قَالُوْا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَمَا كُنْتُ وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَادُمْتُ حَيًّا وَّبَرًّا بِوَالِدَتِيْ وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا (حضرت مریم علیہا السلام نے قوم کے سوال پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف اشارہ فرمایا۔ تو انہوں نے کہا۔ ہم اس سے کیسے کلام کر سکتے ہیں جو گود میں بچہ ہے عیسیٰ علیہ السلام (گود سے) بولے میں اللہ کا بندہ ہوں اس نے مجھے کتاب دی ہے۔ اور اس نے مجھے نبی بنایا ہے۔ اور اس نے مجھے برکت والا بنایا ہے۔ جس جگہ بھی رہوں گا۔ اور اس نے مجھے نماز اور زکوۃ کا حکم بھی دیا ہے۔ جب تک کہ میں زندہ رہوں۔ اور اس نے مجھے بمع میری والدہ کے نیک و متقی بنایا ہے۔ اور اس نے مجھے سرکش بد بخت نہیں بنایا۔

اطلاع کے ساتھ خاص کیا۔ روالبجیان جلد ثالث صفحہ ۱۰۸ ایہی میں فی الحدیث سألنی
ربی ای لیلۃ المعراج فلم استطع ان اجیبہ فوضع یدہ بین کتفی بلا تکییف ولا تحدید
ای یدہ قدرتہ لانہ سبحانہ منزہ عن الجارحۃ فوجدت بردھا فاورثنی علوم
الاولین والآخرین وعلمنی علوما شتی فعلم اخذ عہدا علی کتمہ وعلم لا یقدر علی
حملہ غیری وعلم خیرنی فیہ وعلم امرنی فی تبلیغہ الی الخاص والعام من امتی وھی الانس
والجن والملک وکما فی انسان العیون شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مدارج النبوۃ
میں اسی حدیث کا مضمون یوں ادا فرماتے ہیں۔ پرسید از من پروردگار من چیزے پس نتوانستم کہ
جواب گویم پس نہاد دست قدرت خود درمیان دو شانہ من بے تکییف وبے تحدید پس یافتم برد
آنرا در سینہ خود پس داد مرا علم اولین وآخرین وتعلیم کرد انواع علم را علمی بود کہ عہد گرفت از من
کتمان آنرا کہ با ہیچکس نگویم وہیچکس طاقت آن نداشت آن نداو جز من وعلمی بود کہ مخیر گردانید مرا در
اظہار وکتمان آن وعلمی بود کہ امر کرد مرا بہ تبلیغ آن بخاص وعام از امت من۔ آن دونوں عبارتوں
کا حاصل یہ ہے کہ سرور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ شب معراج میں مجھ سے میرے پروردگار تبارک
وتعالیٰ نے کچھ دریافت فرمایا میں جواب نہ دے سکا تو اس نے اپنا دست قدرت میرے دونوں شانوں
کے درمیان بے تکییف وتحدید رکھا۔ کیونکہ حق سبحانہ تعالیٰ جوارح سے منزہ اور پاک ہے بغیر تحدید
وتکییف کے ہی۔ پھر حضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں نے اس کی سردی اپنے
سینہ میں پائی۔ پس مجھے اولین وآخرین کے علوم عطا فرمائے اور چند علم اور تعلیم فرمائے چنیں
سے ایک علم وہ ہے جسکے چھپانے پر مجھ سے عہد لیا کہ میرے سوا کسی میں اسکے برداشت کرنیکی طاقت
نہیں ہے اور ایک علم وہ جسکا مجھے اختیار دیا اور ایک وہ علم جس کی تبلیغ کا حکم فرمایا کہ میں اپنی امت کے
ہر خاص وعام کو پہنچا دوں اور حضرت کی امت انسان اور [illegible] فرشتے ہیں ایسا ہی انسان
العیون میں ہے تفسیر لباب التاویل فی معالم التنزیل مطبوعہ [illegible] جلد رابع صفحہ ۴۶ میں ہے وقولہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فوضع یدہ بین کتفی حتی وجدت بردھا بین
ثدیی فتأویلہ ان المراد بالید المنۃ والرحمۃ وذلک شائع فی لغۃ العرب
فیکون معناہ علی طریق الاخبار باکرام اللہ تعالیٰ ایاہ وانعامہ علیہ بیان شرح صدرہ ونور

حضور کو تین طرح کے علم عطا ہوئے۔

انسان اور جن اور فرشتے سب حضور کے امتی ہیں۔



تقریر مسئلہ

مخالفین کی تحریروں کے جواب میں قلم اٹھایا جائے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مسئلہ کو مختصر طور پر لکھ دیا جائے
تقریر مسئلہ حضرت حق سبحانہ تعالیٰ نے اپنے نبی مکرم نور مجسم سیدنا و مولانا محمد مصطفیٰ صلے اللہ
تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کو جمیع اشیاء جملہ کائنات یعنی تمام ممکنات حاضرہ وغائبہ
کا علم عطا فرمایا۔ بدء الخلق یعنی ابتدائے آفرینش سے دخول جنت و دوزخ تک سب مثل کف
دست ظاہر کر دکھایا۔ خود ارشاد فرمایا الرحمٰن علم القرآن اس آیۂ شریفہ سے صاف ظاہر ہے
کہ حق سبحانہ تعالیٰ نے سرور کائنات کو قرآن کی تعلیم فرمائی اور قرآن شریف میں تمام اشیاء کا بیان
و نزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شیٔ پس جب کلام پاک ہر چیز کا بیان اور سرور اکرم اس کے
عالم تو بے شبہ سرور اکرم صلے اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جملہ اشیاء کے عالم ہوئے حکی ابن سراقۃ فی کتاب الاعجاز
عن ابی بکر بن مجاھد انہ قال یوما ما من شیٔ فی العالم الا وھو فی کتاب اللہ فقیل لہ
فاین ذکر الخانات فقال فی قولہ لیس علیکم جناح ان تدخلوا بیوتا غیر مسکونۃ
فیھا متاع لکم فھی الخانات (اتقان صفحہ ۳۶۸) ابن سراقہ نے کتاب الاعجاز میں ابوبکر
بن مجاہد سے حکایت کی انہوں نے ایک روز یہ کہا کہ کوئی چیز جہان میں ایسی نہیں جس کا ذکر کلام اللہ
شریف میں نہ ہو کسی نے کہا کہ سراؤں کا ذکر کہاں ہے فرمایا کہ اس آیت میں لیس علیکم جناح ان تدخلوا
الآیۃ اب ثابت ہوا کہ تمام اشیاء کا ذکر قرآن پاک میں ہے اور حضرت اس کے عالم تو تمام اشیاء
کے عالم ہوئے قولہ تعالےٰ خلق الانسان علمہ البیان (و فی معالم التنزیل) قال
ابن کیسان خلق الانسان یعنی محمدا صلے اللہ علیہ وسلم علمہ البیان یعنی بیان ما
کان وما یکون (و فی التفسیر الحسینی) یا بوجود آورد محمد را و بیاموزانید وے را بیان آنچہ
بود و ہست و باشد آیہ شریفہ کا مطلب ان دونوں تفسیروں کی بموجب یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ نے محمد صلے
اللہ علیہ وسلم کو پیدا کر کے علوم ما کان و ما یکون سے سرفراز و ممتاز فرمایا یعنی گذشتہ و آئندہ اور یہ واضح رہے کہ
حضور سرور عالم علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے ہم جمیع غیوب غیر متناہیہ کا علم ثابت کرتے ہیں نہ جملہ
معلومات الٰہیہ کا حضور اقدس علیہ الصلوٰۃ کے علم کو علم الٰہی سے کوئی نسبت نہیں ذرہ کو آفتاب سے
اور قطرہ کو سمندر سے جو نسبت ہو وہ بھی یہاں متصور نہیں کہاں خالق اور کہاں مخلوق مماثلت
و مساوات کا تو ذکر ہی کیا۔ علم الٰہی کے حضور تمام مخلوق کے علوم اقل قلیل ہیں کوئی ہستی نہیں رکھتے



شراکت نہیں پائی جاتی۔ ہم نے دلائل قطعیہ سے ثابت کر دیا ہے کہ معلومات الٰہیہ کا محدود ہونا عقلاً بھی باطل ہے شرعاً بھی باطل۔ وہابی جب آئمہ دین اور ان کے پیروؤں کی کتابیں پڑھتے ہیں اور ان میں حضور ﷺ کے علوم غیبیہ کو قرآن واحادیث کی روشنی میں مطالعہ کرتے ہیں اور اس مقام پر پہنچتے ہیں کہ حضور ﷺ کو روزِ اول سے روزِ آخر تک کے تمام گزشتہ اور آئندہ واقعات کا علم ہے تو یہ لوگ اُن پر کفر اور شرک کے فتوی صادر کرنے لگتے ہیں اور الزام لگاتے ہیں کہ انہوں نے علوم الٰہی اور علم النبی کو برابر قرار دے دیا ہے۔ یہ فیصلہ کرنے والے نہایت خبطی اور غلط اندیش لوگ ہیں۔ یہ خود کفر وشرک کے گڑھوں میں گرتے جاتے ہیں۔ ان لوگوں نے محدود اور معدود علوم کو اللہ تعالیٰ کے غیر محدود اور لامتناہی علوم کا ہم پلہ قرار دے دیا۔ یہ کفر کی شہادت دیتے ہیں کہ اللہ اور مخلوق کا علم ہم پایہ ہے (استغفر اللہ)۔ اگر ان کے ہاں علم الٰہی لامتناہی ہوتا یا مقدار سے زیادہ ہوتا تو وہ حضور ﷺ کے علوم جو معدود اور عطائی ہیں کس طرح برابر قرار دیتے۔ وہ مساوات علوم خالق ومخلوق میں نہ پڑتے۔ جب وہ اپنی جہالت آمیز عقل کا مظاہرہ کرتے ہیں تو اللہ کے علم لامتناہی سے مذاق کرتے ہیں اور اسے ناقص بتاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو غرق کرے اور ان کے فتنوں سے ہمیں محفوظ رکھے۔



اس حقیقت کا ترجمان ہے کہ آپ تمام علوم کلی اور جزئی سے واقف تھے۔ اور آپ نے ان تمام علوم کا احاطہ فرما لیا تھا۔ جوارض وسموات کے متعلق ہیں۔

علامہ خفاجی شفا شریف کی شرح نسیم الریاض میں اور علامہ زرقانی نے شرح المواہب اللدنیہ میں حضرت ابوذر اور حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہما کی روایت کی تشریح کرتے ہوئے لکھا ہے۔ زمین وآسمان کے درمیان کوئی ایسا پرندہ نہیں جسکے احوال وتفصیلات کی حضور نے خبر نہ دی ہو۔ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ حضور ﷺ نے زمین وآسمان کے ذرّے ذرّے کے بارے میں وضاحت فرمادی تھی اور کوئی مجمل اور مفصل بات باقی نہیں تھی جسے آپ نے بیان نہ فرمایا ہو۔

امام احمد قسطلانی فرماتے ہیں اس بات میں ذرہ بھر شبہ نہیں کیا جا سکتا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے بھی زیادہ علم دیا ہے اور حضور ﷺ پر تمام اگلے پچھلے لوگوں کے حالات اور علوم افشاء فرما دیئے تھے۔ حضرت امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ ایک اور مقام پر فرماتے ہیں:

وَسِعَ العٰلَمِیْنَ علماً وحکماً   ترجمہ: محیط جملہ عالم علم مصطفائی ہے۔

امام ابن حجر مکی شرح افضل القریٰ میں لکھتے ہیں۔ [1] کہ اللہ تعالیٰ نے جب حضور کو سارے جہاں کا علم عطا فرمایا تو حضور ﷺ نے سابقہ اور آئندہ لوگوں کے تمام حالات معلوم

[1] آٹھ گھنٹے کی تصنیف کے دوران میرے پاس کوئی کتاب نہ تھی یہ جتنے حوالے ہیں۔ زبانی طور پر تحریر میں لائے گئے ہیں۔ مجھے الا کے بعد کے لفظ میں تردد واقع ہوا۔ آیا وہ واحد ہے یا ... ہے۔ میں نے ایک ... لکھ دیا کما قال رسول اللہ۔ وطن واپس آیا۔ تو کتابوں کا مطالعہ کیا۔ صحیح مسلم میں پہلے لفظ سے پہلے لفظ قد کا اضافہ پایا۔ یعنی الا قد رأیتہ اسی طرح صحیح بخاری میں بھی متفق الفاظ میں دیکھا۔

(احمد رضا خان)



جانتے تھے ہر طرح شرک ثابت ہوتا ہے۔"

ان کے بڑے گنگوہی نے اپنی 'براھین قاطعہ' میں لکھا تھا:

"نبی ﷺ دیوار کے پیچھے کا حال بھی نہ جانتے تھے۔" اور پھر اس نے اس قول کو حضور ﷺ کی حدیث بنا کر پیش کر کے نہایت بے حیائی کا مظاہرہ کیا۔ اور اس قول کی نسبت حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے کردی۔ حالانکہ حضرت شیخ محدث نے تو اسے اِشکال کے طور پر بیان فرماتے ہوئے لکھا تھا۔ "نہ یہ حدیث ہے نہ یہ روایت صحیح ہے۔"

اور اپنی کتاب 'مدارج النبوت' میں اس کی تصریح فرمادی۔ وہابیہ کا یہ الزام اگر قرآن پاک کی آیات، احادیث نبویہ، آئمہ دین کے اقوال اور محققین کی کتابوں کے سامنے پرکھا جائے تو اسکی کیا حیثیت رہ جاتی ہے؟ ساری دنیا اس بات کی شہادت دیتی ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اگلے پچھلے علوم سے واقف تھے۔ ماضی اور مستقبل کے واقعات سے باخبر تھے اور اللہ کی بنائی ہر چیز ان پر روشن تھی۔ اور ہر ذرہ ذرہ ان کے سامنے تھا۔

اب وہابیہ کا یہ کہنا کہ حضور محض اتنا ہی جانتے تھے جتنا وحی کے ذریعہ بتادیا گیا۔ یہ بات درست ہے مگر ان کا انداز بیان درست نہیں۔ جب وہ کہتے ہیں کہ بعض مغیبات بعض اوقات حضور پر واضح کردیئے گئے۔ ہم بھی یہ مانتے ہیں جمیع معلومات الہیہ کا احاطہ کرلینا مخلوق کے لئے ناممکن ہے۔ مگر ہم اس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب یہ فرمایا کہ عنقریب ہم آپ کو وہ کچھ سکھادیں گے جو آپ کے علم میں نہیں تھا۔ یہ سکھانا واقعی بذریعہ قرآن پاک تھا۔ اور قرآن پاک ایک وقت نازل نہیں ہوا بلکہ تئیس سالوں میں نازل ہوتا رہا۔ اس سے اوقات اور معلومات میں بعض ہونا درست ہے مگر اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ وہابیہ اس انداز پر علیم خداوندی کو اندک، قلیل اور حقیر کہہ کر

عَلَّمَکَ مَالَمْ تَکُنْ تَعْلَمُ وَکَانَ فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکَ عَظِیْمًا ط (سورۃ النساء: ۱۳)

ترجمہ: جو کچھ آپ کو نہ آتا تھا اللہ تعالیٰ نے آپ کو بتا دیا اور یہ آپ پر اللہ کا عظیم فضل ہے۔

اب میری گذارش سُنیے

اس آیۂ کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر احسان فرماتے ہوئے اعلان کیا کہ جو کچھ آپ نہ جانتے تھے میں نے آپ کو بتا دیا۔ اس احسان کے اظہار کے بعد فرمایا ''یہ اللہ کا بڑا عظیم فضل تھا''۔ عالم ماکان و ما یکون کا انعام بھی عام بات نہیں تھی۔ ماکان و ما یکون کا ایک ایک لفظ لوح محفوظ میں موجود تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو لوح محفوظ کا علم عطا فرمایا۔ پھر ساری دُنیا کے علاوہ آخرت کا علم بھی دیا۔ قیامت برپا ہونے کے واقعات کا علم بھی عطا فرمایا۔ کائنات کی تمام چیزیں قرآن کی زبان میں ''متاع قلیل'' (النساء ۷۷) ہیں جسے اللہ تعالیٰ قلیل فرماتا ہے۔ انکا علم عطا فرمانے کے بعد اللہ تعالیٰ کا اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر احسان جتانا کوئی بڑی بات نہیں تھی۔ بادشاہ قلیل انعامات پر احسان نہیں جتایا کرتے۔ ہاں کوئی غیر معمولی اور کثیر انعام ہو تو احسان کی بات ہوتی ہے۔ چنانچہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت اور آخرت کے علوم کثیر عطا فرمائے۔ حشر و نشر، حساب و کتاب اور ثواب و عتاب کے تمام درجات اور مراحل کا علم دیا گیا۔ لوگ جنت دوزخ میں اپنے اپنے مقامات پر پہنچیں گے۔ ان مقامات کے بعد کے علوم بھی اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کرم صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرما دیے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اللہ کو اس کی ذات و صفات سے پہچانا جس کا علم سوائے خدا کے اور کسی کے ذہن و فکر میں نہیں آ سکتا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ انعامات عطا فرمائے پھر اپنے احسان اور فضل عظیم کا اظہار فرمایا۔

لوح و قلم کا علم



اس سے یہ ثابت ہوا کہ لوح محفوظ کا سارا علم ہمارے نبی پاک صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وسلم کے بے پناہ علوم کے سمندروں کا ایک قطرہ ہے۔ اس مقام پر علامہ امام اجل بوصیری رحمۃ اللہ علیہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کرتے ہیں:

فَاِنَّ من جُودِکَ الدنیا و ضرتھا ۔۔۔ ومن علومک علم اللّوحِ وَالقلمِ ۔

ترجمہ: آپ کی بخشش کا دُنیا اور اس کے لوازمات تو ایک حصہ ہیں۔ اور آپ کے علوم کے سامنے لوح وقلم ایک ذرہ ہیں۔

حضرت امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے مِن کا لفظ استعمال کیا ہے جو بعض پر دلالت کرتا ہے۔ اب یہ حضور ﷺ کے علوم کو معدود اور محدود پیمانوں میں ناپنے والے علامہ بوصیری کے ایمان پر غیض وغضب کا اظہار کریں گے۔ غم وغصہ میں جل مریں گے۔

حضرت ملّا علی قاری علیہ رحمۃ الباری زُبدۃ شرح قصیدہ بُردۃ میں اس شعر کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ علم لوح سے مطلب قدسی نقوش اور غیبی صورتیں ہیں جو اس پر ثبت ہیں اور علم قلم سے مراد یہ ہے اللہ تعالیٰ کی وہ امانتیں جو اُس نے اپنی مرضی سے محفوظ رکھیں ہیں۔ لوح وقلم کے علوم حضور ﷺ کے بے پناہ علوم کا ایک حصہ یا ذرہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حضور ﷺ کے علموں کی بہت سی قسمیں ہیں۔ کلیات، جزئیات، حقائق و دقائق اور عوارف و معارف جنہیں ذات الٰہیہ سے تعلق ہے۔ لوح وقلم کا علم حضور ﷺ کے علوم مکتوبہ پر حاوی نہیں۔ ہاں حضور ﷺ کے علوم کی ایک سطر ہے۔ حضور ﷺ کے علموں کے سمندروں کی ایک نہر ہے۔ پھر یہ لوح وقلم کے علوم حضور کی برکات کا نتیجہ ہیں۔

ناظرین کرام! علامہ بوصیری اور حضرت مُلا علی قاری کی تشریح وتفصیل سے حضور ﷺ کے علوم کی وسعت کا اندازہ ہوتا ہے۔ مگر حق کی روشنی سے روگرداں اور حضور نبی کریم ﷺ کی عظمت کے منکران پر یہ بات تسلیم کرنا کتنا گراں ہے اور کس قدر دشوار ہے!!

۴۸۶
۹۲

وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب نافع شیخ وشاب مفید عاقل موقظ غافل
مسمّیٰ بہ

جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ

المعروف

فیصلہ مسائل

(جلد اوّل)

اضافات جدیدہ و ضمیمہ عجیبہ کے ساتھ
جس میں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہایت محققانہ مدلل فیصلہ کر دیا گیا ہے

مُصنّفہ

حضرت حکیم الامت مولٰنا المفتی الحاج احمد یار خاں صاحب اوجھانوی بدایونی مدظلہ
سرپرست مدرسہ غوثیہ گجرات پاکستان

باھتمام
محمد اقتدار خاں عرف مصطفٰے میاں

ناشر:- مفتی اقتدار احمد خان مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

يُظْهِرُهٗ عِنْدَ قَرِيْبِ الْقِيٰمَةِ۔

تعالیٰ قیامت کے قریب ظاہر فرما دیگا۔

تفسیر عزیزی صفحہ ۱۷۳ - آنچہ بہ نسبت ہمہ مخلوقات غائب است غائب مطلق است مثل وقت آمدن قیامت واحکام تکوینیہ و شرعیہ باری تعالیٰ در ہر روز و ہر شریعت و مثل حقائق ذات و صفات او تعالیٰ علی سبیل التفصیل ایں قسم را غیب خاص او تعالیٰ نیز می نامند فَلَا يُظْهِرُهٗ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا پس مطلع نمی کند بر غیب خاص خود ہیچکس را مگر کسی را کہ پسند میکند و آں کس رسول باشد خواہ از جنس ملک و خواہ از جنس بشر مثل حضرت محمد مصطفٰے علیہ السلام او را اظہار بعضے از غیوب خاصہ خود می فرماید۔

جو چیز تمام مخلوقات سے غائب ہو وہ غائب مطلق ہے جیسے قیامت کے آنے کا وقت اور روزانہ اور ہر چیز کے پیدائشی اور شرعی احکام اور جیسے پروردگار کی ذات و صفات بطریق تفصیل اس قسم کو رب تعالیٰ کا خاص غیب کہتے ہیں پس اپنے خاص غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا۔ اس کے سوا جس کو پسند فرماوے اور وہ رسول ہوتے ہیں خواہ فرشتے کی جنس سے ہوں یا انسان کی جنس سے جیسے حضرت محمد مصطفٰے علیہ السلام ان کو اپنے بعض خاص غیب پر ظاہر فرماتا ہے۔

(تفسیر خازن یہی آیت) اِلَّا مَنْ يَّصْطَفِيْهِ لِرِسَالَتِهٖ وَنُبُوَّتِهٖ فَيُظْهِرُهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنَ الْغَيْبِ حَتّٰى يَسْتَدِلَّ عَلٰى نُبُوَّتِهٖ بِمَا يُخْبِرُ بِهٖ مِنَ الْمُغَيَّبَاتِ فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ مُعْجِزَةً لَّهٗ

سوا اس کے جس کو اپنی نبوت اور رسالت کیلئے چن لیا پس ظاہر فرماتا ہے جس پر چاہتا ہے غیب تاکہ انکی نبوت پر دلیل پکڑی جاوے اُن غیبی چیزوں سے جن کی وہ خبر دیتے ہیں پس یہ اُن کا معجزہ ہوتا ہے۔

(روح البیان یہی آیت) قَالَ ابْنُ الشَّيْخِ اَنَّهٗ تَعَالٰى لَا يُطْلِعُ عَلَى الْغَيْبِ الَّذِيْ يَخْتَصُّ بِهٖ تَعَالٰى عِلْمُهٗ اِلَّا الْمُرْتَضٰى الَّذِيْ يَكُوْنُ رَسُوْلًا وَمَا لَا يَخْتَصُّ بِهٖ يُطْلِعُ عَلَيْهِ غَيْرَ الرَّسُوْلِ

ابن شیخ نے فرمایا کہ رب تعالیٰ اس غیب پر جو اس سے خاص ہے کسی کو مطلع نہیں فرماتا سوائے برگزیدہ رسول کے اور جو غیب کہ رب سے خاص نہیں اس پر غیر رسول کو بھی مطلع فرما دیتا ہے۔

اس آیت اور ان تفاسیر سے معلوم ہوا کہ خدائے قدوس کا خاص علم غیب حتی کہ قیامت کا علم بھی حضور علیہ السلام کو عطا فرما دیا گیا اب کیا شے ہے جو علم مصطفٰے علیہ السلام سے باقی رہ گئی۔

(۱۶) فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى۔

اب وحی فرمائی اپنے بندے کو جو وحی فرمائی۔

مدارج النبوۃ جلد اوّل وصل رویۃ الٰہی میں ہے۔

فَاَوْحٰى الآیۃ بتمام علوم و معارف و حقائق و بشارات

معراج میں رب نے حضور علیہ السلام پر جو سارے علوم

ہے۔ نیز یہاں لکم میں کفار سے خطاب ہے یعنی اے کافرو میں تم سے نہیں کہتا کہ میرے پاس خزانے میں تم چور ہو۔ چوروں کو خزانے نہیں بتائے جاتے۔ تم شیطانوں کی طرح اسرار کی چوری نہ کرلو۔ رب تعالےٰ نے بھی شیطان کو آسمان پر جانے سے اسی لیئے روکا کہ وہ چور ہے۔ یہ تو صدیق سے کہا جاویگا کہ مجھے خزائن الٰہیہ کی کنجیاں سپرد ہوئیں نیز یہاں عندی فرماکر بتایا کہ خزانہ میرے پاس نہیں میری ملک میں ہیں۔ کیونکہ خزانہ خزانچی کے پاس اور مالک کی ملک میں ہوتا ہے۔ میں خزانچی نہیں۔ کیا نہ دیکھا کہ ان کے اشارہ پر بادل برسا۔ ان کی انگلیوں سے چشمے جاری ہوئے۔

(۲) وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ۔

اور اگر میں غیب جان لیا کرتا تو یوں ہوتا کہ میں نے بہت بھلائی جمع کرلی۔

اس آیت کے بھی مفسرین نے تین مطلب بتلائے ہیں۔ ایک یہ کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا یہ کلام بطور انکسار کے ہے۔ دوسرے یہ کہ اس میں تمام معلومات الٰہیہ جاننے کی نفی کرنا مقصود ہے تیسرے یہ کہ علم غیب ذاتی کی نفی ہے۔

نسیم الریاض میں اسی آیت کے ماتحت ہے۔

قَوْلُهٗ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ فَاِنَّ الْمَنْفِيَّ عِلْمُهٗ مِنْ غَيْرِ وَاسِطَةٍ وَاَمَّا اِطِّلَاعُهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِاِعْلَامِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاَمْرٌ مُتَحَقِّقٌ بِقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ۔

علم غیب کا ماننا اس آیت کے منافی نہیں کہ ولو کنت اعلم الغیب الخ کیونکہ نفی علم بغیر واسطہ کی ہے لیکن حضور علیہ السلام کا غیب پر مطلع ہونا اللہ کے بتانے سے واقع ہے رب تعالیٰ کے اس فرمان کی وجہ سے کہ فلا یظہر علی غیبہ الخ کل معلومات الٰہیہ جاننے کی نفی ہے

شرح مواقف میں میر سید شریف فرماتے ہیں۔

اَلْاِطِّلَاعُ عَلٰى جَمِيْعِ الْمُغَيَّبَاتِ لَا يَجِبُ لِلنَّبِيِّ وَلِذَا قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ (اَلْاٰيَة) هُوَ جَمِيْعُ مُغَيَّبَاتٍ غَيْرِ مُتَنَاهِيَةٍ۔

تمام غیبوں پر مطلع ہونا نبی کیلئے ضروری نہیں اسی لیئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا لو کنت اعلم الغیب الآیۃ تمام غیب غیر متناہی ہیں۔ (یہ کلام انکسار کے طور پر ہے۔)

صاوی حاشیہ جلالین میں ہے یہی آیت۔ اِنْ قُلْتَ اَنَّ هٰذَا اَشْكَلُ مَعَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ

اگر تم کہو کہ یہ آیت گذشتہ کلام کے خلاف ہے۔ کہ حضور علیہ السلام کو تمام دینی و دنیاوی غیبوں پر مطلع

جملہ حقوق بحق مفتی اقتدار احمد خان محفوظ ہیں

۴۸۶
۹۲

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ کا ہے سایہ تجھ پر
بول بالا ہے ترا ذکر ہے اونچا تیرا

الحمد للہ کہ کتاب لاجواب نافع شیخ وشاب مفید عاقل موقظ غافل

مسمٰی بہ

جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ

المعروف

فیصلہ مسائل

(جلد اول)

اضافات جدیدہ و ضمیمہ عجیبہ کے ساتھ

جس میں موجودہ زمانہ کے عام مختلف فیہ مسائل کا نہایت محققانہ مدلل فیصلہ کردیا گیا ہے

مصنفہ

حضرت حکیم الامت مولٰنا المفتی الحاج احمد یار خاں صاحب اوجھانوی بدایونی مدظلہ

سرپرست مدرسہ غوثیہ گجرات پاکستان

باھتمام

محمد اقتدار خاں عرف مصطفٰے میاں

ناشر: مفتی اقتدار احمد خان مالک نعیمی کتب خانہ گجرات

وحیِ غیب ہے

جو کچھ بھی حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر کی گئی ہے اس کو قرآن کریم نے بھی غیب کہا ہے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا

ذٰلِکَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهِ ... اے محبوب یہ غیب کی خبریں ہیں جو ہم

پارہ ۳ رکوع سورہ آل عمران ... آپ کی طرف وحی کرتے ہیں

فائدہ

... نے غیب کا تعین فرما کر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے ثابت کر دیا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر علم غیب کا لفظ نہیں استعمال کرنا چاہیے آج تک کسی عالم یا مفسر نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے لئے علم غیب کا استعمال نہیں کیا اس لئے کہ عالم الغیب اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ہے لہٰذا یہ صفت مخلوق پر استعمال کرنے سے شرک فی الاسماء ہو گا اسی لئے حضور علیہ السلام کے لئے علم غیب ثابت کرنا شرک ہے۔

مسلمانوں سے اپیل

غیبی باتوں کو جاننا ایک کمال ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں بہت سے افراد واشیاء کو عطا فرمایا۔ فقیر نے چند شواہد قائم کئے اور قاعدہ ہے کہ ہر کمال جسے ملا ہے وہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل ملا ہے ورنہ مخالفین اتنا تو مانتے ہیں کہ ہر صاحب کمال سے آپ کا مرتبہ اول ہے کیونکہ ؎

بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

اسی لئے لازماً ماننا چاہیے کہ حضور نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے علوم غیبیہ کی نعمت سے سرفراز فرمایا ہے لیکن حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی موجودگی ...



علم غیب عطا ہونا اور لفظ عالم الغیب کا اطلاق اور بعض اجلہ اکابر کے کلام میں اگرچہ بندہ مومن کی نسبت صریح لفظ علم الغیب وارد ہے کمافی مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوۃ المصابیح للملا علی القاری بلکہ خود حدیث سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں سیدنا خضر علیہ الصلاۃ والسلام کی نسبت ارشاد ہے کان یعلم علم الغیب مگر ہماری تحقیق میں لفظ عالم الغیب کا اطلاق حضرت عزت عز جلالہ کے ساتھ خاص ہے کہ اس سے عرفاً علم بالذات متبادر ہے۔ کشاف میں ہے المراد بہ الخفی الذی لا ینفذ فیہ ابتداء الا علم اللطیف الخبیر ولهذا لا یجوزان یطلق فیقال فلان یعلم الغیب (غیب سے مراد وہ پوشیدہ چیز ہے جس میں ابتداً صرف اللہ تعالیٰ کا علم نافذ ہوتا ہے۔ اس لیے مطلقاً یہ کہنا جائز نہیں ہے کہ فلاں شخص غیب کو جانتا ہے)

اور اس سے انکار معنی لازم نہیں آتا۔ حضور اقدس ﷺ قطعاً بے شمار غیوب و ماکان و مایکون کے عالم ہیں مگر عالم الغیب صرف اللہ عزوجل کو کہا جائے گا' جس طرح حضور اقدس ﷺ قطعاً عزت و جلالت والے ہیں تمام عالم میں ان کے برابر کوئی عزیز و جلیل نہ ہے نہ ہو سکتا ہے مگر محمد عزوجل کہنا جائز نہیں بلکہ اللہ عزوجل و محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ غرض صدق و صورت معنی کو جواز اطلاق لفظ لازم نہیں نہ منع اطلاق لفظ کو نفی صحت معنی' امام ابن المنیر اسکندری کتاب الانتصاف میں فرماتے ہیں کم من معتقد لا یطلق القول بہ خشیۃ ایہام غیرہ مما لا یجوز اعتقادہ فلا ربط بین الاعتقاد و الاطلاق (کتنے عقائد ایسے ہیں جن کا مطلقاً قول نہیں کیا جاتا۔ مبادا ان کے غیر کا وہم کیا جائے جن کا اعتقاد جائز نہیں ہے' اس لیے کسی چیز کا اعتقاد رکھنے اور اس کا اطلاق کرنے میں کوئی تلازم نہیں ہے) یہ سب اس صورت میں ہے کہ مقید بقید اطلاق اطلاق کیا جائے یا بلا قید علی الاطلاق مثلاً عالم الغیب یا عالم الغیب علی الاطلاق اور اگر ایسا نہ ہو بلکہ بالواسطہ یا بعطا کی تصریح کر دی جائے تو وہ محذور نہیں کہ ایہام زائل اور مراد حاصل۔ علامہ سید شریف قدس سرہ حواشی کشاف میں فرماتے ہیں وانما لم یجز الاطلاق فی غیرہ تعالیٰ لانہ یتبادر منہ تعلق علمہ بہ ابتداء فیکون مناقضا و اما اذا قید وقیل اعلمہ اللہ تعالیٰ الغیب او اطلعہ علیہ فلا محذور فیہ (اللہ تعالیٰ کے غیر کے لیے علم غیب کا اطلاق کرنا اس لیے جائز نہیں ہے کیونکہ اس سے متبادر یہ ہوتا ہے کہ اس کے ساتھ علم کا تعلق ابتداءً ہے' تو یہ قرآن مجید کے خلاف ہو جائے گا لیکن جب اس کو مقید کیا جائے اور یوں کہا جائے کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے غیب کی خبر دی ہے یا اس کو غیب پر مطلع فرمایا ہے تو پھر اس میں کوئی حرج نہیں ہے)۔ (فتاویٰ رضویہ ج ۹' ص ۸۱' مطبوعہ دارالعلوم امجدیہ' کراچی)

نیز اعلیٰ حضرت امام احمد رضا فرماتے ہیں:

علم ما فی الغد (کل کا علم) کے بارہ میں ام المومنین کا قول ہے کہ جو یہ کہے کہ حضور کو علم ما فی الغد تھا (کل کا علم تھا) وہ جھوٹا ہے۔ اس سے مطلق علم کا انکار نکالنا محض جہالت ہے علم جب کہ مطلق بولا جائے خصوصاً جب کہ غیب کی خبر کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے۔ اس کی تصریح حاشیہ کشاف پر میر سید شریف رحمۃ اللہ علیہ نے کر دی ہے اور یہ یقیناً حق ہے کہ کوئی شخص کسی مخلوق کے لیے ایک ذرہ کا بھی علم ذاتی مانے یقیناً کافر ہے۔

(الملفوظات ج ۳' ص ۳۳' مطبوعہ مدینہ پبلشنگ کمپنی' کراچی)

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی اور شیخ شبیر احمد عثمانی دونوں نے ہی یہ تصریح کی ہے کہ علوم اولین و آخرین کے حامل ہونے اور بکثرت غیوب پر مطلع ہونے کے باوجود نبی ﷺ کو عالم الغیب کہنا اور آپ کی طرف علم غیب کی نسبت کرنا ہرچند کہ ازروئے لغت اور معنی صحیح ہے لیکن اصطلاحاً صحیح نہیں ہے۔

marfat.com

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ

اور ہم نے آپ پر اس کتاب کو نازل کیا جو ہر چیز کا روشن بیان ہے

تبیان القرآن

جلد چہارم

الاعراف ○ الانفال

علامہ غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دارالعلوم نعیمیہ کراچی-۳۸

ناشر

فرید بک سٹال، ۳۸-اردو بازار، لاہور-۲

انت بمسمع من في القبور ۝ موتے کون ہیں اجسام قبور میں کون ہیں۔ وہی اجسام تو پھر اجسام ہی کے سننے سے انکار ہوا اور وہ یقیناً حق ہے (پھر فرمایا) خود ام المومنین کا طرز عمل سماع موتی کو ثابت کر رہا ہے۔ فرماتی ہیں کہ جب حضور اقدس ﷺ میرے حجرہ میں دفن ہوئے۔ میں بغیر چادر اوڑھے ہوئے بے حجابانہ حاضر ہوتی اور کہتی انما هو زوجي میرے شوہر ہی تو ہیں پھر میرے باپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ دفن ہوئے جب بھی میں بغیر احتیاط کے چلی جاتی اور کہتی انما هو زوجي و ابي میرے شوہر اور باپ ہی تو ہیں پھر جب عمر دفن ہوئے (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) تو میں نہایت احتیاط کے ساتھ چادر سے لپٹی ہوئی حاضر ہوتی اس طرح کہ کوئی عضو کھلا نہ رہے۔ حياء من عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ عمر کی شرم سے۔ تو اگر ارواح کا سمع و بصر نہ مانتیں تو پھر حیا عمر کے کیا معنی۔

(پھر فرمایا) تین باتوں میں ام المومنین کا خلاف مشہور ہے اور ان تینوں میں غلط فہمی ایک[1] تو یہی سماع موتے کہ وہ سماع عرفی کا جسموں کے واسطے انکار فرماتی ہیں اور اس کو غلط فہمی سے ارواح کے سماع حقیقی پر محمول کیا جاتا ہے۔

دوسرے[2] معراج جسدی کے بارہ میں انکار مشہور ہے کہ ام المومنین فرماتی ہے ما فقدت جسد رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم جسد اقدس میرے پاس سے کہیں نہیں گیا۔ حالانکہ آپ معراج منامی کے بارہ میں فرما رہی ہیں جو مدینہ منورہ میں ہوئی اور وہ معراج تو مکہ معظمہ میں ہوئی اس وقت ام المومنین خدمت اقدس میں حاضر بھی نہ تھیں بلکہ نکاح سے بھی مشرف نہ ہوئی تھیں اسے اس پر محمول کرنا سراسر غلط فہمی ہے۔

تیسرے[3] علم ما فی الغد کے بارہ میں ام المومنین کا قول ہے کہ جو یہ کہے کہ حضور کو علم ما فی الغد تھا وہ جھوٹا ہے۔ اس سے مطلق علم کا انکار نکالنا محض جہالت ہے علم جب کہ مطلق بولا جائے۔ خصوصاً جب کہ غیب کی طرف مضاف ہو تو اس سے مراد علم ذاتی ہوتا ہے۔

---

[1] سماع موتی میں حضرت عائشہ اس سماع کا انکار فرماتی ہیں۔

[2] حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کس معراج سے انکار فرماتی ہیں۔

[3] علم ما فی الغد کے بارے میں حضرت عائشہ کس علم کا انکار فرماتی ہیں۔



اور خلیل صلوٰۃ اللہ علیہ کا معاملہ بالعکس ہے۔ علی قاری رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں وما بینهما بون بائن یعنی ان دونوں علوم میں بڑا عظیم فرق ہے قرآن وسنت سے جو عقیدہ توحید ثابت ہوتا ہے اس کا ذکر اوپر بیان ہو چکا ہے۔ اور اس بیان سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر کسی بھی نبی ﷺ کے متعلق یہ عقیدہ ہو کہ اس کو فلاں چیز کا علم نہیں ہے تو یہ عقیدہ اس امر کو مستلزم ہے کہ اس نبی کی توحید مکمل نہیں ہے۔ چہ جائیکہ افضل الانبیاء صلوٰۃ اللہ علیہ کے متعلق یہ عقیدہ ہو کہ آپ ﷺ کو فلاں چیز کا علم نہیں تھا تو بتایئے جب آپ ﷺ کی توحید مکمل نہیں ہے تو پھر دنیا میں کس کی توحید مکمل ہو سکتی ہے۔ اور بعض اہل بدعت نے عقیدہ توحید کو الٹا جامہ پہنا دیا کہ اگر کسی نبی (علیہ الصلوٰۃ والسلام) کے متعلق یہ عقیدہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو عالم کی ہر چیز کا علم عطا فرمایا ہے تو یہ عقیدہ شرک ہے یعنی عقیدہ توحید کو جو براہین سے ثابت ہوتا ہے اس کو تو شرک قرار دیا اور ان اہل بدعت نے عقیدہ توحید یہ اختراع کیا کہ کامل موحد وہ ہے جس کو دیوار کے پیچھے کا علم نہ ہو اور پھر طرفہ یہ کہ ان اہل بدعت کے نزدیک شیطان لعین کی وسعت علمی تو نص قرآنی سے ثابت ہے اور افضل الانبیاء ﷺ کے علم پر کوئی دلیل نہیں ہے جس کا خلاصہ یہ ہوا کہ شیطان کی توحید انبیاء علیہم السلام کی توحید سے اکمل ہے۔ نعوذ باللہ من ہذہ الخرافات۔ ع

خرد کا نام جنوں رکھ دیا جنوں کا نام خرد

یہاں تک بندہ نے یہ واضح کیا ہے کہ ملت اسلامیہ کی اساس اول توحید کو اہل ضلالت نے کتنا غلط رنگ دیا ہے اب آیئے آپ کو دین متین کی بنیاد ثانی یعنی رسالت سے روشناس کرائیں۔ پھر اہل بدعت نے اس بنیاد میں جو قہر سامانیاں کیں ہیں ان پر سے پردہ اٹھائیں اولاً آپ کو یہ بیان کرتے ہیں کہ اہل السنت والجماعت کے نزدیک عقیدہ رسالت ﷺ کیا چیز ہے؟ قرآن پاک میں ہے۔ انی جاعل فی الارض خلیفه اس آیت مبارکہ پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ خلیفہ اس وقت مقرر کیا جاتا ہے جب اصل کام سرانجام نہ دے سکے۔ اللہ تعالیٰ تو ہر قسم کے



حدائقِ بخشش

۱۳۲۵ھ

(حصہ اوّل)

مُصنّف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلویؒ

ناشر
اکبر بک سیلرز
زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور Ph: 7352022

کعبہ کے بدر الدجیٰ تم پہ کروروں درود

کعبہ کے بدر الدجیٰ تم پہ کروروں دُرُود
طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروروں دُرُود

شافعِ روزِ جزا تم پہ کروروں دُرُود
دافعِ جملہ بلا تم پہ کروروں دُرُود

جان و دلِ اصفیاء تم پہ کروروں دُرُود
آب و گِلِ انبیاء تم پہ کروروں دُرُود

لائیں تو یہ دوسرا دوسرا جس کو ملا
کوشکِ عرش و دنیٰ تم پہ کروروں دُرُود

اور کوئی غیب کیا، تم سے نہاں ہو بھلا
جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروروں دُرُود

طور پہ جو شمع تھا، چاند تھا ساعیر کا
نیرِ فاراں ہوا تم پہ کروروں دُرُود

دل کرو ٹھنڈا مرا، وہ کفِ پا چاند سا
سینہ پہ رکھ دو ذرا تم پہ کروروں دُرُود

حدائقِ بخشش

۱۳۲۵ھ

(حصہ اوّل)

مُصنّف

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان بریلویؒ

ناشر
اکبر بُک سیلرز
[illegible] لاہور Ph: 7352022

اللہ رے تیرے جسمِ منور کی تابشیں
اے جانِ جاں میں جانِ تجلا کہوں تجھے

بے داغ لالہ یا قمرِ بے کلف کہوں
بے خار گلبنِ چمن آراء کہوں تجھے

مجرم ہوں اپنے عفو کا ساماں کروں شہا
یعنی شفیعِ روزِ جزا کا کہوں تجھے

اس مردہ دل کو مژدہ حیاتِ ابد کا دوں
تاب و توانِ جانِ مسیحا کہوں تجھے

تیرے تو وصف عیبِ تناہی سے ہیں بری
حیراں ہوں میرے شاہ میں کیا کیا کہوں تجھے

کہہ لے گی سب کچھ انکے ثناخواں کی خامشی
چپ ہو رہا ہے کہہ کے میں کیا کیا کہوں تجھے

لیکن رضاؔ نے ختمِ سخن اس پہ کر دیا
خالق کا بندہ خلق کا آقا کہوں تجھے

حضور ﷺ کی توہین کے مرتکب ہوتے ہیں۔ یہ لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اپنے جیسے کمینہ نفسوں پر قیاس کرتے ہیں۔ یہ عادت قدیم مشرکین میں بھی پائی جاتی تھی وہ اپنے رسولوں سے کہا کرتے تھے مَا اَنْتُم اِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا (یس:۱۵) ترجمہ: ''تم ہمارے جیسے ہی بشر ہو۔''

اس صورت حال کو نگاہ میں رکھا جائے تو وہابیہ مشرکین قدیم سے بھی بدتر نظریات رکھتے ہیں۔ مشرکین تو نبوت سے انکار ہی کر دیتے تھے۔ اور انبیاء کرام کو عام آدمی جانتے ہوئے کہا کرتے تھے ''تم ہمارے جیسے ہی بشر ہو''۔ اپنی علمی معلومات کی بڑائی کیوں کرتے ہو۔ مگر وہابیہ نبوت پر ایمان لانے کے بعد حضور ﷺ کو خاتم الانبیاء اور افضل الرسل تسلیم کر لینے کے باوجود رسولوں کو اپنے جیسا بشر کہہ کر پکارتے ہیں۔

ہم اس اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں جو مُقلِّب القلوب ہے۔ جو آنکھوں کو بصارت عطا فرماتا ہے۔ یہ نظریاتی بیماری اُنہیں یوں لگی کہ حضور ﷺ کے لئے ''عالم ما کان وما یکون'' ماننا ان کے لئے بہت بڑا مقام محسوس ہوتا ہے اور ان کی بودی عقلوں کے سامنے حضور ﷺ کا اس مقام پر فائز ہونا ناقابل فہم ہے۔ چہ جائیکہ وہ دوسرے انبیاء اور اولیاء کو عظمت کا مقام دیں ان کے ہاں تو اللہ تعالیٰ کی اُلوہیت اور بلندی کی پہچان بھی مشکل ہے۔ اس کے احکام اور قدرت کی وسعت سے بے خبر ہیں۔ پھر رسولوں کو اپنی عقل کے ترازو میں رکھا۔ جس مقام کا علم انکی عقل وفکر میں نہ آیا اس سے انکار کر دیا اور اسے جھٹلا دیا۔ جہاں تک ان کی عقل نے اجازت دی تسلیم کر لیا۔

ہم اہلسنت گروہ حق ہیں۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ روز ازل سے جو کچھ گزرا اور روز آخر تک جو کچھ آئے گا وہ ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جملہ علوم نہیں بلکہ آپ کے علوم میں سے ایک ذرہ ہے۔ اس پر اللہ تعالیٰ کی نص ہے:

امت کے لئے ظاہر نہ فرمانا ان کے عدم علم پر دلالت نہیں کرتا۔ اگر کسی نے بالفرض نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کو کچھ وقت کیلئے معاذ اللہ اس خبر سے بے علم سمجھا تو اس اعتقاد کی بنا پر اتنی دیر وہ منکر نبوت رہے گا۔ یا اس کو یہ ماننا پڑے گا نبی علیہ السلام کی کچھ دیر کے لئے عدم علمی اس کے نبوت کے انعدام پر دال ہوگی۔ اور نبوت کا نبی سے منعدم ہونا ایک آن کے لئے بھی اصول نبوت کیا بلکہ اصول الٰہیہ کے خلاف ہے ماننا پڑے گا کہ نبی علیہ السلام اپنے علم غیب عطائی سے ایک آن کے لئے بھی بے خبر نہیں ہو سکتا جیسا کہ نبی ﷺ تمام عالمین کے علم سے ایک آن کے لئے بھی بے خبر نہ تھے اور نہ ہیں اور نہ ہو سکتے ہیں۔ یہی مطلب لفظ نبی سے ظاہر ہوتا ہے۔ لہٰذا نبی ﷺ کے واسطے تمام عالمین کا علم غیب عطائی علی الدوام ماننا یعنی از ابتدائے آفرینش حضور ﷺ کو تا قیامت اور قیامت کے بعد تک بھی اور جنت اور دوزخ وغیرہ ہم کا تمام علم غیب بلکہ اس سے بھی زیادہ جس کو اللہ تعالیٰ جانتے ہیں اور مخلوق کی عقلوں کی سے بالاتر ہے آپ کی شان نبوت کو حاصل ہے۔

غیب کی شرح از روئے قرآن شریف} غیب کے معنی مَاغَابَ عَنکَ ہیں۔

(۱) بقرہ 1/1} هُدًى لِّلْمُتَّقِينَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ (ہدایت ہے۔ ڈرنے والوں کے واسطے جو ایمان لاتے ہیں پوشیدہ چیزوں کے ساتھ جو دیکھی ہوئی نہیں)۔

(۲) نساء 5/6} فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ (نیک بخت عورتیں فرمانبردار حفاظت کرنے والیاں پوشیدہ چیز کی جس کی حفاظت اللہ نے فرمائی)

یہاں اگر غیب کے معنی غیر مخلوق کے جاویں تو فرمان الٰہی معاذ اللہ غلط ثابت ہوتا ہے۔

(۳) مائدہ 7/13} لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ (تا کہ معلوم کرے اللہ تعالیٰ کون ڈرتا ہے اس نے بن دیکھے)

(۴) یوسف 12/7} ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ یوسف علیہ السلام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هٰذَا كِتٰبُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ صدق اللہ العظیم

مقیاس الحنفیّت

جُنید زمان پیر طریقت مناظرِ اعظم
ابو عبد الوہاب مولانا محمد عمر صدیقی علیہ الرحمہ

المقیاس پبلشرز

۴- دربار مارکیٹ لاہور

فَوَجَدْتُ بَرْدَهَا بَيْنَ ثَدْيَيَّ فَعَلِمْتُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

الحدیث رواہ الدارمی

(مشکوٰۃ ص)

درمیان رکھی، پس میں نے اس کی ٹھنڈک کو اپنے دونوں پستانوں کے درمیان (سینہ میں) پائی۔ پس میں نے ہر چیز کو جان لیا جو آسمانوں اور زمینوں میں ہے۔

فائدہ حدیث اس مضمون میں نص ہے۔ کہ ہمارے آقا و مولا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اتنا علم غیب عطا فرمایا گیا۔ کہ آپ تمام آسمانوں اور زمینوں کے ذرہ ذرہ کو جانتے ہیں۔ حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کے تحت لکھتے ہیں:۔

يَعْنِي مَا اَعْلَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِمَّا فِيْهِمَا مِنَ الْمَلٰئِكَةِ وَالْاَشْجَارِ وَغَيْرِهِمَا وَهُوَ عِبَارَةٌ عَنْ سَعَةِ عِلْمِهِ الَّذِيْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ۔

(مرقات بحوالہ مشکوٰۃ ص)

اس کا مطلب یہ ہے۔ کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے ہر وہ چیز بتلائی ہے۔ جو آسمان و زمین میں ہے فرشتوں اور درختوں وغیرہ سے یہ عبارت ہے۔ آپ کے وسعت علم سے جو اللہ تعالیٰ نے آپ پر کھولا ہے۔

فاضل جلیل عالم نبیل محقق علی الاطلاق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث کی شرح فرماتے ہیں:۔

پس دانستم ہر چہ در آسمان ہا و ہر چہ در زمین بود عبارت است از حصول تمامہ علوم جزوی و کلی و احاطہ آن

(اشعۃ اللمعات جلد اول ص۳۳۳)

پس میں نے جان لیا جو کچھ آسمانوں میں تھا اور جو کچھ زمین میں تھا۔ یہ عبارت ہے اس بات سے کہ آپ کو جزئی اور کلی تمام علوم حاصل ہو گئے اور ان کا احاطہ کر لیا۔

اس حدیث اور اس کی شرح سے معلوم ہوا۔ کہ آپ کو علم غیب کلی حاصل ہے فالحمد للّٰہ رب العالمین علی ذالک۔

(۳) علامہ زرقانی شرح مواہب لدنیہ میں لکھتے ہیں۔ کہ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

اِنَّ اللّٰهَ قَدْ رَفَعَ لِيَ الدُّنْيَا فَاَنَا

بے شک اللہ تعالیٰ نے ہمارے سامنے ساری



فضلِ عظیم کا اندازہ کون کر سکتا ہے ؟

۴ - مَا فَرَّطْنَا فِی الْکِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ (پ ۷ - ع ۱۰)

ہم نے اس کتاب میں کچھ اُٹھا نہ رکھا ۔ (کنز الایمان)

کتاب سے مُراد قرآن مجید یا لوح محفوظ ہے یعنی ہم نے قرآن میں سارے علوم بیان کر دیئے کچھ بچا نہ رکھا کیونکہ حضور علیہ الصّلوٰۃ والسلام سے زیادہ اور کون محبُوب تھا جس کے لیے وُہ علوم اُٹھا رکھے جاتے ۔ اس سے حضور رسُولِ پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا علمِ غیب کُل ثابت ہُوا کیونکہ سارے علوم ان کتابوں میں اور یہ کتابیں حضور علیہ الصّلوٰۃ والسلام کے علم میں ہیں ۔ نیز اگر کسی کو یہ علوم بتانا نہ تھے تو رب تعالیٰ نے انہیں لکھا ہی کیوں ؟ لکھنے کا منشا یہ تو ہے نہیں کہ اللہ کو اپنے بھُول جانے کا اندیشہ تھا تو لا محالہ اس لیے لکھا کہ اپنے محبُوبوں کو بتائے (علیہم الصّلوٰۃ والسلام) ؎

حق نے کیا تجھ کو آگاہ سب سے
دو عالم میں جو کچھ خفی و جلی ہے

۵ - وَتَفْصِیْلَ الْکِتٰبِ لَا رَیْبَ فِیْهِ (پ ۱۱ - ع ۹)

اور لوح میں جو کچھ لکھا ہُوا ہے (یہ قرآن) سب کی تفصیل ہے اس میں کچھ شک نہیں ۔ (کنز الایمان)

لوح محفوظ کا سارا علم قرآن میں اور سارا قرآن حضور علیہ الصّلوٰۃ والسلام کے علم میں ہے لہٰذا لوح محفوظ کے تمام علوم اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب اور رسُول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو عطا فرمائے ۔

marfat.com



رُسُلِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۔ (پ ۴ - ع ۹)

اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے عام لوگو تمہیں غیب کا علم دے ہاں اللہ چُن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے۔ (کنزالایمان)

اس آیتِ مبارکہ سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو علم غیب عطا فرماتا ہے۔ (علیہم الصلوٰۃ والسلام)

امام طیالسی، امام احمد، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ اور بیہقی رحمہم اللہ نے ''الاسماء والصفات'' میں حضرت ابو غرہ ہذلی رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی انسان کی روح کسی علاقہ میں قبض کرنا چاہتا ہے تو اس جگہ اس کے لیے کوئی ضرورت پیدا فرما دیتا ہے، اسے موت نہیں آتی یہاں تک کہ وہ اس جگہ پہنچ جاتا ہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی۔

امام ترمذی جبکہ ترمذی نے اسے حسن قرار دیا ہے اور ابن مردویہ رحمہما اللہ نے حضرت مطر بن عکاس رحمہ اللہ سے روایت نقل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ کسی آدمی کے بارے میں یہ فیصلہ فرماتا ہے کہ اسے فلاں جگہ موت آئے تو اللہ تعالیٰ اس جگہ اس کے لیے حاجت پیدا کر دیتا ہے۔

امام احمد رحمہ اللہ نے عامر یا ابو عامر یا حضرت ابو مالک رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے کہ نبی کریم ﷺ صحابہ کی مجلس میں تشریف فرما تھے کہ جبرائیل امین اپنی اصلی صورت کے علاوہ ایک اور صورت میں تشریف لائے۔ حضور ﷺ نے انہیں ایک مسلمان گمان کیا حضرت جبرائیل امین نے سلام کیا۔ حضور ﷺ نے انہیں سلام کا جواب دیا۔ پھر انہوں نے اپنے ہاتھ حضور ﷺ کے گھٹنوں پر رکھے اور عرض کی یارسول اللہ! ﷺ اسلام کیا ہے؟ فرمایا اسلام یہ ہے کہ تو اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے آپ کو جھکا لے، اس بات کی گواہی دے'' لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ '' نماز قائم کرے اور زکوٰۃ

1۔ تفسیر طبری، زیر آیت ہذا، جلد 21، صفحہ 102، دار احیاء التراث العربی بیروت

تفسیر دُرِّ منثور مترجم

جلد پنجم

تالیف

امام جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر السیوطی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۹۱۱ھ

ترجمہ متن قرآن

ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ

مترجمین

سید محمد اقبال شاہ ○ محمد بوستان ○ محمد انور مگھالوی

ادارہ ضیاء المصنفین بھیرہ شریف

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور ۔ کراچی ○ پاکستان

ادا کرے۔ پوچھا جب میں یہ کرلوں تو میں مسلمان ہو جاؤں گا؟ فرمایا ہاں۔ پوچھا ایمان کیا ہے؟ فرمایا اللہ تعالیٰ، یوم آخرت، فرشتوں، کتاب، انبیاء، موت، موت کے بعد زندگی، جنت، جہنم، حساب، میزان، اچھی اور بری تقدیر پر ایمان لانے۔ پوچھا کہ جب میں یہ کرلوں تو میں مومن ہو جاؤں گا؟ فرمایا ہاں۔ پوچھا احسان کیا ہے؟ فرمایا تو ایسے عبادت کرے کہ تو اللہ تعالیٰ کا دیدار کر رہا ہو۔ اگر تو اسے نہ دیکھ سکے تو وہ تجھے دیکھ رہا ہے۔ پوچھا جب میں ایسا کرلوں تو میں احسان کرنے والا ہو جاؤں گا؟ فرمایا ہاں۔ پوچھا قیامت کب ہوگی یا رسول اللہ! صلی اللہ علیہ وسلم؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سبحان اللہ! پانچ چیزیں ایسی ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔ پھر یہ آیت تلاوت کی۔(1)

تمت بالخیر

جمعرات، مورخہ 10 جولائی 2003

تفسیر دُرِّ منثور مترجم

جلد پنجم

تالیف

امام جلال الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر السیوطی رحمۃ اللہ علیہ متوفی ۹۱۱ھ

ترجمہ متن قرآن

ضیاء الامت پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ علیہ

مترجمین

سید محمد اقبال شاہ ۰ محمد بوستان ۰ محمد انور مگھالوی

ادارہ ضیاء المصنفین بھیرہ شریف

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور۔ کراچی ۰ پاکستان

بدلے نہ کوئی کسی کا غم و رنج کرے گا' نہ کسی کی طرف سے کسی کو خیال ہو گا' نہ کسی پر رحم کرے گا نہ کسی کو کسی سے شفقت و محبت ہو گی- نہ ایک دوسرے کی طرف پکڑا جائے گا- ہر شخص نفسا نفسی میں ہو گا- ہر ایک اپنی فکر میں ہو گا- ہر ایک کو اپنا رونا پڑا ہو گا' ہر ایک اپنا بوجھ اٹھائے ہوئے ہو گا- کسی اور کا نہیں-

اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ۭ وَمَا تَدْرِيْ نَفْسٌۢ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ؀۳۴ ع

بیشک اللہ ہی کے پاس قیامت کا علم ہے- وہی بارش نازل فرماتا ہے اور ماں کے پیٹ میں جو ہے اسے جانتا ہے- کوئی بھی نہیں جانتا کہ کل کیا کچھ کرے گا؟ نہ کسی کو یہ معلوم ہے کہ کس زمین میں مرے گا؟ یاد رکھو اللہ پورے علم والا اور صحیح خبروں والا ہے ○

غیب کی پانچ باتیں: ☆☆ (آیت:۳۴) یہ غیب کی وہ کنجیاں ہیں جن کا علم بجز اللہ تعالیٰ کے کسی اور کو نہیں- مگر اس کے بعد کہ اللہ اسے علم عطا فرمائے- قیامت کے آنے کا صحیح وقت نہ کوئی نبی مرسل جانے نہ کوئی مقرب فرشتہ' اس کا وقت صرف اللہ ہی جانتا ہے- اسی طرح بارش کب' کہاں اور کتنی برسے گی' اس کا علم بھی کسی کو نہیں- ہاں جب ان فرشتوں کو حکم ہوتا ہے جو اس پر مقرر ہیں' تب وہ جانتے ہیں اور جسے اللہ معلوم کرائے- اسی طرح حاملہ کے پیٹ میں کیا ہے؟ اسے بھی صرف اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے- ہاں جب جناب باری کی طرف سے فرشتوں کو حکم ہوتا ہے جو اسی کام پر مقرر ہیں' تب انہیں پتہ چلتا ہے کہ نر ہو گا یا مادہ' لڑکا ہو گا یا لڑکی' نیک ہو گا یا بد؟ اسی طرح کسی کو یہ بھی معلوم نہیں کہ کل وہ کیا کرے گا؟ نہ کسی کو یہ علم ہے کہ وہ کہاں مرے گا؟ اور آیت میں ہے وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ غیب کی کنجیاں اللہ ہی کے پاس ہیں جنہیں بجز اس کے اور کوئی نہیں جانتا- اور حدیث میں ہے کہ غیب کی کنجیاں یہاں پانچ چیزیں ہیں جن کا بیان آیت اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ الخ' میں ہے- مسند احمد میں ہے- رسول اللہ ﷺ نے فرمایا' پانچ باتیں ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا- پھر آپ نے اسی آیت کی تلاوت فرمائی- بخاری کی حدیث کے الفاظ تو یہ ہیں کہ یہ پانچ غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا-

مسند احمد میں حضورؐ کا فرمان ہے' مجھے ہر چیز کی کنجیاں دی گئی ہیں سوائے پانچ کے- پھر یہی آیت آپ نے پڑھی- حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں' حضورؐ ہماری مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے جو ایک صاحب تشریف لائے- پوچھنے لگے یا رسول اللہؐ ایمان کیا چیز ہے؟ آپ نے فرمایا' اللہ کو' فرشتوں کو' کتاب کو' رسولوں کو' آخرت کو' مرنے کے بعد جی اٹھنے کو مان لینا- اس نے پوچھا' اسلام کیا ہے؟ فرمایا ایک اللہ کی عبادت کرنا' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا' نمازیں پڑھنا' زکوٰۃ دینا' رمضان کے روزے رکھنا- اس نے دریافت کیا' احسان کیا ہے؟ فرمایا تیرا اس طرح اللہ کی عبادت کرنا کہ گویا تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر تو نہیں دیکھتا تو وہ تو تجھے دیکھ رہا ہے- اس نے کہا' حضورؐ قیامت کب ہے؟ فرمایا' اس کا علم نہ مجھے نہ تجھے' ہاں میں اس کی نشانیاں بتلاتا ہوں- جب لونڈی اپنے میاں کو جنے اور جب ننگے پیروں اور ننگے بدنوں والے لوگوں کے سردار بن جائیں- علم قیامت ان پانچ چیزوں میں سے ہے جنہیں اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا- پھر آپ نے اسی آیت کی تلاوت کی- وہ شخص واپس چلا گیا- آپ نے فرمایا- جاؤ اسے لوٹا لاؤ- لوگ دوڑ پڑے لیکن وہ کہیں بھی نظر نہ آیا- آپ نے فرمایا- یہ جبرئیلؑ تھے- لوگوں کو دین سکھانے آئے تھے (بخاری) ہم نے اس حدیث کا مطلب شرح صحیح بخاری میں خوب بیان کر دیا ہے- مسند میں ہے کہ حضرت جبرئیلؑ نے اپنی ہتھیلیاں حضورؐ کے گھٹنوں پر رکھ کر یہ سوالات کئے تھے کہ اسلام کیا ہے؟ آپ نے فرمایا یہ کہ تو اپنا چہرہ اللہ کی طرف متوجہ کر دے



فتوائے کانپور

(۱۳۸) فتاوٰی حسام الحرمین واقعی علمائے حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً وتعظیماً کے دستخط کردہ شدہ اور مصدقہ اور تحریر کردہ ہیں ان علما میں سے اکثر کو میں جانتا ہوں۔ اس زمانہ میں جب کہ ابن سعود نامسعود کے جور وتشدد کا زمانہ آیا تو ہندوستان کے غیر مقلدین وہابیتن کی بن آئی انہوں نے اپنی ریشہ دوانی سے ان علما سے جو بچے رہ گئے تھے ان کو اپنے دستگیر ابن سعود کے ذریعہ سے انواع واقسام کی تکالیف دلوائیں یہاں تک کہ بہت سے اہل مکہ وعلمائے مکہ طائف میں شہید کردیئے گئے۔ اور بہتوں نے حجاز کو چھوڑ دیا۔ کوئی افریقہ میں اور کوئی یمن میں اور کوئی ملک جاوا میں جا کر امن پذیر ہوا۔ ان فتاوٰی پر ہر مسلمان اہلسنّت و جماعت کو عمل کرنا ضروری ہے اور جو مسلمان بعد اطلاع کے عمل نہ کرے گا یا شک کرے گا انھیں وہابیوں کے ساتھ اس کا حشر ہوگا۔ وماعلینا الا البلاغ۔ ہر سنی مسلمان کا فرض ہے کہ ان فتاوٰی کے مطابق عمل کرے۔ واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم واللہ تعالٰی اعلم۔

حررہ مشتاق احمد عفا عنہ الصمد، سابق مدرس مدرسہ شمس العلوم بدایوں حالا نزیل کانپور، مسجد رنگیاں، مدرسہ دار العلوم۔

(۱۳۹) الجواب صحیح والمجیب مصیب۔

العبد فقیر محمد غفرلہ الصمد مدرس مدرسہ احسن المدارس، کانپور

(۱۴۰) جواب صحیح ہے اور مجیب نجیح ہے واقعی ان فتووں پر عمل کرنا ضروری ہے اور امور بالا کے معتقد کافر اور مرتد ہیں۔

کتبہ محمد سلیمان عفا عنہ ذنوبہ خادم آستانہ احمدیہ دار العلوم، کانپور

(۱۴۱) الجواب حق لاشک فیہ۔

خادم العلما ابو المکرم محمد وسیم خاں عفا عنہ المنان

مدرس مدرسۂ دار العلوم کانپور۔



Aalami Tanzeem Ahle Sunnat The Internation Sunni Muslim Movement
www.ahlesunnat.info atasqadri@gmail.com

اپنے سے دور کردے گو اپنا ہی کیوں نہ ہو۔ ھذا بیان للناس وھدی وموعظۃ وبشری للمؤمنین۔ واللہ تعالٰی اعلم وعندہ ام الکتاب۔

خادم مفتی الاسلام ابوالولی محمد عبدالرحمٰن تخی، ناظم نورالاسلام، پوکھریرا

محلہ نورالحکیم شاہ شریف آباد، ڈاکخانہ رائے پور، ضلع مظفرپور، بہار

(۹۵) الجواب صحیح والمجیب نجیح: فقیر رشید احمد عرف صاحب جاں مکیاوی دربھنگوی کان اللہ و رسولہ لہٗ۔

(۹۶) زہے کتاب مبارک حسام الحرمین ست کہ مزین بتصدیقات علمائے حرمین طیبین ست۔ دراں لغو ودروغ بنظر نمی آید مگر کسے را کہ قائل کذب خدائے قدوس باشد، وصفِ حقانیتِ اوازمن میرسید، بر حقیتِ او گواہ عادل کلامِ اہلِ حرم را بہ بینند۔

محمد عطاءالرحمٰن المتخلص بعطا عُفِیَ عَنْہُ مدرس دوم مدرسہ نورالہدی پوکھریرا

(۹۷) حسام الحرمین کتاب لاریب فیہ، ھدی للمتقین قھر رب العلمین علی المرتدین من الوھابیین والنجدین والقادیانیین خذلھم اللہ انّی یؤفکون۔

محمد ولی الرحمٰن غفرلہ المنان قادری رشیدی علیمی حلیمی

مدرس اول مدرسہ نورالہدیٰ پوکھریرا۔

(۹۸) صدق المجیب۔ محمد شفاءالرحمٰن قادری رضوی کان اللہ لہ مدرس سوم مدرسہ نورالہدی پوکھریرا۔

(۹۹) الجواب حق والمجیب مُحِقٌّ۔ شرف الدین مدرس اول مدرسہ نورالعلوم واقع کومان۔

(۱۰۰) کتاب حسام الحرمین کے ہر مسئلہ پر مسلمان کو عمل کرنا ضروری ہے وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَاب۔ محمد رحیم بخش قادری رضوی عُفِیَ عَنْہُ۔

(۱۰۱) فتاویٰ حرمین شریفین زَادَ ھُمَا اللّٰہُ شَرَفًا وَّ تَعْظِیْمًا کا ہر فتویٰ محقق وواجب العمل ہے رہے مخالفین تو لھم فی الدنیا خزی ولھم فی الاخرۃ عذاب عظیم مھین۔

محمد مجیب الرحمٰن مدرس چہارم مدرسۂ نورالہدی پوکھریرا۔

(۱۰۲) مجیب محقق کا جواب لاجواب ہے۔ فقیر عبدالکریم بلیاوی عُفِیَ عَنْہُ۔



کردگار ہے۔ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَزِیْزِ الْغَفَّارِ.

یونہیں قاسم نانوتوی جس نے قرآن عظیم پر بے ربطی کی لم لگائی جس نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام، پھر صحابۂ کرام، تمام ائمہ عظام وعلمائے اعلام اور سب مسلمانوں خواص وعوام کو نافہم وخطا کار ٹھہرایا، جس نے وضاحت سے ختمِ نبوت کا انکار کیا وَغَیْرُ ذٰلِکَ مِنَ الْھَزَلِیَاتِ.

یوہیں رشید احمد گنگوہی وخلیل احمد انبیٹھی جنہوں نے شیطان کے علم کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علمِ عظیم سے زائد بتایا، جنہوں نے نبی ﷺ کے لئے علم غیب ماننے کو شرک جانا اور خود شیطان کے لئے علم محیط ارض مانا اور یوں ابلیس کو خدا کا شریک جانا۔ جنہوں نے مجلسِ میلادِ مبارک کو کنھیا کے جنم سے بدتر کہا، گنگوہی نے تصریح کی کہ میلادِ مبارک جس طرح بھی ہو ہر طرح ناجائز وبدعت ہے۔ جس نے صاف منھ بھر کہا کہ وقوعِ کذب کے معنے درست ہوگئے۔ یعنی مَعَاذَ اللّٰہ خدا کے کذب کا امکان تو امکان وقوع ہولیا۔

یوہیں اشرف علی تھانوی جس نے حضور علیہ الصلاۃ والسلام کی شانِ رفیع میں وہ سخت گندی ناپاک گالی بکی، ضرور ضرور یہ سب کے سب بے شبہ ایسے ہی کفار مرتدین ہیں جن کے کفر میں ذرا شک کرنے والا بھی کافر ہے۔ مجمع الانہر ودر مختار وغیرہما معتمدات اسفار میں ہے: مَنْ شَکَّ فِیْ کُفْرِہٖ وَعَذَابِہٖ فَقَدْ کَفَرَ. وَالْعِیَاذُ بِاللّٰہِ تَعَالٰی مسلمانوں پر حسام الحرمین شریف کے احکام ماننا اور ان کے مطابق عمل فرض ہے وَاللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَتَعَالٰی اَعْلَمُ قَالَہٗ بِفَمِہٖ وَاَمَرَ بِرَقْمِہِ الْفَقِیْرُ.

مصطفٰے رضا القادری النوری عُفِیَ عَنْہُ

مصطفٰے رضا خان قادری
آل رحمٰن محمد عرف
ابوالبرکات محی الدین جیلانی

(۴) ھٰذَا ھُوَالْحَقُّ وَالْحَقُّ بِالْاِتِّبَاعِ اَحَقُّ
حَرَّرَہُ الْفَقِیْرُ اِلٰی رَحْمَۃِ رَبِّہٖ
وَنِعْمَۃِ حُبِّہٖ مُحَمَّدِ نِ الْمَدْعُوْ



Aalami Tanzeem Ahle Sunnat The Internation Sunni Muslim Movement
www.ahlesunnat.info atasqadri@gmail.com

قادری برکاتی غفرلہ ماتقدم من ذنبہ وماسیاتی مدرس دار العلوم منظر اسلام بریلی۔

(۲۰) اَلْجَوَابُ صَحِیْحٌ

ابوالانوار سید محمد شرف الدین اشرفی جیلانی جائسی غفرلہ

(۲۱) ھذا الجواب صحیح۔ فقیر حسین الدین قادری رضوی فرید پوری

(۲۲) اَلْجَوَابُ صَحِیْحٌ۔ محمد شاہد الحق عُفِیَ عَنْہُ قادری

(۲۳) اَلْجَوَابُ صَحِیْحٌ۔ والمجیب نجیح فقیر عبد العزیز القادری الرضوی المصطفوی المظفر پوری ثم الگورکھپوری غفرلہ ذنبہ المعنوی والصوری

(۲۴) صح الجواب واللہ تعالیٰ اعلم فقیر ابوالمعانی محمد ابرار حسن صدیقی تلہری عفا اللہ تعالیٰ عن ذنبہ الجلی والخفی (مفتی دار الافتائے جامعہ رضویہ دار العلوم منظر اسلام بریلی

(۲۵) حسام الحرمین وھو احق بالاتباع واللہ ولی الانعام وھو اعلم نمقہ عبد العاصی سلطان احمد البریلوی عُفِیَ عَنْہُ

(۲۶) حسام الحرمین شمشیر بُرّاں ہے جس کی دھار مخالفین بیدین کے گرانے سے گر نہیں سکتی فقیر ہیچمداں وزیر احمد خاں محمدی سنی حنفی قادری ابوالحسینی رضوی غفرلہ

(۲۷) صاب المجیب نمقہ الفقیر ابوالفرح عبید الحامد محمد علی السنی القادری الحامدی الآنوی غفرلہ ذنبہ الجلی والخفی مولاہ العلی القوی۔ آمین۔

(۲۸) الجواب صواب والمجیب مثاب وعلی من خالفہ اشد العذاب وسوء العقاب فقیر ابوالظفر محب الرضا محمد محبوب علی قادری رضوی لکھنوی غفرلہ ربہ القوی۔

(۲۹) بیشک حسام الحرمین حق ہے اور اس میں جن اشخاص کی بابت فتویٰ کفر ہے وہ صحیح ہے مسلمانوں پر فرض ہے کہ اسے مانیں اور اس پر عمل کریں واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ جل مجدہ اتم واحکم۔

کتبہ الفقیر حشمت علی السنی الحنفی القادری البریلوی غفرلہ الولی



فتوائے بانکی پور پٹنہ

(۹۱) فتاویٰ حرمین طیبین ضرور حق ہیں جن کی حقیت میں اصلا شبہ نہیں۔ اس کی حقیت پر آفتاب سے بھی روشن تر دلیل یہ ہے کہ ان اقوال کے قائلوں نے اس کے مقابل نہ صرف سکوت ہی کیا۔ بلکہ حکم میں اتفاق کیا۔ جس کا مجموعہ ایک مستقل رسالہ میں بنام ''الختم علی لسان الخصم'' دیوبند میں چھپ چکا ہے۔ جس میں ان لوگوں نے تصریح کی کہ بیشک ایسے اعتقاد وخیال واقوال والے کافر ہیں۔ رہی یہ بات کہ ایسے اقوال کن لوگوں کے ہیں جن پر باتفاق علمائے بریلی، اہالی دیوبند کفر کا فتویٰ ہے ان مطبوعہ کتابوں کے دیکھنے سے معلوم ہوسکتا ہے جن کا حوالہ حسام الحرمین میں ہے جسے چھپے ہوئے بیس سال ہوگئے۔ کیا قادیانوں کے ارتداد اور حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین کرنے والوں کے کفر جیسے اتفاقی مسئلہ میں بھی استفسار وسوال کی ضرورت ہے۔ وَاللّٰہُ اَعْلَم۔ محمد ظفر الدین قادری رضوی غفرلہ

فتوائے سیتاپور

(۹۲) صورت مسئولہ میں جن لوگوں کے نام لکھے ہیں، وہ ہر ایک شخص اپنے اقوال کی بناء پر دائرۂ اسلام سے خارج اور جو شخص ان کے اقوال پر واقفیتِ تامہ رکھتے ہوئے ان کو دائرۂ اسلام سے خارج نہیں جانتا یا کچھ شک رکھتا ہے وہ بھی دائرۂ اسلام سے خارج ہے۔ کتاب مستطاب حسام الحرمین الشریفین قطعی حق ہے۔ اور علمائے حرمین شریفین نے جو فتویٰ دیا ہے وہ قطعاً یقیناً حق ہے۔ اس حسام الحرمین کو غلط نہ جانے گا مگر وہ شخص جو اپنے پیارے جان سے زیادہ عزیز ایمان سے ہاتھ دھوئے گا۔ اس فتاویٰ مبارکہ کے حق ہونے میں اور اس کے مسائل کے حق ہونے میں شک کرنا سراسر ایمان سے ہاتھ دھونا ہے اللہ عزوجل اپنے پیارے حبیب ومحبوب طالب ومطلوب دانائے کل غیوب کے صدقہ اور طفیل میں ہر ایک مسلمان کو اس مبارک فتویٰ پر عمل کرنے کی توفیق رفیق عطا فرمائے اور عامہ مسلمین کو ان عقائد باطلہ سے اپنے حفظ وامان میں رکھے اور ان دشمنانِ دین کی ظاہری تقویٰ وطہارت

Aalami Tanzeem Ahle Sunnat The Internation Sunni Muslim Movement
www.ahlesunnat.info atasqadri@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

علمائے دیوبند کی کفریہ اور متضاد عبارات سے متعلق

دیوبندیوں سے لاجواب سوالات

WWW.NAFSEISLAM.COM
" THE NATURAL PHILOSOPHY
OF AHLESUNNAT WAL JAMAAT "

مرتبہ : محمد نعیم اللہ خاں قادری
بی ایس سی بی ایڈ
ایم اے اردو، پنجابی، تاریخ

ناشر: فیضان مدینہ پبلیکیشنز جامع مسجد عمر روڈ کاموکی

یہ کام کرنا تھا تو اس کا طریقہ بھی پھر مرحلہ وار ہی رکھا جاتا۔ اتنے قتل و قتال کے بعد اگر آپ اُس طریقہ پر آ گئے ہیں جو بغیر جنگ و جدل بھی ہو سکتا تھا تو فائدہ ــــــ ؟ گویا اب یُوں محسوس ہوتا ہے کہ آپ لوگ بھی یہ سوچنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ کھلّم کھلّا کافر کافر کا نعرہ لگا کر ہم نے فائدے کی نسبت نقصان زیادہ اُٹھایا ہے۔

اختلاف :۔ آپ کا اور ہمارا اختلاف اُصُولی ہے۔ توہینِ شانِ رسالت اُصول میں آتے گا فروع میں نہیں ــــــ ہمارا اصل اور بنیادی اختلاف تحذیر الناس، براہینِ قاطعہ اور حفظ الایمان کی چند کفریہ عبارات پر ہے ــــــ فاتحہ، عرس، گیارھویں اور صلوٰۃ و السلام پر ہرگز نہیں ان کی حیثیت دوسرے درجہ پر ہے۔ ان کفریہ عبارات پر کوئی سوال کیا جائے تو دیوبندی علماء کے پاس جان چھڑانے کے لیے صرف دو جواب ہیں ــــــ ایک یہ کہ ہماری مصروفیات بہت زیادہ ہیں یا ضعیف العمری ہے یا علالت کی وجہ سے جواب دینے سے قاصر ہیں ــــــ حالانکہ ان دیوبندی علماء کی کتابیں دھڑا دھڑ آ رہی ہیں جو کہ اہلِ سُنّت کے خلاف لکھی جاتی ہیں۔

ــــــ دوسرا جواب یہ دیتے ہیں کہ ان سوالات کے جوابات کے لیے فلاں فلاں کتابوں سے رجوع کیا جائے کیونکہ اُن کتابوں میں ہمارے علماء کافی و شافی جواب دے چکے ہیں۔

"سپاہِ صحابہ" والے اگر شیعوں سے کوئی سوال پُوچھیں اور شیعہ عالم یہ جواب دے کہ آپ کے یہ گھسے پٹے سوالات ہیں اور ہماری کتب میں علماء ان کے کافی و شافی جواب دے چکے ہیں تو کیا "سپاہِ صحابہ" والے اس جواب کو واقعی جواب سمجھ کر مطمئن ہو جائیں گے ــــــ ؟ ہرگز نہیں ــــــ بلکہ کہیں گے کہ وہ جوابات تو سرے سے غلط ہیں ــــــ ہم بھی کہتے ہیں کہ مولوی حسین احمد مدنی، مولوی مرتضیٰ حسن دربھنگی، مولوی محمد منظور نعمانی،

علمائے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کی طرف سے

اعلیحضرت فاضل بریلوی کی علمی اور اعتقادی خدمات کا اعتراف

حسام الحرمین

علیٰ منحر الکفر والمین

تالیف: اعلیحضرت مجدد مائۃ حاضرہ مولانا احمد رضا خاں بریلوی

ترجمہ

مبین احکام و تصدیقات اعلام

حضرت مولانا حسنین رضا بریلوی

مکتبہ نبویہ، گنج بخش روڈ لاہور

نزاع کے خاتمے کی کوئی صورت دکھائی نہیں دیتی۔

۱۳۲۴ھ میں امام احمد رضا خاں بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے المعتمد المستند کا وہ حصہ جو فتویٰ پر مشتمل تھا حرمین طیبین کے علماء کی خدمت میں پیش کیا جس پر وہاں کے ۳۳ جلیل القدر علماء نے زبردست تقریظیں لکھیں اور واشگاف الفاظ میں تحریر کیا کہ مرزا غلام احمد قادیانی کے ساتھ ساتھ افراد مذکورہ بلاشک وشبہ دائرۂ اسلام سے خارج ہیں اور امام احمد رضا بریلوی قدس سرہٗ کو حمایتِ دین کے سلسلے میں بھرپور خراجِ تحسین پیش کیا، علمائے حرمین کریمین کے یہ فتوے "حسام الحرمین علیٰ منحر الکفر والمین" (۱۳۲۴ھ) کے نام سے شائع کر دیئے گئے۔

بجائے اس کے کہ گستاخانہ عبارات سے رجوع کیا جاتا علمائے دیوبند کی ایک جماعت نے مل کر ایک رسالہ "المہند المفند" ترتیب دیا جس میں کمال چابکدستی سے یہ ظاہر کیا کہ ہمارے عقاید وہی ہیں جو اہل سنت وجماعت کے ہیں، حالانکہ باعثِ نزاع عبارات متعلقہ کتابوں میں بدستور موجود تھیں، صدر الافاضل حضرت مولانا سید محمد نعیم الدین مراد آبادی قدس سرہٗ نے "التحقیقات لدفع التلبیسات" لکھ کر اس تلبیس کا پردہ چاک کر دیا۔

حسام الحرمین کا اثر زائل کرنے کے لیے علماءِ دیوبند نے یہ شوشہ چھوڑا کہ یہ فتوے علماءِ حرمین کو مغالطہ دے کر حاصل کیے گئے ہیں کیونکہ اصل عبارات اُردو میں تھیں، ہندوستان (متحدہ پاک و ہند) کے علماء میں سے کوئی بھی حسام الحرمین کا مؤید نہیں ہے، اس پروپیگنڈے کے دفاع کے لیے شیر بیشۂ اہل سنت مولانا حشمت علی خان رضوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے متحدہ پاک و ہند کے اڑھائی سو سے زیادہ نامور علماء کی حسام الحرمین کی تصدیقات "الصوارم الہندیہ" کے نام سے شائع کر دیں۔

دیوبندی مکتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے علماء اب بھی عام طور پر عوام کو یہ تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ مولانا احمد رضا خان صاحب بریلوی نے بلاوجہ اکابر دیوبند کی تکفیر کی تھی حالانکہ وہ صحیح معنوں میں مسلمان اور اسلام کے خادم تھے اور "المہند" ایسی کتابوں کی بڑھ چڑھ کر اشاعت کرتے ہیں ان حالات میں حسام الحرمین کے شائع کرنے کی ضرورت شدت سے محسوس کی جا رہی تھی تاکہ اختلاف کا صحیح پس منظر سامنے آجائے اور کسی کے لیے مغالطہ آمیزی کی گنجائش نہ رہے، مکتبۂ نبویہ نے اپنی روایات کے مطابق حسام الحرمین کو شائع کر کے اس ضرورت کو پورا کر دیا ہے۔

۲۲ رمضان المبارک ۱۳۹۵ھ

۳۰ ستمبر ۱۹۷۵ء

محمد عبد الحکیم شرف قادری

لاہور

علماءِ مکۂ معظمہ اور مدینہ منورہ کی طرف سے

اعلیٰحضرت فاضل بریلوی کی علمی اور اعتقادی خدمات کا اعتراف

حسام الحرمین

علیٰ منحر الکفر والمین

تالیف: اعلیٰحضرت مجددِ مأتہ حاضرہ مولانا احمد رضا خاں بریلوی

ترجمہ

مبینِ احکام و تصدیقاتِ اعلام

حضرت مولانا حسنین رضا بریلوی

مکتبۂ نبویہ، گنج بخش روڈ لاہور

سے مطالبہ کرتے رہے کہ یا تو ان عبارات کا صحیح محمل بیان کیجیے یا پھر توبہ کر کے ان عبارات کو قلمزد کر دیجیے۔ اِس سلسلے میں رسائل لکھے گئے، خطوط بھیجے گئے، آخر جب علماءِ دیوبند کسی طرح ٹس سے مس نہ ہوئے تو اعلیٰحضرت امام احمد رضا خاں بریلوی قدس سرہ العزیز نے تحذیر الناس کی تصنیف کے تیس سال بعد، براہینِ قاطعہ کی اشاعت کے قریباً سولہ سال بعد اور حفظ الایمان کی اشاعت کے قریباً ایک سال بعد ۱۳۲۰ھ میں المعتقد المنتقد کے حاشیہ المعتمد المستند میں مرزائے قادیانی اور مذکورہ بالا قائلین (مولوی محمد قاسم نانوتوی، مولوی رشید احمد گنگوہی، مولوی خلیل احمد انبیٹھوی اور مولوی اشرف علی تھانوی) کے بارے میں ان کی عبارات کی بناء پر فتوائے کفر صادر کیا۔

یہ فتویٰ علمائے دیوبند سے کسی ذاتی مخاصمت کی بناء پر نہیں تھا بلکہ ناموسِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی حفاظت کی خاطر ایک فریضہ ادا کیا گیا تھا، مولوی مرتضیٰ حسن در بھنگی، ناظم تعلیمات شعبۂ تبلیغ دار العلوم دیوبند، اس فتوے کے بارے میں رقمطراز ہیں:

"اگر (مولانا احمد رضا) خاں صاحب کے نزدیک، بعض علماء دیوبند، واقعی ایسے ہی تھے، جیسا کہ انھوں نے انھیں سمجھا تو خان صاحب پر ان علماءِ دیوبند کی تکفیر فرض تھی اگر وہ ان کو کافر نہ کہتے تو خود کافر ہو جاتے۔" [1]

اس تفصیل سے یہ ظاہر ہو گیا کہ امام احمد رضا بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ناموسِ رسالت کی پاسداری کا کماحقہ فریضہ ادا کیا اور علماءِ دیوبند کا اصرار ہے کہ ان کے اکابر کی عزت پر حرف نہیں آنا چاہیے، خواہ وہ کچھ کہتے اور لکھتے رہیں، اس مقام پر پہنچ کر یہ کہنے کی ضرورت نہیں رہتی کہ حق پر کون ہے۔ یہ بھی معلوم ہو گیا کہ بریلوی اور دیوبندی نزاع کی اصل بنیاد یہ عبارات ہیں نہ کہ فروعی مسائل، مولانا مودودی اس امر کو تسلیم کرتے ہوئے ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

"جن بزرگوں کی تحریروں کے باعث بحث و مناظرہ کی ابتدا ہوئی وہ تو اب مرحوم ہو چکے اور اپنے رب کے حضور حاضر ہو چکے مگر افسوس ہے کہ جو تلخی اور گرمی آغاز میں پیدا ہوئی دونوں طرف سے اس میں اضافہ ہو رہا ہے۔" [2]

مودودی صاحب یہ تلقین فرما رہے ہیں کہ اب نزاع کو جانے بھی دو، نزاع کھڑا کرنے والے تو اگلے جہان میں پہنچ چکے ہیں، حالانکہ نزاع ان "بزرگوں" کی ذات سے نہیں تھا، وجہِ مخاصمت تو یہ عبارات تھیں جو اب بھی من وعن موجود ہیں، جب تک اُن کے بارے میں متفقہ فیصلہ نہیں ہو جاتا اس

[1] مرتضیٰ حسن در بھنگی: اشد العذاب، ص ۱۳ [2] مقالات یوم رضا، حصہ دوم، ص ۹۰

marfat.com

بھی پیدا ہو کر کمیں کی جگہ بیالیس احتمال نکلیں گے، اور مان میں بہت سے نفرے ابھا ہوں گے کہ غیب کے علم ظنی کا ادعا کفر نہیں۔ بحرالرائق و ردالمحتار میں ہے :

علم من مسائلهم هنا ان من استحل ما حرمه الله تعالیٰ علی وجه الظن لا یکفر وانما یکفر اذا اعتقد الحرام حلالا ونظیره ما ذکره القرطبی فی شرح مسلم ان ظن الغیب جائز کظن المنجم والرمال بوقوع شیئ فی المستقبل بتجربة امر عادی فهو ظن صادق والممنوع ادعاء علم الغیب والظاهر ان ادعاء ظن الغیب حرام لا کفر بخلاف ادعاء العلم اھ وزاد فی البحر الاتری انهم قالوا فی نکاح المحرم لو ظن الحل لا یحد بالاجماع ویعزر کما فی الظهیریة وغیرها ولو یقل احد انه یکفر وکذا فی نظائره اھ تو کیونکر ممکن کہ علما باوصف ان تصریحات کے کہ ایک احتمالِ اسلام بھی نافی کفر ہے جہاں بکثرت احتمالاتِ اسلام موجود ہیں، حکم کفر لگائیں لاجرم اس سے مراد وہی خاص احتمال کفر ہیں مثل ادعائے علم ذاتی وغیرہ، ورنہ یہ اقوال آپ ہی باطل اور ائمہ کرام کی اپنی ہی تحقیقاتِ عالیہ کے مخالف ہو کر خود ذاہب و زائل ہوں گے، اس کی تحقیق جامع الفصولین و ردالمحتار و حاشیہ علامہ نوح و ملتقط فتاویٰ حجہ و تاتارخانیہ و مجمع الانہر و حدیقہ ندیہ و سل الحسام وغیرہا کتب میں ہے نصوص عبارات رسائل علم غیب مثل اللؤلؤ المکنون وغیرہا میں ملاحظہ ہوں، وباللہ التوفیق، یہاں صرف حدیقہ ندیہ شریف کے یہ کلمات شریفہ بس ہیں :

جمیع ما وقع فی کتب الفتاوی من کلمات صرح المصنفون فیها بالجزم بالکفر یکون الکفر فیها محمولا علی ارادة قائلها معنی علله به الکفر واذا لم تکن ارادة قائلها ذلك فلا کفر اھ مختصرا۔

"یعنی کتبِ فتاویٰ میں جتنے الفاظ پر حکم کفر کا جزم کیا ہے ان سے مراد وہ صورت ہے

کہ قائل نے ان سے پہلو ئے کفر مراد لیا ہو ورنہ ہرگز کفر نہیں"

ضروری تنبیہ

احتمال وہ معتبر ہے جس کی گنجائش ہو، صریح بات میں تاویل نہیں سنی جاتی ورنہ کوئی بات بھی کفر نہ رہے، مثلاً زید نے کہا خدا دو ہیں، اس میں یہ تاویل ہو جائے کہ لفظ خدا سے بحذفِ مضاف حکم خدا مراد ہے یعنی قضا دو ہیں، مبرم و معلق۔ جیسے قرآن عظیم میں فرمایا اَتٰۤی اَمْرُ اللّٰهِ ای امر اللہ۔ عمرو کہے میں رسول اللہ ہوں، اس میں یہ تاویل گڑھ لی جائے کہ لغوی معنی مراد ہیں یعنی خدا ہی نے اس کی روح بدن میں بھیجی، ایسی تاویلیں زنہار مسموع نہیں۔ شفا شریف میں ہے ادعاؤہ التاویل فی لفظ صراح لا یقبل" صریح لفظ میں تاویل کا دعویٰ نہیں سنا جاتا" شرح شفا قاری میں ہے هو مردود عند القواعد الشرعیة" ایسا دعویٰ شریعت میں مردود ہے۔ نسیم الریاض میں ہے لا یلتفت لمثله ویعد هذیانا" ایسی تاویل کی طرف التفات نہ ہوگا اور وہ ہذیان سمجھی جائے گی" فتاویٰ خلاصہ و فصول عمادیہ و جامع الفصولین و فتاویٰ ہندیہ وغیرہا میں ہے واللفظ للعمادی قال انا رسول الله او قال بالفارسیة من پیغمبرم یرید به من پیغام می برم یکفر" یعنی اگر کوئی شخص اپنے آپ کو اللہ کا رسول یا پیغمبر کہے اور معنے یہ لے کہ میں پیغام لے جاتا ہوں قاصد ہوں تو وہ کافر ہو جائے گا" یہ تاویل نہ سنی جائے گی، فاحفظ۔

مگر ہیہات انکار، یعنی جس نے ان بدگویوں کی کتابیں نہ دیکھیں اس کے سامنے صاف مکر جاتے ہیں کہ ان لوگوں نے یہ کلمات کہیں نہ کہے اور جو ان کی چھپی ہوئی کتابیں تحریریں دکھا دیتا ہے۔ اگر ذی علم ہوا تو ناک چڑھا کر منہ بنا کر چل دے یا آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کمال بے حیائی صاف کہہ دیا کہ آپ معقول بھی کر دیجئے تو میں وہی کہے جاؤں گا اور بیچارہ بے علم ہوا تو اس سے کہہ دیا ان عبارتوں کا یہ مطلب نہیں، اور آخر ہے کیا یہ در بطن قائل۔ اس کے جواب کو وہی آیتِ کریمہ کافی ہے کہ یَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ؕ وَلَقَدْ قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ اِسْلَامِهِمْ" خدا کی قسم کھاتے ہیں کہ انہوں نے نہ کہا حالانکہ بیشک ضرور وہ یہ کفر کے بول بولے اور مسلمان ہو کے پیچھے کافر ہو گئے" ع

منح الروض الأزهر في شرح الفقه الأكبر

للعلامة المحدث الفقيه علي بن سلطان محمد القاري

(المتوفى سنة ١٠١٤هـ)

ومعه

التعليق الميسر على شرح الفقه الأكبر

تأليف

الشيخ وهبي سليمان غاوجي

دار البشائر الإسلامية

جميع الأنام، ويشير إليه قوله تعالى: ﴿إِنَّ ٱلَّذِينَ قَالُوا۟ رَبُّنَا ٱللَّهُ ثُمَّ ٱسْتَقَـٰمُوا۟﴾ الآية [فصلت: ٣٠]، وقد قالوا: الاستقامة خير من ألف كرامة.

ومن اللطائف أنه قيل لواحد من جيران أبي يزيد[1]: أما تُسلم؟ فقال: إن كان الإسلام كإسلام أبي يزيد فما أقدر على أن أخرج من عهدته، وإن كان الإسلام كإسلامكم فما تعجبني أحوالكم في أحكامكم.

فإذا تبين ذلك لك فاعلم أني أذكر ما وصل إليّ من نقول العلماء في هذا الباب واختلاف بعضهم في الجواب، وأبيّن ما يظهر لي فيه من الصواب، وقد سبق ذكر بعض هذه المسائل في هذا الكتاب، فلنذكر ما عداها وما يترتب عليها يرفع.

ففي البزازية: ولو قال لسلطان زماننا عادل يكفر لأنه جائر بيقين، ومن سمى الجَور عدلاً يكفر، وقيل: لا، لأن له تأويلاً وهو أن يقول: أردت به أنه عادل عن غيرنا، أو هو عادل عن طريق الحق، قال الله سبحانه: ﴿ثُمَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ﴾ [الأنعام: ١]. انتهى.

وحاصله أن لفظ عادل يحتمل كونه اسم فاعل من عدل عدلاً، ضد ظلم وجار، أو من عدل عدولاً، أي إعراضاً، فإذا كان اللفظ محتملاً فلا يحكم بكونه كفراً إلا إذا صرّح بأنه نوى المعنى الأول فتأمل.

ونظيره في المعاملات ما ذكروا في الطلاق والعتاق من الكنايات، فإنها يتوقف حكمها على النيات، ولا سيما وقد ذكروا أن المسألة المتعلقة بالكفر إذا كان لها تسع وتسعون احتمالاً للكفر واحتمالٌ واحد في نفيه،

(١) أبو يزيد البسطامي من كبار الصوفية.

كان الأولى للمفتي والقاضي أن يعمل بالاحتمال النافي، لأن الخطأ في إبقاء ألف كافر أهون من الخطأ في إفناء مسلم واحد. وفي المسألة المذكورة تصريح بأنه يقبل من صاحبها التأويل خلافاً لما ذكره بعضهم على خلاف هذا القيل، هذا كله إذا صدر عنه تعمداً، لحديث: «رفع عن أمتي الخطأ والنسيان وما استكرهوا عليها»[1].

وقد صرّح قاضيخان في فتاواه بأن الخاطىء إذا جرى على لسانه كلمةُ الكفر خطأً لم يكن ذلك كفراً عند الكل، بخلاف الهازل لأنه يقول قصداً. لا يقال في المسألة الأولى أن سلطان الزمان كما لا يخلو عن العدوان لا يخلو عن العدل في مقام الإحسان. لأنا نقول: لما غلب الظلمُ والجورُ في سلاطين زماننا حكموا بذلك، ألا ترى أن من يصلي غالباً يصح أن يقال له المصلي، بخلاف ما إذا صلى أحياناً، وكذا المتقي وأمثاله.

وفي عمدة النسفي: واستحلال المعصية كفر.

قال شارحه القونوي: كأنه أراد ـ والله أعلم ـ بالمعصية المعصيةَ الثابتة بالنص القطعي، لما في ذلك من جحود مقتضى الكتاب. أما المعصية الثابتة بالدليل الظني كخبر الواحد، فإنه لا يكفر مستحلها، ولكن يفسق إذا استخفّ بأخبار الآحاد؛ فأما متأولاً فلا؛ لِما عرفتَ.

وقال القاضي عضد الدين في المواقف: ولا يكفر أحد من أهل القبلة إلا فيما فيه نفي الصانع القادر العليم، أو شرك أو إنكار للنبوّة، أو ما علم مجيئه بالضرورة، أو المجمع عليه كاستحلال المحرمات؛ وأما ما عداه فالقائل به مبتدع لا كافر. انتهى.

(١) رواه أبو داود.

منح الروض الأزهر في شرح الفقه الأكبر

للعلامة المحدث الفقيه علي بن سلطان محمد القاري
المتوفى سنة (١٠١٤ هـ)

ومعه

التعليق الميسر على شرح الفقه الأكبر

تأليف
الشيخ وهبي سليمان غاوجي

دار البشائر الإسلامية

كان الأولى للمفتي والقاضي أن يعمل بالاحتمال النافي، لأن الخطأ في إبقاء ألف كافر أهون من الخطأ في إفناء مسلم واحد. وفي المسألة المذكورة تصريح بأنه يقبل من صاحبها التأويل خلافاً لما ذكره بعضهم على خلاف هذا القيل، هذا كله إذا صدر عنه تعمداً، لحديث: «رفع عن أمتي الخطأ والنسيان وما استكرهوا عليها»(١).

وقد صرَّح قاضيخان في فتاواه بأن الخاطىء إذا جرى على لسانه كلمةُ الكفر خطأً لم يكن ذلك كفراً عند الكل، بخلاف الهازل لأنه يقول قصداً. لا يقال في المسألة الأولى أن سلطان الزمان كما لا يخلو عن العدوان لا يخلو عن العدل في مقام الإحسان. لأنا نقول: لما غلب الظلمُ والجورُ في سلاطين زماننا حكموا بذلك، ألا ترى أن من يصلي غالباً يصح أن يقال له المصلي، بخلاف ما إذا صلى أحياناً، وكذا المتقي وأمثاله.

وفي عمدة النسفي: واستحلال المعصية كفر.

قال شارحه القونوي: كأنه أراد ــ والله أعلم ــ بالمعصية المعصيةَ الثابتة بالنص القطعي، لما في ذلك من جحود مقتضى الكتاب. أما المعصية الثابتة بالدليل الظني كخبر الواحد، فإنه لا يكفر مستحلها، ولكن يفسق إذا استخفَّ بأخبار الآحاد؛ فأما متأولاً فلا؛ لِما عرفتَ.

وقال القاضي عضد الدين في المواقف: ولا يكفر أحد من أهل القبلة إلا فيما فيه نفي الصانع القادر العليم، أو شرك أو إنكار للنبوّة، أو ما علم مجيئه بالضرورة، أو المجمع عليه كاستحلال المحرمات؛ وأما ما عداه فالقائل به مبتدع لا كافر. انتهى.

(١) رواه أبو داود.

عذاب ہلکا ہو، نہ ان کو مدد پہنچے "

کلامِ الٰہی میں فرض کیجئے اگر ہزار باتیں ہوں نو ان میں سے ہر ایک بات کا ماننا ایک اسلامی عقیدہ ہے۔ اب اگر کوئی شخص ۹۹۹ مانے اور صرف ایک نہ مانے تو قرآنِ عظیم فرما رہا ہے کہ وہ ان ۹۹۹ کے ماننے سے مسلمان نہیں بلکہ صرف اس ایک کے نہ ماننے سے کافر ہے، دنیا میں اس کی رسوائی ہوگی اور آخرت میں اس پر سخت تر عذاب جو ابدالآباد تک کبھی موقوف ہونا کیا معنیٰ؛ ایک آن کو ہلکا بھی نہ کیا جائے گا، نہ کہ ۹۹ کا انکار کرے اور ایک کو مان لے تو مسلمان ٹھہرے، یہ مسلمانوں کا عقیدہ نہیں بلکہ بشہادت قرآنِ عظیم خود صریح کفر ہے۔

حَاشَا اصل بات یہ ہے کہ فقہائے کرام پر ان لوگوں نے جیسا افترا اٹھایا، انہوں نے ہرگز کہیں ایسا نہیں فرمایا بلکہ انہوں نے یہ خصلت یہود یُحَرِّفُوْنَ الْکَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِہٖ "یہودی بات کو اس کے ٹھکانوں سے بدلتے ہیں" تحریف تبدیل کرکے کچھ کا کچھ بنا لیا، فقہا نے یہ نہیں فرمایا کہ جس شخص میں ننانوے باتیں کفر کی اور ایک اسلام کی ہو وہ مسلمان ہے۔ حاشا للہ! بلکہ تمام امت کا اجماع ہے کہ جس میں ننانوے ہزار باتیں اسلام کی اور ایک کفر کی ہو وہ یقیناً قطعاً کافر ہے۔ ۹۹ قطرے گلاب میں ایک بوند پیشاب کا پڑ جائے، سب پیشاب ہو جائے گا مگر یہ جاہل کہتے ہیں کہ ننانوے قطرے پیشاب میں ایک بوند گلاب کا ڈال دو، سب طیب طاہر ہو جائے گا۔ حاشا کہ فقہا، تو فقہا، کوئی ادنیٰ تمیز والا بھی ایسی جہالت بکے؛ بلکہ فقہائے کرام نے یہ فرمایا ہے کہ جس مسلمان سے کوئی لفظ ایسا صادر ہو جس میں سو پہلو نکل سکیں ان میں ۹۹ پہلو کفر کی طرف جاتے ہوں اور ایک اسلام کی طرف تو جب تک ثابت نہ ہو جائے کہ اس نے خاص کوئی پہلو کفر کا مراد رکھا ہے ہم اسے کافر نہ کہیں گے کہ آخر ایک پہلو اسلام کا بھی تو ہے کیا معلوم شاید اس نے یہی پہلو مراد رکھا ہو اور ساتھ ہی فرماتے ہیں کہ اگر واقع میں اس کی مراد کوئی پہلوئے کفر ہے تو ہماری تاویل سے اسے فائدہ نہ ہوگا وہ عنداللہ کافر ہی ہوگا۔ اس کی مثال یہ ہے کہ مثلاً زید کہے عمرو کو علم قطعی یقینی غیب کا ہے اس کلام میں اتنے پہلو ہیں:

عمرو اپنی ذات سے غیب داں ہے، یہ صریح کفر و شرک ہے قُلْ لَّا یَعْلَمُ مَنْ فِی

فتاوی خلاصہ وجامع الفصولین ومحیط وفتاوی عالمگیریہ وغیرہا میں ہے :

اذا کانت فی المسالۃ وجوہ توجب التکفیر و وجہ واحد یمنع التکفیر فعلی المفتی و القاضی ان یمیل الی ذلک الوجہ ولا یفتی بکفرہ تحسینا للظن بالمسلم ثم ان کانت نیۃ القائل الوجہ الذی یمنع التکفیر فھو مسلم وان لم یکن لا ینفعہ حمل المفتی کلامہ علی وجہ لا یوجب التکفیر۔

اسی طرح فتاوی بزازیہ وبحرالرائق ومجمع الانہر وحدیقہ ندیہ وغیرہا میں ہے۔ تاتارخانیہ وبحر وسل الحسام وتنبیہ الولاۃ وغیرہا میں ہے :

لا یکفر بالمحتمل لان الکفر نہایۃ فی العقوبۃ فیستدعی نہایۃ فی الجنایۃ و مع الاحتمال لا نہایۃ۔

بحرالرائق وتنویر الابصار وحدیقہ ندیہ وتنبیہ الولاۃ وسل الحسام وغیرہا میں ہے :

والذی تحرر انہ لا یفتی بکفر مسلم امکن حمل کلامہ علی محمل حسن الخ

دیکھو ایک لفظ کے چند احتمال میں کلام ہے نہ کہ ایک شخص کے چند اقوال میں، مگر یہودی بات کو تحریف کر دیتے ہیں۔

فائدہ جلیلہ

اس تحقیق سے یہ بھی منکشف ہوگیا کہ بعض فتاوے مثل فتاوے قاضی خان وغیرہ میں جو اس شخص پر کہ اللہ و رسول کی گواہی سے نکاح کرے یا کہے ارواح مشائخ حاضر و واقف ہیں یا کہے ملائکہ غیب جانتے ہیں بلکہ کہے مجھے غیب معلوم ہے حکم کفر دیا۔ اس سے مراد وہی صورت کفریہ مثل ادعائے علم ذاتی وغیرہ ہے ورنہ ان اقوال میں تو ایک جیوڑ متعدد احتمال اسلام کے ہیں کہ یہاں علم غیب قطعی یقینی کی تصریح نہیں اور علم کا اطلاق ظن پر شائع و ذائع ہے تو علم ظنی کی شق

کرتا ہے۔ حضرت حسین نے فرمایا افسوس ہے تجھ پر میری قدر کم کردی میں تو خدائی کا دعویٰ کرتا ہوں" صفحہ ۹۸ "سیف شیطانی"۔

یہ عبارت بھی نامکمل و نا تمام نقل کرکے دھوکہ دیا ہے اور پھر اس کے حوالہ کے طور پر "فوائد فریدیہ" کا نام لکھا ہے جو حضرت خواجہ غلام فرید علیہ الرحمۃ کی تصنیف ہے جن کو ملاں جوزف برگزیدہ انسان (ولی کامل) مانتا اور رحمۃ اللہ علیہ لکھتا ہے ملاحظہ ہو صفحہ ۵ و صفحہ ۶۹۔

اس کے علاوہ مذکورہ بالا الفاظ بھی دو معنی ہیں قائل کو کفر سے بچایا جائے گا اور الفاظ کو غیر کفر یہ معنی پر محمول کیا جائے گا حضرت حسین بن منصور نے فرمایا افسوس ہے تجھ پر میری قدر کم کردی میں تو خدائی کا دعویٰ کرتا ہوں۔ یعنی افسوس تو اس لئے کہ نبی کہنے سے آپ کی قدر اس لئے کم ہوئی کہ پیغمبری و نبوت کا دعویٰ کرنے والا مرتد ہو جاتا ہے۔ ایک ولی پر جب یہ الزام لگایا جائے کہ آپ پیغمبری کا دعویٰ کرتے ہیں تو وہ یہی فرمائے گا میری قدر کم کردی یعنی معاذ اللہ میں ایسا کہوں تو ولایت ختم اور مرتد ہو جاؤں۔ باقی رہا میں خدائی کا دعویٰ کرتا ہوں تو مطلب یہ کہ میں خدائی (مخلوق) سے ہوں جیسے کہا جاتا ہے خدا کی خدائی میں کوئی بھی شخص حضور علیہ السلام سے افضل و اعلیٰ و برتر و بالا نہیں خدائی بمعنی مخلوق محمول کیا جائے گا۔ اور اس میں کوئی خرابی نہیں ہے۔ لایعنی و بے معنی اعتراض سے کیا حاصل۔؟

[illegible] منہ کافر

اسی طرح صفحہ ۹۸ پر ملاں جوزف نے لکھا ہے حضرت حسین نے فرمایا میں حق (خدا) ہوں۔ یہاں ملاں نے حق سے مراد خدا لیا ہے اور لفظ خدا بطور وضاحت بریکٹ میں اپنی طرف سے بند کیا ہے لیکن اس احمق نے خود صفحہ ۶۷ "سیف شیطانی" پر لکھا ہے علماء حق (علماء دیوبند)۔ یہاں ملاں جوزف علماء دیوبند کو علماء حق (خدا) کہہ کر اپنے منہ کافر ہوا ہے

کافر ہوئے جو آپ تو میرا قصور کیا
جو کچھ کیا وہ تو نے کیا بے خطا ہوں میں

(۳) بریلوی مناظر قرآن سے دکھلائے گا: ان محمدا علیٰ کل شیء قدیر یا ان رسول اللہ علیٰ کل شیء قدیر جب کہ دیوبندی مناظر قرآن سے دکھلادے گا: ان اللہ علیٰ کل شیء قدیر۔

میں نے کہا: اپنے اپنے عقیدہ کی تشریح کا حق متعلقہ فریق کو ہوتا ہے۔ دوسرا فریق ان کے متعلق قطعاً یہ نہیں کہہ سکتا کہ یہ تمہارا عقیدہ ہے اور یہ امر تم نے ثابت کرنا ہے لہٰذا تینوں موضوعات میں اپنا نظریہ و عقیدہ اور اس کی تشریح کرنے کا حق صرف ہمیں کو ہے۔

موضوع اول میں ہمارا نظریہ یہ ہے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم حقیقت میں نور تھے اور بظاہر بشر۔ جب کہ دیوبندی مناظر یہ ثابت کرے کہ آپ قطعاً نور نہیں تھے۔

یہ عبارت لکھ کر میں نے رحمانی صاحب کی طرف بھجوائی اور اسی ملک صاحب کو کاغذ دیا کہ جاؤ اس پر دستخط کروا کر لاؤ۔ مگر رحمانی صاحب نے دستخط کرنے سے انکار کر دیا جلسہ کے منتظمین اور مسجد انتظامیہ کے ذمہ دار افراد نے مجھے کہا: آپ اپنے موضوع پر تقریر کریں اور اس کے دلائل بیان کریں یہ مولوی صاحبان خواہ مخواہ الجھاؤ پیدا کرتے رہیں گے چنانچہ بندہ نے اپنے دعوے کے اثبات میں تقریر کی، جس کا مفصل ذکر روئیداد میں موجود ہے۔ اور یوسف رحمانی صاحب نے جوابی تقریر کی مگر اس موضوع کے متعلق اپنا دعویٰ اور اپنے اکابر کا مسلک متعین ہی نہ کیا اور بالآخر بدحواسی میں ایک ایسا کلمہ زبان سے نکلا جس میں رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کی سخت توہین و تحقیر تھی اور غایت درجہ بدزبانی۔ جس سے مجمع مشتعل ہو گیا اور کسی طرح اس پر قابو نہ پایا جا سکا۔ مناظرہ کے منتظمین نے مناظرہ کو جاری رکھنے سے معذرت کی اور بندہ کے سامنے ہاتھ جوڑے کہ آپ مناظرہ کو یہیں پر ختم کر دیں۔ میں نے کہا: جو سوال یوسف صاحب نے اٹھائے تھے ان کا جواب از حد ضروری ہے لہٰذا میں بہر حال جواب دونگا۔ انھوں نے کہا: مناظرہ سے مقصود یہ مسئلہ سمجھنا تھا وہ ہمیں سمجھ آگیا ہے۔ اور اگر مناظرہ جاری رہے آپ تقریر کرو گے تو





مُبلّغ اپنی جہالت و سفالت کی بنیاد پر اس رباعی کے آخری دو مصرعوں کا یہ ترجمہ کرتے ہیں کہ "شیخ عبدالقادر کے بعد پھر سے رسالت کا آغاز ہوگا اور وہ نیا رسول بھی شیخ عبدالقادر کا تابع ہوگا"۔ اس اعتراض کے جواب میں (عربی کا) مشہور مقولہ دُہراؤں گا کہ "جسے فقہ نہیں آتی وہ فقہ کی کتاب کا مصنف بن بیٹھا۔" یہ دیوبندی وہابی ازم کے مبلغین کی بد قسمتی اور شامتِ اعمال ہے کہ وہ اہلِ سنت کے امام' اعلیٰ حضرت بریلوی علیہ الرحمہ کا کلام سمجھنے کی لیاقت و صلاحیت ہی نہیں رکھتے اور اپنی جہالت کے باوجود' اعلیٰ حضرت فاضلِ بریلوی پر اعتراض کرتے اور بہتان لگاتے ہیں اور اس طرح خود اپنی رسوائی کا اہتمام کرتے ہیں۔ دراصل اس رباعی کے پہلے شعر (دو مصرعوں) کا مطلب ان دیوبندی وہابی نام نہاد علماء کو سمجھ نہیں آتا' اس لیے وہ دوسرے شعر کا اپنی طرف سے غلط مطلب و مفہوم گڑھ کے' عقیدہ ختمِ نبوت کے سچے محافظ' اعلیٰ حضرت بریلوی رضی اللہ عنہ پر زبان طعن دراز کرتے ہیں اور عذاب کماتے ہیں۔

جوہانس برگ سے بریلی کے مصنف نے اعلیٰ حضرت بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں لکھا ہے کہ "اعلیٰ حضرت بریلوی چوں کہ "قادری" کہلاتے ہیں۔ اس لیے وہ شیخ عبدالقادر کے تابع ہیں' اس طرح اعلیٰ حضرت خود کو "نبی" کہہ رہے ہیں۔" یہ بلاشبہ اعلیٰ حضرت بریلوی پر بہتان ہے' جوہانس برگ سے بریلی کے مصنف اور اس کے حامی' اس بہتان طرازی کی سزا' انشاء اللہ ضرور پائیں گے۔

اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی رضی اللہ عنہ پر شدید بہتان لگانے والے دیوبندی وہابی تبلیغی' ذرا کھلی آنکھوں سے اعلیٰ حضرت بریلوی کا ختمِ نبوت کے بارے میں عقیدہ و فتویٰ ملاحظہ فرمائیں' جو اعلیٰ حضرت بریلوی نے اپنی کتاب "جزاء اللہ عدوہ باباءہٖ ختم النبوۃ" میں تحریر فرمایا۔

وہ فرماتے ہیں "اللہ عزّوجل سچا اور اس کا کلام سچا۔ مسلمان پر جس طرح لا الٰہ الّا اللہ ماننا' اللہ سبحانہ و تعالیٰ کو اَحد' صَمد' لاشریک لہٗ جاننا فرض اول و مناطِ ایمان ہے' یوں ہی محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خاتم النبیین ماننا' ان کے زمانے میں

خواہ ان کے بعد کسی نبی جدید کی بعثت کو یقیناً قطعاً محال و باطل جاننا فرض اجل و جزءِ ایقان ہے' وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ نص قطعی قرآن ہے۔ اس کا منکر نہ منکر بلکہ شبہ کرنے والا نہ شک کہ ادنیٰ ضعیف احتمال خفیف سے توہم خلاف رکھنے والا' قطعاً اجماعاً ملعون' مخلد فی النیران ہے' نہ ایسا کہ وہی کافر ہو بلکہ جو اس کے عقیدۂ ملعونہ پر مطلع ہو کر اسے کافر نہ جانے' وہ بھی کافر' جو اس کے کافر ہونے میں شک و تردد کو راہ دے' وہ بھی کافر۔۔۔۔"۔ (ص ۶' مطبوعہ مکتبہ نبویہ' لاہور)

اعلیٰ حضرت بریلوی رضی اللہ عنہ کے خود اپنے قلم سے "ختمِ نبوت" کے موضوع پر پوری کتاب اور واضح فتویٰ کے باوجود' جوہانس برگ سے بریلی کے مصنف کا اعلیٰ حضرت بریلوی رضی اللہ عنہ پر بہتان لگانا' بلاشبہ دیوبندیوں وہابیوں کے بدباطن اور کذّاب ہونے کی کھلی دلیل ہے۔ یہاں اپنے قارئین کی معلومات کے لیے یہ ضرور عرض کروں گا کہ نبوت کا دروازہ کھلا ہوا دیکھنا ہو تو "تحذیرُ النّاس" کا مطالعہ کیجیے۔ چناں چہ دیوبندی وہابی تبلیغی گروہ کے بڑے عالم' محمد قاسم نانوتوی صاحب' اللہ کے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبی نہیں مانتے۔ نانوتوی صاحب کی کتاب "تحذیر الناس" میں لکھا ہوا ہے کہ "خاتم النبیین" کا معنی "آخری نبی" سمجھنا عوام کا خیال ہے' اہلِ فہم کے نزدیک یہ معنی درست نہیں۔" (☆)

نانوتوی صاحب لکھتے ہیں کہ "اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی کوئی نبی پیدا ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیت میں کوئی فرق نہیں آئے گا"۔ نانوتوی صاحب کی تحریر سے یہ واضح طور پر ظاہر ہوتا ہے کہ نانوتوی صاحب کے نزدیک' حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی نبوت کا دروازہ کھلا ہوا ہے اور کسی نبی کا پیدا ہونا'

(☆) دیوبندی وہابی تبلیغی اپنے ہی تھانوی صاحب سے یہ گواہی ملاحظہ فرمائیں' وہ فرماتے ہیں "جس وقت مولانا (نانوتوی) نے تحذیر الناس لکھی ہے' کسی نے ہندوستان بھر میں مولانا (نانوتوی) کے ساتھ موافقت نہیں کی' بجز مولانا عبدالحی صاحب' مولانا کو ہمارے بزرگوں سے بے حد عقیدت اور محبت تھی"۔ صفحہ ۵۵' الافاضات یومیہ' ج ۴)

(۴)

از بریلی

۱۹ صفر ۱۳۲۹ھ

وسیع المناقب جناب مولوی اشرف علی صاحب تھانوی

السلام علیکم علی من اتبع الہدیٰ

حضرت سید مقبول عیسیٰ میاں دامت برکاتہم سے معلوم ہوا کہ آپ کے بعض حواریان دہلی نے آٹھ روز کے اندر بغرض مناظرہ "متعلقہ حسام الحرمین" آپ کو بلا دینے کا وعدہ کیا۔ فقیر نے یہ عریضہ جس کی نقل مرسل ہے، حضرت ممدوح کو لکھا اور آٹھ کی جگہ سولہ دن کی مہلت دی۔ سنا گیا ہے کہ آپ کے حواری پھر گئے۔ اب بعض نے ہمت کی ہے۔ اس عریضہ اور "اعلانات اخیرہ" کی نقل اب ان کے ذریعہ سے آپ کو مرسل ہے۔ ہاں، نہ جو کہنا ہو اپنی مہر و دستخط سے لکھ کر بھیجئے۔

جناباً! یہ کیا انصاف ہے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کو گالیاں لکھنے کے لئے آپ ناحق بھی، محرر، مصنف، مناظر۔ "حفظ الایمان" کی تقریریں ملاحظہ ہوں۔ یہ رد و کد نہیں تو کیا ہے؟ اور جب اہل اسلام اپنے نبی ﷺ کے حقوق کا آپ سے مطالبہ کریں تو آپ یوں بے زبان و بے گوش بن جائیں، فقیر ہو کر دین و دنیا سے فارغ و بے ہوش بن جائیں۔

گفتہ ندارد کے باتو کار ولیکن چو گفتی دلیلش بیار

یاد ہو! جب تک مولوی گنگوہی صاحب بقید حیات رہے۔ آپ کو کسی نے نہ پوچھا، جو جواب تھا ان سے تھا، وہ بقید ممات ہوئے اور آپ ان کی جگہ رکھے گئے۔ اب آپ سے مواخذہ ہے خصوصاً خود آپ کے لفظوں کا، دوسرا کیوں شارح بنے۔ تصنیف را مصنف نیکو کند بیان۔ مصطفیٰ ﷺ کو گالیاں دینے کے لئے آپ تھے اور تاویل کو دوسرا آئے۔ جناباً! یہ دینی و دنیوی لڑائی نہیں، تیغ و تیر کا میدان نہیں، آپ ڈرتے کیوں ہیں؟ یا یہ سکوت اس لئے ہے کہ آپ سمجھ لیتے اور جانتے ہیں کہ جواب ناممکن ہے۔ اللہ اللہ اس سے کیا بہتر، مگر ایسا ہے تو سکوت کافی نہیں۔ اذا عملت سیئة فاحدث عنه بالتوبة السر بالسر والعلانیة بالعلانیة۔



نہیں سوچتے کہ اگر کوئی عالمِ دین کسی کے کفریہ قول و فعل پر شرعی حکم جاری نہ بھی کرے (تو کیا کسی عالمِ دین کے شرعی حکم جاری نہ کرنے سے) کفر کیا عین اسلام ہو جائے گا؟ کفر تو ہر حال میں کفر ہے اور اللہ سبحانہ سے بڑھ کر تو کیا اُس کے برابر یا مثل بھی کوئی جاننے والا نہیں۔ افسوس کہ یہ لوگ اپنے چند علماء کی کفریہ عبارتوں کی وضاحتوں اور ان عبارات کو عین اسلام ثابت کرنے کی کوششوں میں اپنا ایمان بھی ضائع کرتے ہیں اور ان کفریہ عبارات کے لکھنے والے چند علماء کو حکیم الامت، قطبِ حق، مُطاعُ العالَم اور مجددِ ملت وغیرہ کہتے نہیں تھکتے۔ حالاں کہ یہ اصول یہ بھی جانتے ہیں کہ کفر کی حمایت بھی کفر ہے اور کافر کی مدح کرنے کا مطلب اللہ سبحانہ کے قہر کو دعوت دینا ہے۔

ے بلرزد عرش از مدحِ شقی

یہ بھی قدرت کا کرشمہ ہے کہ انہی دیوبندی وہابی تبلیغیوں کی کتابوں سے ہم اہلِ سنت و جماعت کے عقائد و اعمال کا صحیح اور جائز ہونا ثابت ہے اور جن باتوں پر یہ ہمیں مشرک و بدعتی کہتے ہیں، وہی سب کام یہ خود بھی کرتے ہیں مگر شرک و بدعت کا فتویٰ انہوں نے صرف ہمارے لیے مخصوص کر دیا ہے۔ حالاں کہ اس طرح یہ دُہرے مجرم بنتے ہیں۔ ایک تو صحیح کام کو غلط کہنے کے مجرم اور دوسرا اس کام کو غلط کہہ کر خود اس کام کو کرنے کے مجرم۔ یہ ان کی بدقسمتی نہیں تو اور کیا ہے؟

اللہ سبحانہ و تعالیٰ اپنے حبیبِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے ہمیں ایسے لوگوں اور ان کے شر سے محفوظ رکھے۔

اس خادمِ اہلِ سنت کی تمام سُنّیوں سے گزارش ہے کہ ایمان کے ان تمام لٹیروں سے خبردار رہیں اور اپنے ایمان کی حفاظت کے لیے حقائق سے پوری طرح آگہی حاصل کریں۔ مسلکِ حق اہلِ سنت و جماعت پر مستحکم اور مُستقیم رہیں۔ اللہ سبحانہ اپنے حبیبِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدّس نَعلَین شریف کے صدقے ہمارے ایمان کی حفاظت فرمائے اور ہمارا خاتمہ بالخیر فرمائے۔ آمین



دہلوی کے بھتیجے تھے اور شاگرد تھے ان کے شیخِ طریقت اور قائد تحریک جہاد حضرت سید احمد حضرت شاہ صاحب کے خلیفہ مجاز تھے اس علمی و روحانی وابستگی سے مولانا اسماعیل شہید کو کافر قرار دینا کوئی آسان بات نہ تھی ـــــــ[1]۔"

جواباً عرض ہے کہ یہ سب اِس کی ذہنی فکری الجھنیں ہیں اور لزوم کفر والتزام کفر کے معنی سے قطعاً بے خبری و لاعلمی کی دلیل ہیں۔ سیدنا اعلیٰحضرت امام اہلسنّت اور دیگر اکابر اہلسنّت نے کبھی بھی اور کہیں بھی تقویۃ الایمان اور صراطِ مستقیم کی گستاخانہ عبارات کو ایمان و اسلام قرار نہیں دیا۔ اور نہ اِن کتب کے مصنّف کو مسلمان قرار دیا۔ تکفیر سے سکوت اور کف لسان کا یہ مطلب نہیں کہ کسی کو مسلمان مان لیا اور اسکی گستاخانہ عبارات عین ایمان و عین اسلام بن گئیں۔ بلکہ مصنّف تقویۃ الایمان کی تکفیر سے سکوت (یعنی خاموشی) محض اس لیے تھی کہ مولوی اسماعیل دہلوی کی تقویۃ الایمان کی عبارات سے توبہ مشہور ہے سیدنا مجدّدِ اعظم سرکار اعلیٰحضرت امام اہلسنّت قدس سرہٗ اور دیگر اکابر اہلسنّت نے اس لیے کفِ لسان فرمایا (یعنی کافر کہنے سے زبان کو روکا) اور یہ توبہ کی شہرت بھی اہلسنّت کے علماء سے بڑھکر خود دہلویوں دیوبندیوں میں تھی۔

فتاویٰ رشیدیہ کی شہادت	مولوی رشید احمد صاحب گنگوہی سے کسی نے پوچھا کہ : ـــــــ

سوال : ایک بات یہ مشہور ہے کہ مولوی اسماعیل صاحب شہید نے اپنے انتقال کے وقت بہت سے گواہوں کے رُوبرُو بعض مسائل تقویۃ الایمان سے توبہ کی ہے آپ نے بھی کہیں یہ بات سُنی ہے یا محض افتراء ہے ؟

---

[1] مطالعہ بریلویت صفحہ ۹۴ ؎



،اور بعض وہ حضرات ہیں جن کے زمانے میں اگرچہ وہ عبارات شائع ہو چکی تھیں، مگر ان کی نظر سے نہیں گزریں، اس لئے انہوں نے تکفیر نہیں فرمائی، ہمارے مخالفین میں سے آج تک کوئی شخص اس امر کا ثبوت پیش نہیں کر سکا کہ فلاں مسلّم بین الفریقین بزرگ کے سامنے علماء دیوبند کی عبارات متنازعہ فیہا پیش کی گئیں اور انہوں نے ان کو صحیح قرار دیا، یا تکفیر سے سکوت فرمایا، علاوہ ازیں یہ کہ جن اکابر امت مسلّم بین الفریقین کی عدم تکفیر کو اپنی برأت کی دلیل قرار دیا جا سکتا ہے، ممکن ہے کہ انہوں نے تکفیر فرمائی ہو اور منقول نہ ہوئی ہو، کیونکہ یہ ضروری نہیں کہ کسی کی کہی ہوئی ہر بات منقول ہو جائے، لہذا تکفیر کے باوجود عدم نقل کے احتمال نے اس آخری سہارے کو بھی ختم کر دیا۔ وللہ الحمد۔

ایک تازہ شبہ کا جواب

www.alahazratnetwork.org

ایک مہربان نے تازہ شبہ یہ پیش کیا ہے کہ کسی کو کافر کہنے سے ہمیں کے رکعت کا ثواب ملے گا، ہم خواہ مخواہ کسی کو کافر کیوں کہیں، توہین آمیز عبارات لکھنے والے مر گئے، اس دنیا سے رخصت ہو گئے، حدیث شریف میں وارد ہے اذکروا موتاکم بالخیر تم اپنے مردوں کو خیر کے ساتھ یاد کرو، پھر یہ بھی ممکن ہے کہ مرتے وقت انہوں نے توبہ کر لی ہو، حدیث شریف میں ہے انما الاعمال بالخواتیم اعمال کا مدار خاتمہ پر ہے، ہمیں کیا معلوم کہ ان کا خاتمہ کیسا ہوا، شاید ایمان پر ان کی موت واقع ہوئی ہو۔

اسکا جواب یہ ہے کہ کفر و اسلام میں امتیاز کرنا ضروریات دین میں سے ہے، آپ کسی کافر کو عمر بھر کافر نہ کہیں، مگر جب ان کا کفر سامنے آ جائے تو بر بنائے کفر اسے کافر نہ ماننا خود کفر میں مبتلا ہونا ہے، بے شک اپنے مردوں کو خیر سے یاد کرنا چاہیے، مگر توہین کرنے والوں کو مومن اپنا



کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ ان عبارتوں کے غلط اور کفریہ ہونے کے باوجود ان کے لکھنے اور ماننے والوں کو کافر کہنے میں ہمیں کتنی رکعت کا ثواب ملے گا؟ ہم مرجانے والوں کی برائی کیوں کریں اور پھر کیا پتا کہ ان مرنے والوں نے توبہ کرلی ہو؟

اس کے جواب میں عرض ہے کہ کفر اور اسلام میں امتیاز کرنا، ضروریاتِ دین میں سے ہے۔ کسی کافر کو آپ عمر بھر کافر نہ کہیں، مگر جب اس کا کفر سامنے آجائے تو اس کے کفر کی بنیاد پر اسے کافر ماننا اور کافر کہنا ضروری ہوگا۔ اور یہ اصول ہے کہ کفر کو کفر نہ ماننا خود کفر میں مبتلا ہونا ہے۔

(واضح رہے کہ علمائے دیوبند کے نام ظاہر کیے بغیر یہ کفریہ عبارات نقل کر کے جس کسی دیوبندی وہابی عالم سے فتویٰ چاہا گیا اس عالم نے ان عبارات کو کفریہ اور عبارات کے قائل و قابل کو کافر قرار دیا)۔

رہی یہ بات کہ وہ لوگ مرگئے تو اب ان کی برائی کیوں کی جائے؟ اس کے جواب میں عرض ہے کہ رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا ابولہب نے گستاخی و بے ادبی کی، ولید بن مغیرہ اور دوسرے گستاخوں کو قیامت تک ملامت کی جاتی رہے گی کیونکہ جو گستاخِ رسول ہے اس کی تعریف اور مدح نہیں کی جائے گی بلکہ اس کی مذمت ہی کی جائے گی اور یہ کہنا کہ کیا پتا انہوں نے توبہ کرلی ہو؟ تو پہلی بات تو یہ ہے کہ توبہ کا خیال اس کو آئے گا جو ان عبارات کو کفریہ تسلیم کرے گا، جب دیوبندی وہابی علماء اپنی ان کفریہ عبارات کو کفریہ ہی نہیں مانتے اور صریح قول کو بھی قابل تاویل سمجھتے ہیں تو ان کی توبہ کیسی؟ اس کے باوجود عرض ہے کہ اگر ان علمائے دیوبند کے کسی معتقد کو پتا ہو کہ ان کے پیشواؤں نے اپنی غلط اور کفریہ عبارات سے توبہ کی تھی تو اس توبہ کو شائع اور مشہور کیا جائے اور تمام معتقدین خود بھی ان غلط اور کفریہ عبارتوں کو نہ ماننے اور قبول نہ کرنے کا اعلان کریں اور ان عبارات کو غلط اور کفریہ تسلیم کریں تو جھگڑا خود بخود ختم ہو جائے گا۔ [1]

---

[1] لاہور میں مجلس صیانۃ المسلمین کے نام سے قائم ہونے والے ایک ادارے نے اب خیانت کیلئے اچانک یہ چال چلی ہے کہ علمائے دیوبند کی ان کفریہ عبارات کو از خود بدلنا شروع کر دیا ہے۔ اس کا واضح مطلب یہی ہے کہ اس ادارے سے وابستہ دیوبندی وہابی علماء کے نزدیک پرانی اصل عبارتیں یقیناً کفریہ ہیں، ورنہ بدلنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ اگر واقعی موجودہ دیوبندی وہابی علماء اپنے بڑوں کی ان عبارات کو کفریہ اور غلط یا معترضہ مانتے ہیں تو صاف اقرار کیوں نہیں کر لیتے؟ کیا کسی کا کفر جانتے بوجھتے ہوئے چھپانا خود کفر میں مبتلا ہونا نہیں ہے؟ موجودہ دیوبندی وہابی علماء اپنے ہی شیخ محمد زکریا کاندھلوی کا یہ ارشاد بھی ملاحظہ کرلیں، وہ فرماتے ہیں "دوسرے کی کتاب میں بغیر اس کی اجازت کے تصرف کرنا کہاں جائز ہے؟" (ص ۵۳، کتب فضائل پر اشکالات اور ان کے جوابات)

کچھ لوگوں نے کہا کہ ان عبارات کے لکھنے والوں کی باقی تحریریں تو درست ہیں صرف چند باتوں یا کسی ایک بات کی وجہ سے انہیں کافر قرار دینا درست نہیں ہے۔ اس کا جواب خود اشرف علی تھانوی صاحب کی زبانی ملاحظہ ہو، وہ فرماتے ہیں کہ "اگر کسی میں



دیں تو جو جواب آپ قادیانیوں کو دیں گے۔ وہی جواب ہماری طرف سے بھی سمجھ لیا جائے۔

مولوی سرفراز صاحب نے ایک اور کتاب ارشاد الشیعہ میں اپنے ایک دیوبندی عالم غلام اکبر بلوچ کے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں کہ کیا وجہ ہے کہ بہت سارے دیوبندی علماء نے شیعہ کی تکفیر نہیں کی؟ اس کے جواب میں سرفراز صاحب نے ارشاد فرمایا کہ ''چونکہ شیعوں کی کتب کا مطالعہ کرنے کی عام سنی علماء کو نہ ضرورت تھی نہ اتنی فرصت تھی نہ کوئی ان کا کوئی مسئلہ ان کتب پر موقوف تھا لہذا ان لوگوں کو نہ ان کی کتابیں دیکھنے کی ضرورت، لہذا انہوں نے اگر تکفیر نہیں کی تو وہ معذور ہیں''۔

یہی جواب ہم سرفراز صاحب کی خدمت میں پیش کرتے ہیں کہ بعض سنی علماء سے اگر تحریری تکفیر منقول نہیں ہوئی اس کی وجہ بھی یہی ہو سکتی ہے کہ ان لوگوں کو نہ دیوبندیوں کے اردو رسائل دیکھنے کی ضرورت تھی نہ فرصت تھی نہ ان کا کوئی مسئلہ ان رسائل پر موقوف تھا۔ لہذا اگر انہوں نے تکفیر نہیں کی تو وہ معذور ہیں۔ مولوی سرفراز صاحب کو چاہیے کہ جوبات اپنی کتاب میں لکھا کریں۔ کم از کم اس کو یاد بھی رکھا کریں۔ تاکہ خدام کو یاد دلانے کی ضرورت نہ پیش آئے۔

اسی ضمن میں ایک اور حوالہ پیش کرنا چاہتا ہوں۔ ایک دیوبندی مولوی عبد الرشید ارشد نے کتاب لکھی ہے ''بیس بڑے مسلمان'' اس میں انور شاہ کشمیری کے حالات بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے۔ کہ جب بہاولپور کی عدالت میں قادیانی وکیل اور انور شاہ کشمیری کا مباحثہ ہوا تو قادیانی نے کہا فلاں بزرگ مرزا قادیانی کو کافر نہیں کہتے تو انور شاہ کشمیری نے کہا ''نہ کہتے ہوں گے۔ اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ لیکن جب قادیانی وکیل نے اس بات پر زور دیا تو انور شاہ کشمیری نے کہا کہ اللہ کی جہنم بڑی وسیع ہے تو جہاں اللہ تعالیٰ مرزا قادیانی کو داخل



جو گستاخی کا وہم بھی پیدا کرے اس سے بھی بولنے والا کافر ہو جاتا ہے۔

مقام غور ہے کہ جب نبی پاک علیہ السلام کی شان میں لفظ راعنا بولنا جائز نہیں تو پھر آپ علیہ السلام کو چمار سے ذلیل کہنا اور معاذ اللہ چوہڑا چمار کہنا اور ذرہ ناچیز سے کمتر کہنا کیونکر درست ہو سکتا ہے۔ اور ایسے کلمات بولنے والے اور ان کلمات کو درست سمجھنے والے کیونکر مومن ہونے کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ارشاد باری ہے۔

ان الذین یحادون اللہ و رسولہ اولئک فی الا ذلین.

اس سے ثابت ہوا کہ نبی پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کے گستاخ جو ہیں سب سے بڑے ذلیل ہیں۔ اگر وہ مومن ہوتے تو اللہ تعالیٰ ان کو سب سے بڑا ذلیل نہ فرماتا۔ تو ان آیات کریمہ سے ثابت ہو گیا کہ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ نے اپنی طرف سے کوئی فتویٰ نہیں لگایا بلکہ قرآن مجید کی ان آیات کی ترجمانی کی ہے۔ بلکہ مخالفین کے پیشوا ابن تیمیہ نے اپنی ضخیم کتاب ''الصارم المسلول علی شاتم الرسول'' میں اپنی آیات بینات سے گستاخ رسول ﷺ کو واجب القتل اور کافر قرار دیا ہے۔

مولوی سرفراز صاحب صفدر فاضل دیوبند ارشاد فرماتے ہیں کہ دیوبندی اکابر جن پر بریلوی کفر کا فتویٰ لگاتے ہیں، ان کے کفر میں توقف کرنے والے بے شمار ہیں۔ اس کے بارے میں گزارش یہ ہے کہ اس طرح تو مرزائیوں کے بارے میں کافی علماء و مشائخ کے تحریری فتوے نہیں ہیں۔ تو پھر کیا اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ ان علماء و مشائخ کے نزدیک نبوت کا دعویٰ کرنے والا کافر نہیں ہے۔ لہذا تحریری تکفیر ضروری نہیں ہوتی۔ زبانی شرعی حکم لگا دینا بھی کافی ہے۔ ورنہ مولوی سرفراز صاحب بتائیں کہ مرزا قادیانی کے بارے میں کہ تمام علماء و مشائخ کے تکفیری فتوے آپ کے پاس موجود ہیں۔ پھر اگر یہی استدلال مرزائی پیش کر



باسمہ تعالیٰ

جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

فرقہ رضا خانی کے امام الطائفہ بریلوی خان خواں نے عداوت اسلام و ایمان میں اکابر ملت حامیان سنت۔ علماء دیوبند و نیز ان کے متبعین و متوسلین بلکہ (معاذ اللہ) ان کے کفر میں شک و تردد کرنے والے کی بھی تکفیر کی اور اطاعت شیطان و عصیان رحمان میں مبتلا ہو کر اپنی دنیا و آخرت کو برباد کیا تھا۔ الحمد للہ کہ دار الافتاء اسلامی ریاست ٹونک و بہاولپور و بھوپال اور ہندوستان کے تمام علماء کرام و مشائخ عظام و مفتیان اعلام کی ایکسو چالیس فتاویٰ اور چھ سو سول کا فقہان شریعت غرا کے دستخطوں سے ثابت ہوگیا کہ حضرات علمائے دیوبند سچے اور پکے سنی حنفی مسلمان اور شریعت و طریقت کی رو سے صحیح معنوں میں اہل علم و عرفان ہیں۔

اس ضروری امر کے اثبات کیلئے کتاب مجموعہ فتاوی مسمّٰی بہ

براءة الابرار عن مكائد الاشرار

ملقب بہ

قہر آسمانی بر فرقۂ رضا خانی

مرتبہ

حامی سنت ماحی بدعت جناب مولانا مولوی حافظ قاری محمد عبد الرؤف خاں صاحب جگن پوری مع مقدمہ مسلیس بطول تمام شائع کیجاتی ہے جسکے مطالعہ سے ظاہر ہوگا کہ مجدد البدعات کی تمام سعی لاحاصل ہے وہ خود ہی قرار لعنت و کفر ہوگئے اور علماء دیوبند کا کچھ بھی نہ بگڑا۔ اب انشاء اللہ رضائیوں کے مکائد کے تمام دروازے بند ہوجائینگے اور انکو قیامت تک کسی مسلمان کے گمراہ کرنیکا موقع نہ ملیگا اور مسلمانوں کے لئے یہ کتاب آفتاب ہدایت ثابت ہوگی۔

اللّٰهُمَّ اهْدِ قَوْمِي فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْن۔ آمین ثم آمین

مدینہ برقی پریس بجنور میں باہتمام مولوی محمد مجید حسن صاحب پرنٹر طبع ہوئی

بار اول نومبر ۱۹۳۳ء تعداد ۱۰۰۰

کھرے کھوٹے کی آخری پہچان

(۱) رضا خانی مذہب و ملت کی کتابیں سوائے حسنی پریس بریلی کے اور کہیں نہیں ملتی ہیں۔ اور جب کسی کو انکی کتابوں کی عبارتوں میں کوئی شک و شبہ واقع ہوتا ہے تو رضا خانی لوگ اسکے نیست و نابود کرنے کی فکر میں لگ جاتے ہیں۔ اور حسنی پریس بریلی سے جب کوئی کتاب طلب کیجاتی ہے تو اسکو یہ کہہ کر ٹال دیا جاتا ہے کہ کتاب ختم ہو چکی اور نایاب ہے۔ حالانکہ بعض ذرائع سے معلوم ہوا کہ کتابیں موجود ہیں۔ اگر کچھ دال میں کالا نہیں ہے تو حیلہ و حوالہ سے کیوں ٹالا جاتا ہے؟

بخلاف علماء دیوبند کے کہ انکی تصنیف کردہ کتابیں دہلی۔ لاہور۔ کانپور لکھنؤ کلکتہ بمبئی۔ رنگون بلکہ ہر جگہ کے کتب فروشوں کے یہاں سے مل سکتی ہیں جہاں سے چاہو طلب کرو۔ علماء دیوبند کا عین مقصود ہے کہ ہماری کتابیں دیکھی جائیں اور لوگوں کی ہدایت ہو۔

(۲) رضا خانیوں کی کوئی مجالس و محافل ایسی نہیں ہے کہ جنہیں علماء دیوبند و اکابر علماء امت پر سب و شتم تبرا بازی لعن طعن اور تکفیر کے نعرے بلند نہ ہوتے ہوں انکے مذہب و ملت میں سب و شتم تبرا بازی لعن طعن اور تکفیر کے نعرہ ہی اللہ تعالیٰ شانہ کی تسبیح و تہلیل سے زیادہ فضیلت رکھتے ہیں

بخلاف علماء دیوبند کے کہ اپنے مخالفین کو برا بھلا کہنا تو درکنار بلکہ انکے لعن طعن پر صبر کرتے ہیں اور اپنے مخالفین کے شبہات کو نہایت وضاحت کیساتھ دلائل عقلیہ و نقلیہ سے رفع کرتے ہیں اور اپنے مجالس و محافل کو اپنی بدزبانی سے درہم برہم نہیں کرتے اپنے وعظوں میں مضامین توحید و رسالت کی فضیلت۔ شرک و بدعت کی مذمت عبادات و معاملات کے مسائل مع فوائد و نکات۔ اسلام کی خوبیاں اسطرح بیان کرتے ہیں کہ مخالفین اسلام کی گردنیں جھک جاتی ہیں۔ اور سننے والا اس بات کے کہنے پر مجبور ہوتا ہے کہ علماء دیوبند کا علم کسبی نہیں ہے بلکہ محض عطائے الٰہی اور تائید ربانی ہے

این سعادت بزور بازو نیست	تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں قصیدہ نعتیہ بزبان عربی پڑھتے ہیں تو عاشقان رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نظروں میں جمال مبارک کا ایک نقشہ بندھ جاتا ہے۔

ضمیمہ خنجر اسلامی برحلقوم رضاخانی

برادران اسلام | جماعت رضاخانی بریلوی کا علماء دیوبند اور اکابر علماء امت پر سب و شتم اور تکفیر اور انکی عبارتوں کو کتر بیونت کرکے انکے معنی غلط سلط بیان کرکے عام مسلمانوں کو انکی طرف سے بدگمان کرنا اور مسلمانوں میں آپس میں پھوٹ ڈالنا اور بھائی بھائی کا اور باپ بیٹے کا بیٹے کو باپ کا دشمن بنانا ظاہر ہے۔

رضاخانی مذہب و ملت میں عیب جوئی اور تبرا بازی افضل ترین عبادت ہے۔ یہ گروہ فرقہ دوسروں کی عیب جوئی میں اسقدر منہمک ہے کہ اسکو اپنے عیبوں کی خبر نہیں۔ ؎

غیر کی آنکھوں کا تنکا تجھکو آتا ہے نظر
دیکھ اپنی آنکھ کا غافل ذرا شہتیر بھی

رضاخانی بھائی کود کود کر اچھل اچھل کر علماء دیوبند اور اکابر علماء امت پر تکفیر کرکے مسلمانوں کی دل آزاری کرتے تھے کیا خوب کسی نے کہا ہے

اے یار جو کسی کو کلپاوے گا
یہ یاد رہے وہ بھی کل نہ پاوے گا

یہ زمانہ آزادی کا ہے ایک ہاتھ سے دے دوسرے ہاتھ سے لے رضاخانی بھائیو اب ذرا خواب غفلت سے ہوش میں آؤ اور ٹھنڈے دل سے اپنے متعلق عدالت شرع شریف صدر ریاست اسلام ٹونک کا فتویٰ سنو۔ ع ہے یہ گنبد کی صدا جیسی کہے ویسی سنے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نقل استفتا

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ رضاخانیوں کی ایک کتاب جسکا نام لذۃ الروح ہے اُس کے چند اشعار یہ ہیں!

صفحہ ۹ ملاحظہ ہو۔

شعر شرکیہ وکفریہ

تیری عبدیت میں چہرہ لکھ گیا
منہ اجلا ہوگیا احمد رضا
تیری حالت آپ پر ہے سب عیاں
آپ نے کیا ہے چھپا احمد رضا

صفحہ ۲۵ ملاحظہ ہو

شعر شرکیہ وکفریہ

نکیرین آکے مرقد میں جو پوچھیں گے تو کس کا ہے
ادب سے سر جھکا کر لونگا نام احمد رضا خاں کا

صفحہ ۴۳ ملاحظہ ہو

شعر شرکیہ وکفریہ

یہ دعا ہے یہ دعا ہے یہ دعا
تیرا اور سب کا خدا احمد رضا

صفحہ ۴۸ ملاحظہ ہو

اشعار شرکیہ وکفریہ

حشر میں جب ہو قیامت کی تپش
اپنے دامن میں چھپا احمد رضا
جب زبانیں سوکھ جائیں پیاس سے
جام کوثر پلا احمد رضا

وصایا شریف صفحہ ۲۴ پر مولوی حسنین رضا خاں لکھتے ہیں

زہد وتقویٰ کا یہ عالم تھا کہ میں نے بعض مشائخ کرام کو یہ کہتے سنا کہ ان (یعنی احمد رضا خاں) کو دیکھ کر صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی زیارت کا شوق کم ہوگیا۔

اور مولوی حشمت علی رضاخانی اپنے مریدوں کو شجرہ دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کو قبر کے اندر ایک طاق بنا کر اسپر رکھدینا جب منکر ونکیر آویں گے تو اُسکو دیکھ کر چلے جاویں گے اور سوال نہ کرینگے۔ اُس شجرہ کے آخری الفاظ یہ ہیں ملاحظہ ہو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ وَعَلَی الْمَوْلَی الْھُمَامِ اِمَامِ اَھْلِ السُّنَّۃِ مُجَدِّدِ الْمِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَارِثِ عُلُوْمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ سَیِّدِنَا اَعْلٰی حَضْرَۃِ الشَّیْخِ عَبْدِ الْمُصْطَفٰی اَحْمَدْ رَضَا خَانْ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ وَعَلَی الْمَوْلَی الْاِمَامِ الْھُمَامِ الْمِقْدَامِ حُجَّۃِ الْاِسْلَامِ وَمُرْشِدِ الْاَنَامِ حَضْرَۃِ الشَّیْخِ مَوْلٰنَا حَامِدْ رَضَا خَانْ مَتَّعَ اللّٰہُ الْمُسْلِمِیْنَ بِطُوْلِ بَقَائِہٖ۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمْ وَعَلٰی عَبْدِکَ الْفَقِیْرِ اَبِی الْفَتْحِ عُبَیْدِ الرِّضَا مُحَمَّدْ حَشْمَتْ عَلِی الْقَادِرِیِّ الرَّضَوِیِّ اللَّکْنَوِیِّ غَفَرَ اللّٰہُ تَعَالٰی لَہٗ۔

اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ

(۱) نغمۃ الروح کے مصنف اور اسکے مضامین کے عقیدہ رکھنے والوں اور اسکی اشاعت کرنے والوں کے حق میں شریعت محمدیہ کا کیا حکم ہے ؟

(۲) وصایا شریف کے صفحہ ۲۴ پر جو مولوی حسنین رضا خاں نے لکھا ہے کہ ان (یعنی احمد رضا خاں) کو دیکھ کر صحابہؓ کی زیارت کا شوق کم ہو گیا۔ انکے حق میں شریعت محمدیہ کا کیا حکم ہے ؟

(۳) انبیاءؑ کو چھوڑ کر غیر انبیا پر درود شریف پڑھنے کیلئے شریعت محمدیہ میں کیا حکم ہے بینوا توجروا۔

السائل حاجی معصوم علیخاں چرہ محمد پوری از پوسٹ بکس نمبر ۳۰۱ : رنگون ۸۔ ذی الحجہ ۱۳۵۰ھ یوم جمعہ

جواب استفتا

از عدالت شرع شریف صدر ریاست اسلام ٹونک

الجواب واللہ الموفق للسداد والصواب

از عدالت شرع شریف صدر ریاست اسلام ٹونک

(۱) اشعار کتاب نغمۃ الروح مندرجہ استفتا ہذا معائنہ کئے گئے اکثر اشعار موہم معنی غیر مشروع و موہم کفر ہیں گو تاویل بہ تعذر ممکن ہے۔ لیکن ایسے الفاظ نہیں لکھنا چاہئے۔ بالخصوص علماء سے اور زیادہ مکروہ ہے۔ البتہ صفحہ ۲۴ کی دعا جو درج استفتا ہے اسمیں صراحۃً کفر ہے اس میں تاویل صحیح نہیں ہو سکتی لہذا اسکا قائل کافر ہے توبہ و تجدید ایمان و تجدید نکاح اس پر لازم ہے اور تمام اعمال صالحہ اُسکے نابود ہو گئے۔ اسیطرح وصایائے مولوی احمد رضا خاں کے صفحہ ۲۴ پر جو مولوی حسنین رضا خاں کا قول درج ہے وہ بھی مکروہ و ناجائز ہے اسلئے کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی بڑی شان ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنکو مثل ستاروں کے فرمایا ہے اور ایسے الفاظ سے اُنکی تحقیر ظاہر ہوتی ہے۔ اسی طرح مولوی حشمت علی خاں کا قول درباره رکھنے شجرہ کے قبر میں اور قول کرنے اس امر کے کہ اسکی وجہ سے فرشتے چلے جاوینگے غلط ہے اور درود شریف غیر انبیاء پر تبعاً درست ہے۔ مستقلاً درست نہیں۔ پس شجرہ کے آخر میں جو درودیں لکھی ہیں وہ عند الاحناف غیر صحیح ہیں۔

(۱۰) الحاصل کتاب نغمۃ الروح کے مصنف و اُسکے ہم عقیدہ اشخاص بوجہ عقیدہ رکھنے مضمون شعر ...

مندرجہ صفحہ ۲۴ کافر ہو گئے ہیں اور دیگر اشعار جو موہم معنی غیر شرع ہیں انکو بھی نہ لکھنا چاہئے !

(۲) اور وصایا کے صفحہ ۲۴ پر جو صحابہؓ کی نسبت قول کیا ہے یہ مکروہ اور خلاف ادب ہے !

(۳) اور غیر انبیا پر درود شریف پڑھنا مستقلاً ناجائز ہے روایات کتب فقہ میں موجود ہیں !

۱۰۔ محرم الحرام ۱۳۵۱ھ

مواہیر و دستخط مفتیان کرام عدالت شرع شریف صدر ریاست اسلام ٹونک

(۱) محمد حسین عفی عنہ (۲) خادم شرع خلیل الرحمن عفی عنہ (۳) انوار الحسن عفی عنہ

مہر (طالب غفران محمد حسین) مہر (خلیل الرحمن) مہر (انوار الحسن)

(۴) خادم شرع سید احمد مجتبیٰ عفی عنہ

مہر (باعث تکوین سید احمد مجتبیٰ)

(۵) عبد الرحیم عفی عنہ۔ مگر بعض اشعار جن میں ظاہراً کفر ہے انہیں کفر سے بچانے کے لئے تاویل ممکن ہے۔ البتہ خلاف شرع ضرور ہیں فقط

(نوٹ) اس فتویٰ پر تین سو سے زائد دستخط دیگر علماء کرام و مفتیان، علماء و مشائخ عظام کے ثبت ہیں جو رسالہ خنجر ایمانی بر حلقوم رضاخانی میں شائع ہو چکے ہیں۔

شہر رنگون سے فرقہ رضاخانی کا خاتمہ

برادران اسلام واضح ہو کہ جماعت رضاخانی بریلوی نے علماء دیوبند اور اکابر علماء امت پر سب و شتم اور تکفیر کی اشاعت پر کمر باندھی ہے۔ انکے نمائندے ہر شہر و قصبہ میں گشت لگاتے ہیں۔ جب کسی شہر یا قصبہ یا گاؤں میں انکا گذر ہوتا ہے تو ہر مجلس و محفل میں علماء دیوبند اور اکابر علماء امت پر سب و شتم تبرا بازی اور تکفیر کے نعرے بلند کرتے ہیں۔ انہیں نمائندوں میں سے ایک مکفر المسلمین حشمت علی رضاخانی اذاقہ اللہ عذاب یوم الدین بھی ہے۔ وہ شہر رنگون میں بتاریخ ۲۶۔ شعبان المعظم ۱۳۵۷ھ کو پھر دوبارہ آیا اور پہلے ہی کی طرح تکفیر کے فتنہ کو بھڑکایا تو حامی بدعت ماحی سنت

شان جب کبریا تعالیٰ اور اس کے رسول النبی ﷺ کا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

یارسول اللہ کا وظیفہ

(سوال) درود وظیفہ ان اشعار ذیل کا اگر کوئی کرے تو کیا حکم ہوگا جائز یا منع اور صغیرہ یا کبیرہ اور شرک کیا ہوگا۔ جیسے ورد یا رسول اللہ انظر حالنا . یارسول اللہ اسمع قالنا اننی فی بحر ھم مغرق . خذیدی سھل لنا اشکالنا. یا یہ شعر قصیدہ بردہ کا ورد کرنا۔ یا اکرم الخلق مالی من الوذبہ . سواک عند حلول الحادث العمم یا اور کوئی شعر یا نثر میں ورد اسماء مخلوق بطور وظیفہ کرنا۔

(جواب) ایسے کلمات کو نظم ہو یا نثر ورد کرنا مکروہ تنزیہی ہے کفر و فسق نہیں کیونکہ وجہ کفر کی غیر کو حاضر و متصرف جاننا ہے اور وجہ فسق کی احتمال فساد عقیدہ ہے اور اپنے لوگ بہت شرک رکھنا ہے اور کراہت تنزیہی یہ کہ وفی الجملہ مشابہت استعانت غیر ہے ہونے کی تھی کونیت نہیں جیسا قسم غیر اللہ تعالیٰ کی کو شرک حدیث میں فرمایا اور خود آپ نے ہی بعض اوقات غیر کی قسم کھائی تو اس کو عمداً صغیرہ پر حمل کیا ہے علماء نے اور سہواً معاف و مباح پس اس کو بھی ایسا ہی سمجھنا چاہئے یہ وہ جواب ہے جو بندہ نے شیئاً للہ کے جواب میں لکھا تھا۔ اور آپ کو شبہ ہوا تھا۔ فقط والسلام۔ ان صاحب کو فرمادو کہ ہر دو اسم کو پڑھے جاویں بندہ بھی دعا کرتا ہے اور سورۂ فاتحہ کو درمیان سنت و فرض فجر کے اکتالیس بار پڑھ لیا کریں حق تعالیٰ رحم فرماوے آمین فقط والسلام۔

علم غیب کا قائل ہونا

(سوال) حضور فرماتے ہیں کہ جو شخص علم غیب کا قائل ہو وہ کافر ہے حضرت جی آج کل تو بہت آدمی ہیں کہ نماز پڑھتے ہیں مگر رسول اللہ ﷺ کا میلاد میں حاضر رہنا حضرت علی کا ہر جگہ موجود ہونا دور کی آواز کا سننا مثل مولوی احمد رضا خان بریلوی کہ جنہوں نے رسالہ علم غیب لکھا ہے کہ نمازی اور عالم بھی ہیں کیا ایسے شخص کافر ہیں ایسوں کے پیچھے نماز پڑھنی اور محبت دوستی رکھنی کیسی ہے۔

(جواب) جو شخص اللہ جل شانہ کے سوا علم غیب کسی دوسرے کو ثابت کرے اور اللہ تعالیٰ کے برابر کسی دوسرے کا علم جانے وہ بے شک کافر ہے اس کی امامت اور اس سے میل جول محبت سب حرام ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔





ضرور تصدیق فرماتے جیسا کہ مکہ معظمہ اور ہندوستان میں موجود حاجی صاحب کے بعض خلفاء نے حسام الحرمین پر تائید و تصدیق فرمائی۔ علاوہ ازیں ایک حقیقت یہ بھی ہے کہ یہ کہاں ثابت ہے کہ علماء دیوبند نے اپنی گستاخانہ کتب حاجی صاحب مہاجر مکی کو دکھائیں اور وہ ان کے کفریات پر مطلع ہوگئے ۔۔۔۔؟

یہی بات حضرت پیر صاحب گولڑوی کے حوالہ سے بھی مغالطہ دینے کے لیے کہی جاتی ہے کہ انہوں نے بھی تکفیر نہیں فرمائی۔ اس پر ہم یہ عرض کریں گے کہ سابقہ معروضات میں حضرت سرکار گولڑوی سے کافی کچھ ثابت کر چکے ہیں پھر بھی ان کے اس مطالبہ پر اتنا ضرور عرض کریں گے کہ مختلف فرقوں کی کتابوں میں موجود و مرقوم گستاخانہ عبارات اور کفریہ عقائد حفظ نہیں تھے اور حضرت ممدوح کی یہ ڈیوٹی نہیں تھی کہ جن جن مولویوں اور فرقوں کے گستاخانہ عقائد ہیں وہ ان کا دروازہ کھٹکھٹا کر ایک ایک گھر پر یہ کہتے چلے جائیں کہ بھئی تمہاری فلاں کتاب کی فلاں عبارت گستاخانہ ہے اور تم اس وجہ سے کافر و مرتد ہو۔ یہ سوال خود دیوبندیوں پر پڑتا ہے کیا انہوں نے تحذیر الناس۔ براہین قاطعہ۔ حفظ الایمان وغیرہ گستاخانہ کتب کی کفریہ عبارات حضرت سیدنا پیر مہر علی شاہ صاحب کی خدمت میں پیش کیں ۔۔۔۔؟ اگر معاذ اللہ یہ عبارات اور گستاخانہ کتب ایسی ہی "وحی آسمانی" تھیں تو پھر پیر صاحب گولڑوی سے علماء دیوبند نے ان عبارات کے عین ایمان و عین اسلام ہونے پر تصدیق کیوں نہ حاصل کر لی؟

یہ سوال تو ہم پوچھتے ہیں کہ حضرت قبلہ عالم گولڑوی قدس سرہ نے کہاں لکھا ہے کہ اعلیٰحضرت امام احمد رضا فاضل بریلوی قدس سرہٗ کا فتویٰ حسام الحرمین اور حکم تکفیر غلط ہے ۔۔۔۔؟ یہ ثبوت تو خود دیوبندی حضرات

کو پیش کرنا چاہیے عین ممکن ہے اور ہو سکتا ہے کہ حضرت ممدوح تک گستاخانہ کتب کی کفریہ عبارات نہ پہنچی ہوں۔ اس کو حسام الحرمین اور حکم تکفیر کے غلط ہونے کی دلیل بنانا محض خوش فہمی ہے۔

دیوبندی واں بھچروی سے مناظرہ

دنیا جانتی ہے اور مہر منیر ص۲۳۴ گواہ ہے مشہور دیوبندی مولوی حسین علی ساکن واں بھچراں مولوی رشید احمد گنگوہی کا شاگرد و خلیفہ تھا۔ دورہ حدیث بھی گنگوہی صاحب سے پڑھا تھا اور مشہور منہ زور و منہ پھٹ اور دلائل سے عاری مولوی غلام خاں پنڈی دیوبندی کا استاد تھا۔ گویا مولوی حسین علی واں بھچروی اوپر نیچے اور آگے پیچھے سے دیوبندی تھا۔ اس مردود نے قبلہ عالم گولڑوی قدس سرہٗ کو بار بار مناظرہ کا چیلنج دیا حضرت اپنے سالانہ روحانی دورہ پر واں بھچراں پہنچے۔ اس دیوبندی ملاں کا خیال تھا کہ پیر فقیر جاہل ہوتے ہیں پھر پیر صاحب کو چیلنج دیا غنڈہ گردی کے لیے حضرت کی قیام گاہ پر بدمعاش بھیجے اور خود پیر صاحب سے مناظرہ کے لیے اصرار کرنے لگا۔ موضوع مناظرہ علم غیب۔ ندائے یا رسول اللہ۔ یا شیخ عبد القادر جیلانی اور سماع موتیٰ تھا ۔۔۔۔ الغرض مختصر یہ کہ مسئلہ علم غیب پر آیہ کریمہ قل لا یعلم من فی السموات والارض الغیب الا اللہ پر حضرت نے چند سوالات کیے۔ مولوی رشید احمد گنگوہی کا چہیتا تلمیذ حواس باختہ ہو گیا زبان گنگ ہو گئی۔ پیر صاحب سے آنکھ ملانے کی جرأت نہ ہوئی۔ تفصیل مہر منیر ص۲۳۴ تا ص۲۴۳ میں موجود ہے۔ حوالہ جات تو اس موضوع پر اور بھی بہت کافی ہیں مگر اختصار مانع ہے امید ہے مصنف آئندہ مہر منیر اور قبلہ عالم گولڑوی علیہ الرحمۃ کا نام لے کر مغالطہ دینے کی جرأت نہ کرے گا۔

مصنف ص۲۰۷ پر لکھتا ہے مولانا محمد علی جوہر۔ مولانا میر حسن سیالکوٹی۔ مولانا غلام رسول عرف رسل بابا۔ ڈاکٹر علامہ اقبال۔ حکیم اجمل خاں۔ مولانا شوکت



ہے۔ کیونکہ خداوند قادر مطلق کی ذات وصفات خود احاطہ قدرت الٰہیہ سے باہر ہیں ورنہ اپنے مثل کی ایجاد پر قادر ماننا پڑے گا اور وہ باطل ہے۔ لہٰذا یہ کہنا کہ خدا نے نعوذ باللہ حضرت شیخ کو کسی صفت میں مثل اپنے یا اپنے سے بڑھ کر بنا دیا۔ قواعد علم عقائد کی رو سے بالکل غلط اور قابل استرداد ہے۔ کیا خدا کی شان ہے کہ مبتدعین جو حضور ﷺ کی مثل کو تحت قدرت باری تعالیٰ و ممتنع بالغیر لکھنے والوں سے دست و گریباں ہوتے تھے اور اظہار قدرت قادر مطلق کو اعتقاد امکان کذب کے نام سے شہرت دے کر جاہلوں کو علمائے دین سے بدظن کرتے پھرتے تھے حضرت شیخ علیہ الرحمۃ کی شان میں عقیدہ اختراع کرتے ہیں کہ عیاذاً باللہ خدا نے ان کو مثل اپنے بلکہ اپنے سے بھی بڑھ کر بنا دیا جو یقیناً کفر صریح ہے۔ یہ سزا ان لوگوں کو ان بدزبانیوں کی وجہ سے ملی ہے جو انہوں نے بلاوجہ حضرات علمائے دین کی جناب میں کر کے تمغائے سواد الوجہ فی الدارین حاصل کیا تھا ع ہے

چوں خدا خواہد کہ پردہ کس درد میلش اندر طعنۂ پاکاں برد

بہر حال مؤلف زین المجالس کی وہ ہفوات بیہودہ جن کو سائل نے پرچۂ اول کے نمبر (۱) میں درج کیا ہے، صریحاً غلط اور افترا پردازی ہے اور اس کے مطابق عقیدہ رکھنے والا شخص یقیناً مشرک و کافر ہے اور اسی طرح کے مندرجہ ذیل اشعار بھی جن کا حضرت شیخ قدس اللہ سرہ الشریف کی منقبت میں نظم کیا جانا مشہور ہے۔ غلط اور رد کئے جانے کے قابل ہیں۔

بنا لیتا ہے سلطاں آپ سا جس پر عنایت ہو	خدا سے کم نہیں عزّ و جلال اس دیں کے سلطان کا
میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب	کیونکہ محبوب و محب میں نہیں میرا تیرا

شعر اول میں حضرت کا عز و جلال خدا سے کم نہ ہونا اس دلیل سے ظاہر کیا گیا ہے کہ بادشاہ کی عنایت جس پر ہوتی ہے اس کو بادشاہ مثل اپنے بنا لیتا ہے۔ لیکن اول تو دنیاوی بادشاہوں کے متعلق یہ بھی کلمہ صحیح نہیں ہے۔ بادشاہوں کی عنایتیں اپنے مقربوں پر ضرور ہوتی ہیں مگر اپنی برابر وہ کسی کو بادشاہ نہیں بنا لیتے۔ اور علم عقائد وکلام کی رو سے تو یہ امر قطعاً محقق ہو چکا ہے کہ ذات وصفات باری تعالیٰ اس قادر مطلق کے احاطۂ قدرت سے باہر ہیں اور اسی لئے خدا تعالیٰ کو اپنے مثل کی ایجاد پر قادر نہیں مانا جاتا۔ لہٰذا یہ دلیل لغو قرار دیئے جانے کے بعد یہ مضمون رہ جاتا ہے کہ العیاذ باللہ حضرت شیخ علیہ الرحمۃ خدا تعالیٰ کے ہمسر اور مثل ہیں اور یہ صریحاً شرک ہے۔ اور اس صورت میں اس شعر کا بنانے والا مشرک اور خارج از اسلام سمجھے جانے کے قابل ہے۔ دوسرے شعر میں لفظ مالک خدا کے معنوں میں استعمال ہوا ہے اور اس صورت میں شعر کا مطلب صاف لفظوں میں یہ ہوا کہ حضرت شیخ محبوب الٰہی ہیں اور محبوب و محب

میں کوئی فرق نہیں ہوتا لہٰذا حضرت شیخ بھی عیاذاً باللہ خدا ہوئے اور میں تو خواہ کچھ ہی ہو خدا ہی کہوں گا۔ اس اصرار علی الشرک کی وجہ سے بھی اسی فتوے کے مستوجب ہیں جو شعر اول کے متعلق دیا جا چکا ہے اور کسی تاویل سے یہ حکم بدل نہیں سکتا۔ اس لئے کہ الفاظ بالکل صاف ہیں کوئی ان کی تاویل کرنا بھی چاہے تو کیا کر سکتا ہے۔ ایسی صورت میں قابل غور یہ امر ہوتا ہے کہ مبتدعین جو اپنے آپ کو علمائے سنی المذہب کے ذیل میں شمار کرتے ہیں۔ ان میں یہ مشرکانہ عقیدہ کس طرح شائع ہوا۔ اس کے متعلق ان لوگوں کے گذشتہ حالات پر نظر ڈالنے کی ضرورت ہے اور ان کی کیفیت یہ ہے کہ حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمۃ نے فرقہ امامیہ کے خلاف ایک کتاب تحفۂ اثنا عشریہ تالیف فرمائی تھی جس سے اس فرقہ میں سخت ہل چل مچ گئی تھی، چونکہ اس زمانہ میں ملک اودھ میں اسی فرقہ امامیہ کی حکومت تھی اور علاقہ روہیلکھنڈ جس میں واقع ہے اودھ کی سلطنت میں شامل تھا۔ لہٰذا باشندگان ...... لکھنؤ جا کر معاش پیدا کرنے کے لئے مجبور تھے۔

چنانچہ جب تحفۂ اثنا عشریہ کا جواب لکھانے کے لئے سلطنت اودھ کو قابل اشخاص کی ضرورت ہوئی تو انہیں ایک شخص ...... نام باشندہ ...... ہاتھ آ گیا جو اس وقت لکھنؤ میں ملازم تھا۔ اس شخص نے فرقۂ امامیہ کے مجتہدین کو تحفۂ اثنا عشریہ کا جواب لکھنے میں مدد دی اور حضرت مولانا موصوف اور ان کے خاندان کے مشہور علماء کے بیان کردہ مسائل پر بھی جھوٹے اعتراضات شائع کئے اور جاہلوں کو اپنا جانب دار بنا کر اپنا ایک جداگانہ فرقہ بنا لیا ...... پس جبکہ بمصداق **الناس علی دین ملوکھم** ...... ان خاندانوں کے تعلقات سلطنت اودھ سے ہونے کے باعث ان کا فرقۂ امامیہ کے طریقہ پر ہونا ایک فطری امر ہے تو ان کے عقائد میں بھی فرقۂ مذکور کے عقائد کی جھلک پیدا ہو جانا لازمی اور لابدی امر ہے۔ لہٰذا تحفۂ اثنا عشریہ کو پیش نظر رکھ کر عقائد زیر بحث کی سراغ رسانی کی جائے تو بہت ہی آسانی سے پتہ مل سکتا ہے کہ یہ مشرکانہ عقیدہ حضرت شیخ علیہ الرحمۃ کو مثل خدا بلکہ خدا سے بھی بڑھ کر جاننے کا ان لوگوں میں باتباع مذہب امامیہ پیدا ہوا ہے گو وہ اپنے آپ کو بظاہر سنی المذہب بتاتے ہیں، چنانچہ ملاحظہ ہوں تحفۂ اثنا عشریہ مؤلفہ مولانا شاہ عبدالعزیز علیہ الرحمۃ کے اقتباسات ذیل۔

(۱) اما غلاۃ پس بست و چہار فرقہ اند اول آل سبائیہ اصحاب عبداللہ بن سبا۔ **قالوا ان علیا ھو الالٰہ حقا**۔ یعنی فرقۂ غلاۃ کے چوبیس گروہ ہیں جن میں سے پہلا گروہ عبداللہ بن سبا کے ساتھیوں کا ہے جو سبائیہ کہلاتا ہے ان کا قول ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فی الحقیقت خدا تھے۔

(۲) فرقہ چہارم از غلاۃ بزیغیہ اند اصحاب بزیغ بن یونس کہ بالوہیت جعفر صادقؒ قائل اند۔

فتاویٰ محمودیہ

فقیہ الامت حضرت مولانا مفتی محمود حسن گنگوہی نور اللہ مرقدہ

تبویب، تخریج اور تعلیق

زیر سرپرستی

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب زید مجدہم

زیر نگرانی

دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی

ذبیحہ درست ہوگا یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

نشہ بازی گناہ ہے(۱)، تاہم اگر ہوش وحواس درست رہتے ہوئے شریعت کے مطابق ذبح کیا ہو تو وہ جانور حلال ہے، اس کا گوشت لینا اور کھانا درست ہے(۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

املاہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۷/۱۱/۱۴۰۰ھ۔

دیوبندیوں کو خارج از اسلام کہنے والے کا ذبیحہ وقربانی

سوال [۱۱۱۷۲]: ایک بریلوی مقائد کا آدمی، جو کہ دیوبندیوں کو خارج از اسلام سمجھتا ہے، اس کے ہاتھ کا ذبیحہ کھانا جائز ہے کہ ناجائز؟ اور اس کو قربانی کے حصوں میں شریک کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

علماء دیوبند کو جو شخص خارج از اسلام سمجھتا ہے، نہ اس کے ہاتھ کا ذبیحہ کھایا جائے، نہ اس کو قربانی کے

---

(۱) قال الله تعالیٰ: ﴿يا أيها الذين آمنوا إنما الخمر والميسر والأنصاب والأزلام رجس من عمل الشيطان فاجتنبوه لعلكم تفلحون﴾ (المائدة: ۹۰)

"كل مسكر حرام". (صحيح البخاري، كتاب الأدب: ۲/۹۰۳، قديمي)

"قال عليه السلام: "كل مسكر خمر، وكل مسكر حرام". (مشكاة المصابيح، باب بيان الخمر ووعيد شاربها: ۲/۳۱۷، قديمي)

"الشراب ما يسكر، والمحرم منها أربعة: الخمر ... والطلاء ... والسكر ... ونقيع الزبيب". (البحر الرائق، كتاب الأشربة: ۸/۳۲۸، رشيديه)

(۲) "فإن ذبح كل مسلم وكل كتابي حلال، رجلاً كان أو أنثى ... براً كان أو فاجراً". (النتف في الفتاوى، كتاب الذبائح، ص: ۱۳۷، سعيد)

"وتحل ذبيحة مسلم وكتابي، ذمي أو حربي ولو امرأة أو صبياً أو مجنوناً يعقلان". (ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر، كتاب الذبائح: ۴/۱۵۳، مكتبه غفاريه كوئته)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الذبائح: ۸/۳۰۹، رشيديه)

حصوں میں شریک کیا جائے، ورنہ تو اس کی قربانی تو خراب و برباد ہو ہی جائے گی(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۲۶/۱۰/۹۵ھ۔

مجہول الاسلام کا ذبیحہ

سوال [۱۱۱۷۳]: اگر کسی مسلمان شخص کی بکری کوئی آدمی ذبح کرتا ہو، وہ مسلمان اس کو دیکھ لے اور یہ معلوم نہ ہوا کہ وہ ذبح کرنے والا مسلمان تھا یا نہیں یا کہ کسی اور مذہب سے تعلق رکھتا تھا اور وہ ذبح کرتے ہی بھاگ گیا تھا، آیا اس آدمی کا ذبیحہ اس کے لئے کھانا جائز ہے یا کہ نہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً:

اگر دل گواہی دے کہ وہ مسلمان تھا اور شریعت کے مطابق ذبح کیا ہے تو کھانا درست ہے(۲) (غیر مسلم عام طور سے ذبح نہیں کرتے ہیں)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

حررہ العبد محمود غفرلہ، دار العلوم دیوبند، ۶/۲/۸۵ھ۔

---

(۱) "(وأما شرائط الذكاة فأنواع) ... (ومنها) أن يكون مسلماً أو كتابياً، فلا تؤكل ذبيحة أهل الشرك والمرتد". (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الذبائح، الباب الأول في ركنه وشرائطه إلخ: ۵/۲۸۵، رشيديه)

(وكذا في الدر المختار، كتاب الذبائح: ۶/۲۹۶، ۲۹۷، سعيد)

(وكذا في البحر الرائق، كتاب الذبائح: ۸/۳۰۶، ۳۰۷، رشيديه)

(۲) "اليقين لا يزول بالشك". (القواعد الفقهية، الرسالة الثالثة، ص: ۱۴۳، رقم القاعدة: ۳۲۱، مير محمد كتب خانه كراچی)

"قوله: اليقين لا يزول بالشك. قيل: لا شك مع اليقين فكيف يرتفع ما لا وجود له، ويمكن أن يقال: الأصل المتيقن لا يزيله شك طارئ عليه ... فالأول مثل أن يجد شاة مذبوحة في بلد فيها مسلمون ومجوس فلا تحل، حتى يعلم أنها ذكاة مسلم؛ لأنها أصلها حرام، وشككنا في الذكاة المبيحة، فلو كان الغالب فيها المسلمين، جاز الأكل عملاً بالغالب المفيد للطهورية". (الأشباه والنظائر: ۱/۱۹۳، إدارة القرآن كراچی)

دہرایا ہے **یستحب** کا معنی **برقی** کسی لغت میں آیا ہو تو دیوبندی صاحبان دکھا دیں اور جہاں بھی اس مسئلہ کو فقہاء نے لکھا اسے استحباب کا درجہ دیا۔ نامعلوم دیوبندی حضرات نبی کریم ﷺ کے معاملہ میں کیوں تنگ نظر بن جاتے ہیں۔ یہ حقیقت قابل تحقیق ہے اور کوئی صاحب انصاف یا صلح کن صاحب ان کے پاس نہایت محبت اور نرمی سے پوچھے کہ جناب ایسی تنگ ظرفی اور پھر اپنے آقا و مولیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے متعلق کیوں؟ اگر جواب شافی ملے تو **الحمدللہ** ورنہ سمجھ لو کہ دال میں کالا کالا ہے۔

فائدہ جلیلہ: احادیث سے استنباط یا تو عقائد کے لئے ہوگا یا احکام کے لئے یا فضائل و مناقب کے لئے عقائد کے لئے جب تک حدیث مشہور متواتر نہ ہو کام نہیں چلے گا۔ خبر واحد اگرچہ کیسے ہی قوت سند و نہایت صحت پر ہو تب بھی کام نہیں آئے گی۔ علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: **إن خبر الواحد على تقدير اشتماله على جميع الشرائط المذكورة في أصول الفقه ، لا يفيد إلا الظن ولا عبرة بالظن في باب الإعتقادات۔**

(شرح العقائد للنسفی، صفحہ ۱۳۸)

خبر واحد اگرچہ تمام شرائط صحت کی جامع ہو ظن ہی کا فائدہ دیتی ہے اور معاملہ اعتقاد میں ظنیات کا کچھ اعتبار نہیں۔
احکام کے لئے حدیث صحیح لذاتہ وصحیح لغیرہ یا حسن لذاتہ وحسن لغیرہ ضروری ہے۔ جمہور علماء کے ہاں ضعیف سے دلیل پکڑنا بے کار ہے۔

فضائل و مناقب میں باتفاق علماء کرام حدیث ضعیف کافی ہے مثلاً کسی حدیث میں ایک عمل کی ترغیب آئی کہ جو ایسا کرے گا اتنا ثواب پائے گا یا کسی نبی یا صحابی کی خوبی بیان ہوئی کہ انہیں اللہ عزوجل نے یہ مرتبہ بخشا یا یہ فضل عطا کیا۔ وہاں حدیث ضعیف کافی ہے: **قال سيدى ابو طالب في قوت القلوب في معاملة المحبوب الا حاديث في فضائل الاعمال وتفضيل الاصحاب منقبلة محتملة علىٰ كل حال مقاطيعها ومراسيلها لا تعارض ولا ترد كذالك كان السلف يفعلون**

(قوت القلوب فی معاملة المحبوب، فصل الحادی والعشرون، جلد ۱، صفحہ ۱۷۸، مطبوعہ دار صادر مصر)

یعنی امام اجل، شیخ العلماء والعرفاء، سیدی ابو طالب محمد بن علی مکی قدس سرہ الملکی کتاب جلیل القدر عظیم الفخر قوت القلوب فی معاملة المحبوب میں فرماتے ہیں: فضائل و اعمال تفضیل صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی حدیثیں کیسی ہوں ہر حال میں مقبول و ماخوذ ہیں۔ مقطوع ہوں خواہ مرسل نہ ان کی مخالفت کی جائے نہ انہیں رد کریں ائمہ کا یہی طریقہ تھا۔
اسی طرح ملتی جلتی عبارتیں اصول حدیث کی تمام کتب موضوعات اور احادیث کی شروح میں ملیں گی۔

شخص رسول پاک کی وسعتِ علم کا عقیدہ رکھتا ہے وہ مشرک ہے لیکن یہی عقیدہ شیطان کے بارے رکھنا شرک نہیں ہے۔

اسی طرح یہ کہنا بھی رسول پاک کی صریح تنقیص ہے کہ رسول پاک کے علم کی وسعت پر قرآن وحدیث میں کوئی دلیل نہیں ہے۔ لیکن شیطان کے علم کی وسعت پر قرآن میں بھی دلیل ہے اور حدیث میں بھی ـــــــ۔

(۳) ـــــــ علمائے دیوبند کے سب سے بڑے مذہبی پیشوا مولانا قاسم نانوتوی بانی دارالعلوم دیوبند نے اپنی کتاب "تحذیر الناس" میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو آخری نبی ماننے سے انکار کیا ہے۔ جبکہ حضور کو خاتم النبیین ہونے کی حیثیت سے آخری نبی ماننا قرآن سے بھی ثابت ہے اور حدیث سے بھی۔

بلکہ اپنی کتاب میں انھوں نے یہاں تک لکھدیا ہے کہ حضور کے زمانے یا حضور کے بعد بھی اگر کسی نئے نبی کا آنا فرض کیا جائے جب بھی حضور کی خاتمیت میں کوئی فرق نہیں آئے گا۔ حالانکہ یہ بات آسانی سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ کسی نئے نبی کے آنے کی صورت میں حضور کے آخری نبی ہونے کا عقیدہ باطل ہوجاتا ہے۔ مولانا نانوتوی کی یہی وہ کتاب ہے جسے قادیانی حضرات مرزا غلام احمد قادیانی کی نبوت کے جواز کا پیش خیمہ قرار دیتے ہیں۔

واضح رہے کہ ختم نبوت کے مسئلے میں علمائے دیوبند کے ساتھ ہمارا اختلاف فروعی نہیں بلکہ اصولی اور بنیادی ہے۔ اور یہ اختلاف حرمت وحلت کا نہیں بلکہ کفر واسلام کا ہے۔

دعوت انصاف

دیوبندی علماء کے ساتھ ہمارے اختلاف کی یہ پہلی بنیاد ہے جو ان کی کتابوں کے حوالوں کے ساتھ آپ کے سامنے ہے۔ واضح رہے کہ اس بنیاد کا تعلق اہانت رسول اور انکار ضروریاتِ دین سے ہے۔ جس کے کفر ہونے میں قطعاً کوئی شبہ نہیں ہے۔ قرآن کی بیشمار



http://www.rehmani.net

ا۔ اس طرح کہ آپ کے دیکھتے دیکھتے گدھے کے سارے اجزاء جمع ہو گئے جسم پر کھال بال چڑھے اور زندہ ہو کر بیکنے لگا پھر آپ اس گدھے پر سوار ہو کر اپنے محلہ میں تشریف لے گئے "اندازے سے اپنا مکان معلوم فرما کر دروازے پر آواز دی کہا "عزیر کا یہی گھر ہے" ایک بوڑھی اندھی اپاہج عورت وہاں تھی آپ کا نام سن کر بہت روئی اور بولی کہ آج سو برس کے بعد کون عزیر کا نام لے رہا ہے وہ تو سو برس سے لاپتہ ہیں' یہ آپ کی لونڈی تھی آپ نے فرمایا کہ میں ہی عزیر ہوں' سو سال مردہ رہ کر زندہ ہوا ہوں اس نے عرض کی کہ میری روشنی نگاہ کے لئے دعا فرمائیں' آپ نے دعا فرمائی آنکھیں کھل گئیں اور آپ نے اس کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا اللہ رب

آيَةً لِّلنَّاسِ وَانظُرْ إِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنشِزُهَا
اور تجھے ہم لوگوں کے واسطے نشانی کریں اور ان ہڈیوں کو دیکھ کیونکر ہم انہیں اٹھان
ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ
دیتے پھر انہیں گوشت پہناتے ہیں جب یہ معاملہ اس پر ظاہر ہو گیا بولا میں خوب جانتا ہوں کہ
اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٥٩﴾ وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ
اللہ سب کچھ کر سکتا ہے اور جب عرض کی ابراہیم نے اے رب
أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِي الْمَوْتَىٰ قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِن قَالَ
میرے مجھے دکھا دے تو کیونکر مردے جلائے گا فرمایا کیا تجھے یقین نہیں عرض کی
بَلَىٰ وَلَٰكِن لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً
یقین کیوں نہیں مگر یہ چاہتا ہوں کہ میرے دل کو قرار آجائے فرمایا تو اچھا چار پرندے
مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلَىٰ كُلِّ
لے کر اپنے ساتھ ہلا لے پھر ان کا ایک ایک ٹکڑا ہر پہاڑ پر
جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْيًا
رکھ دے پھر انہیں بلا وہ تیرے پاس چلے آئیں گے پاؤں سے دوڑتے
وَاعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ﴿٢٦٠﴾ مَّثَلُ الَّذِينَ
اور جان رکھ کہ اللہ غالب حکمت والا ہے ان کی کہاوت جو
يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ
اپنے مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اس دانہ کی طرح
أَنبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِي كُلِّ سُنبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ
جس نے اوگائیں سات بالیں ہر بال میں سو دانے
وَاللَّهُ يُضَاعِفُ لِمَن يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ﴿٢٦١﴾
اور اللہ اس سے بھی زیادہ بڑھائے جس کے لئے چاہے اور اللہ وسعت والا علم والا ہے

کے حکم سے۔ اس کے ہاتھ پاؤں درست ہو گئے اور اس نے آپ کو دیکھ کر پہچانا۔ پھر وہ عورت اس جگہ پہنچی جہاں لوگوں کا اجتماع تھا۔ اس مجمع میں آپ کا بیٹا بھی موجود تھا۔ جس کی عمر ایک سو اٹھارہ برس تھی اور پوتا بھی۔ بڑھیا نے لوگوں سے کہا کہ عزیر زندہ ہو کر آ گئے ہیں' دیکھو میں ان کی دعا سے تندرست ہو گئی ہوں تب لوگوں نے یقین کیا اور آپ کی علامت دیکھ کر پہچان لیا۔ اسی وجہ سے آپ کو یہود خدا کا بیٹا کہتے ہیں ۲۔ یعنی اب خوب جانتا ہوں کیونکہ پہلے یقین تھا اور اب عین الیقین ہو گیا' یعنی پہلے سن کر جانا تھا اب دیکھ کر معلوم کر لیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ نبی کا ایمان بالشہادۃ بھی ہوتا ہے لہٰذا وہ ہم سے زیادہ یقین والے ہوتے ہیں' ہمارے حضور نے معراج میں رب اور جنت دوزخ سب ہی غیبی چیزوں کا مشاہدہ فرما لیا آپ کا ایمان بالشہادۃ ہوا ۳۔ لطیفہ۔ قرآنی معمہ بتاؤ وہ کون بزرگ ہیں جو خود چالیس سال کے اور بیٹا ایک سو چالیس کا اور پوتا نوے برس کا وہ حضرت عزیر ہیں کیونکہ آپ سو برس تک وفات یافتہ رہے' جب فوت ہوئے تو چالیس سال کے تھے جب اٹھے تو آپ کی عمر وہی تھی۔ سبحان اللہ ۴۔ ابراہیم علیہ السلام ایک دفعہ سمندر کے کنارہ سے گزرے ملاحظہ فرمایا کہ وہاں ایک نعش پڑی ہوئی ہے' جب سمندر کا پانی چڑھتا ہے تو اس کا گوشت مچھلیاں کھاتی ہیں' جب پانی اترتا ہے تو جنگلی جانور اور جنگلی کوے کھاتے ہیں یہ ملاحظہ فرما کر آپ کو شوق ہوا کہ مردہ زندہ ہونے کا نظارہ دیکھیں' تب آپ نے رب سے عرض کی ۵۔ یعنی علم الیقین سے ترقی کر کے میں عین الیقین حاصل کروں یعنی کمال سے اعلیٰ کمال کی طرف منتقل ہو جاؤں ۶۔ تاکہ تمہیں ان کی پہچان ہو جائے اور ان کے زندہ ہونے پر معلوم کر لو یہ وہی ہیں ۷۔ معلوم ہوا کہ نبی بے جان جانوروں کو بھی پکارتا جائز ہے فیض دینے کے لئے تو گزشتہ نبیوں ولیوں کو پکارنا بھی جائز ہے فیض لینے کے لئے ۸۔ چنانچہ آپ نے مور' مرغ' کبوتر' کوا پالا پھر انہیں ذبح کر کے قیمہ بنایا ان کے اجزا ایک دوسرے سے ملائے اور چار پہاڑوں پر رکھ دیئے ان کے سر اپنے پاس رکھے پھر انہیں آواز دی ان کے اجزاء بحکم الٰہی اڑے اور ایک دوسرے سے ممتاز ہو گئے۔ ہوا میں ان کے اجسام تیار ہوئے اور پھر اپنے سروں سے مل کر زندہ ہو گئے ۹۔ اس سے دو مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ اللہ کے بندے جب کسی بات پر ضد کریں تو رب ان کی ضد پوری فرماتا ہے دوسرے یہ کہ ہمارے ایمان کے لئے ایمان بالغیب شرط ہے مگر انبیاء کرام کا ایمان بالشہادۃ بھی ہوتا ہے ۱۰۔ خواہ نفلی صدقہ کرے یا واجب اس میں ایصال ثواب کے لئے جو خرچ کیا جاتا ہے وہ بھی داخل ہے لہٰذا تیجہ چالیسواں سب ہی شامل ہیں (خزائن العرفان) ۱۱۔ اگانے والا رب تعالیٰ ہے مگر یہاں دانہ کی طرف اس کی نسبت کر دی گئی معلوم ہوا کہ سبب کی طرف فعل کی نسبت جائز ہے۔ شان نزول۔ یہ آیت حضرت عثمان غنی کے حق میں نازل ہوئی جنہوں نے غزوہ تبوک کے

http://www.rehmani.net

ا۔ یعنی جیسے گونگا بہرا جب اندھیرے میں پھنس جائے تو ہدایت نہیں پا سکتا کہ اندھیرے کی وجہ سے آنکھیں بیکار ہو گئیں۔ اور کسی کی آواز سے اور اپنی پکار سے بھی ہدایت نہیں پاتا کیونکہ وہ نہ خود بول سکتا ہے۔ نہ کسی کی سن سکتا ہے۔ ۲۔ صراط مستقیم اولیاء انبیاء کا راستہ ہے۔ جس فرقہ میں اولیاء نہ ہوں وہ صراط مستقیم نہیں۔ رب فرماتا ہے۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۳۔ اس سے معلوم ہوا کہ دنیا میں کفار کی بعض دعائیں قبول ہو جاتی ہیں۔ ۴۔ کفار مصیبت میں اللہ تعالیٰ ہی کو پکارتے ہیں نہ کہ بتوں کو۔ اب بھی مشرکین ہند بیماریوں میں نمازیوں سے دم کراتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ جو مصیبت میں بھی خدا کو یاد نہ کرے وہ مشرکین سے زیادہ سخت دل ہے۔ ۵۔ معلوم ہوا کہ دنیا میں تکالیف اور مصیبتیں رب کی رحمتیں ہیں کہ بندوں کو رب کی طرف متوجہ کرتی ہیں اور صابرین شاکرین کے درجات بلند کرتی ہیں۔ ۶۔ تاکہ عذاب دفع ہو۔ اس سے معلوم ہوا کہ علامات عذاب دیکھ کر ایمان لے آنا۔ توبہ کرنا دفع عذاب کا ذریعہ ہے۔ جیسا کہ یونس علیہ السلام کی قوم نے یا قطعًا البتہ عذاب آ جانے پر توبہ اور ایمان مفید نہیں ہوتا۔ جیسا کہ فرعون کا حال ہوا حَتّٰۤى اِذَاۤ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ الخ ۷۔ معلوم ہوا کہ تمام عذابوں میں سخت تر عذاب دل کی سختی ہے۔ جس سے تعلیم نبی اثر نہ کرے ۸۔ اس سے معلوم ہوا کہ گناہ و معاصی کے باوجود دنیاوی راحتیں ملنا اللہ کا غضب اور عذاب ہے کہ اس سے انسان اور زیادہ غافل ہو کر گناہ پر دلیر ہو جاتا ہے۔ بلکہ کبھی خیال کرتا ہے کہ گناہ اچھی چیز ہے ورنہ مجھے یہ نعمتیں نہ ملتیں۔ یہ کفر ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ نیک کار پر تکالیف آنا رحمت الٰہی کا ذریعہ ہے کہ اس سے اس صالح کے درجات بلند ہوتے ہیں۔ ۹۔ رب کی نعمت پر خوش ہونا اگر فخر تکبر اور شیخی کے طور پر ہو تو برا ہے اور طریقہ کفار ہے اور اگر شکر کے لئے ہو تو بہتر ہے۔ طریقہ صالحین ہے۔ رب فرماتا ہے۔ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ اور فرماتا ہے قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا یہاں پہلی صورت مراد ہے ۱۰۔ مومن کی موت کے تین نام ہیں۔ (۱) وفات یعنی اپنا کام پورا کر دینے کا وقت۔ آگے آرام و انعام کا وقت۔ (۲) وصال یعنی یار سے ملنے کا ذریعہ (۳) شہادت یعنی رب کی بارگاہ میں حاضری کا ذریعہ۔ کافر کی موت کے بھی تین نام ہیں۔ تدمیر (تباہی) دَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ہلاکت اَهْلَكْنٰهُمْ اور اخذ اَخَذْنٰهُمْ یونہی مومن کی زندگی کا نام حیات طیبہ ہے۔ کافر کی زندگی کا نام مَعِيْشَةً ضَنْكًا ۱۱۔ اس سے بعض لوگ کہتے ہیں کہ اچانک موت بری ہے کہ اس میں توبہ کا وقت نہیں ملتا۔ مگر غافل کے لئے یہ عذاب ہے۔ مومن متقی کے لئے رحمت کہ بیماری کی تکلیف سے بچ جاتا ہے۔ چنانچہ حضرت سلیمان و موسیٰ و عزیر علیہم السلام کی وفات اچانک ہوئی۔ غافل بیمار ہو کر مرے تب بھی اچانک' مومن اچانک مرے تب بھی تیاری کر کے مرتا ہے ۱۲۔ اس سے معلوم ہوا کہ جس قوم پر عذاب آتا ہے اس کی نسل نہیں چلتی۔ جو لوگ مسخ ہوئے وہ ہلاک کر دیئے گئے لہٰذا موجودہ بندر ریچھ ان کی نسل نہیں۔ ۱۳۔ اس سے معلوم ہوا کہ کفار کی ہلاکت اللہ کی نعمت ہے جس پر خدا کا شکر کرنا چاہیے۔ ابوجہل کے قتل پر حضور نے سجدہ شکر ادا کیا اور عاشورہ کے دن روزے کا حکم دیا کہ اس دن فرعون ہلاک ہوا۔ لہٰذا مومن کے مرنے پر انا للہ پڑھے اور موذی کافر کی موت پر الحمد للہ پڑھے۔

وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾ قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ
اور جسے چاہے سیدھے راستہ ڈال دے تم فرماؤ بھلا بتاؤ تو
اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ
اگر تم پر اللہ کا عذاب آئے یا قیامت قائم ہو کیا اللہ کے سوا کسی اور
تَدْعُوْنَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۰﴾ بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ
کو پکارو گے اگر سچے ہو بلکہ اسی کو پکارو گے
فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا
تو وہ اگر چاہے جس پر اسے پکارتے ہو اسے اٹھالے اور شریکوں کو
تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَاَخَذْنٰهُمْ
بھول جاؤ گے اور بیشک ہم نے تم سے پہلی امتوں کی طرف رسول بھیجے تو انہیں سختی
بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۴۲﴾ فَلَوْلَاۤ اِذْ
اور تکلیف سے پکڑا کہ وہ کسی طرح گڑگڑائیں تو کیوں نہ ہوا کہ جب ان پر
جَآءَهُمْ بَاْسُنَا تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَزَيَّنَ
ہمارا عذاب آیا تو گڑگڑائے ہوتے لیکن ان کے تو دل سخت ہو گئے اور شیطان نے
لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا
ان کے کام ان کی نگاہ میں بھلے کر دکھائے پھر جب انہوں نے بھلا دیا جو نصیحتیں
بِهٖ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتّٰۤى اِذَا فَرِحُوْا
ان کو کی گئی تھیں ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہاں تک کہ جب خوش
بِمَاۤ اُوْتُوْۤا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَقُطِعَ
ہوئے اس پر جو انہیں ملا تو ہم نے اچانک انہیں پکڑ لیا اب وہ آس ٹوٹے رہ گئے تو
دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾
جڑ کاٹ دی گئی ظالموں کی اور سب خوبیاں سراہا اللہ رب سارے جہان کا

ع

http://www.rehmani.net

(بقیہ صفحہ ۶۰۱) گی بلکہ یہ آپ کا دوسرا معجزہ ہے۔ ۲۹۔ کہ موسیٰ علیہ السلام کو نو معجزے عطا ہوئے۔ عصا' ید بیضا' دریا چیرنا' من و سلویٰ اترنا۔ فرعونیوں پر جوئیں مینڈک' خون' طوفان وغیرہ کے عذابات آنا وغیرہ۔ ہمارے حضور کے چھ ہزار معجزے تو روایت میں آئے۔ باقی کی خبر نہیں۔ ۲۷۔ خصوصیت سے' کیونکہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل کے بھی رسول تھے۔

۱۔ پہلے دو معجزے' بعد میں باقی نو اور ۲۔ یعنی عصا اور ید بیضا کا جادو ہونا ایسا ظاہر ہے کہ اس میں کوئی شک و شبہ نہیں کر سکتا۔ ۳۔ اس یقین کی وجہ سے وہ فرعونی ہر مصیبت پر موسیٰ علیہ السلام سے فریاد کرتے تھے اور آپ سے مدد مانگتے تھے۔ اس سے دو مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ بغیر زبانی اقرار کئے ہوئے محض دل سے نبی کو سچا جان لینا ایمان نہیں۔ کیونکہ حضور کو سارے کفار مکہ سچا جانتے تھے' مگر زبان سے انکار کرتے تھے۔ دوسرے یہ کہ جو نبی کی بارگاہ میں تکبر و غرور کرے گا' اسے کبھی ہدایت نہ ملے گی وہ جگہ عجز و انکسار کی ہے۔ ۴۔ کہ پہلے ان پر عارضی عذاب آئے خون' جوئیں' قحط وغیرہ کے۔ پھر سمندر میں ڈبو دیئے گئے ۵۔ کہ بغیر کسی استاد سے پڑھے ہوئے داؤد علیہ السلام کو زرہ بنانا' سیاست مدنی' علم قضا' پہاڑوں اور پرندوں کی تسبیح کا علم اور حضرت سلیمان کو چوپاؤں' پرندوں کی بولیاں بتائیں۔ داؤد علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام سے ایک سو ستر برس بعد میں پیدا ہوئے (روح) خیال رہے کہ کسی کو علم بیان ملتا ہے کسی کو علم عیان' انبیاء کرام کو علم عیان ملتا ہے۔ (روح) ۶۔ یہاں عباد مومنین سے مراد حضرات انبیاء کرام ہیں۔ کثیر اس لئے فرمایا کہ بعض رسول ان دونوں بزرگوں سے افضل ہیں۔ جیسے ہمارے حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ یہاں عام مومنین مراد نہیں کیونکہ نبی سارے مومنوں سے افضل ہوتے ہیں نہ کہ اکثر سے۔ اس کا ذکر آگے آ رہا ہے۔ علمت لہ' لہذا اہل فضل کی یہ آیت دلیل نہیں بن سکتی ۷۔ اس سے معلوم ہوا کہ انبیاء کی میراث تقسیم نہیں ہوتی کیونکہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے علاوہ داؤد علیہ السلام کے اور بھی بہت سے بیٹے تھے مگر صرف حضرت سلیمان علیہ السلام کو وراثت علم و نبوت عطا ہوئی۔ یہاں وراثت مال مراد نہیں بلکہ وراثت نبوت و علم مراد ہے یعنی وراثت حال و کمال جیسا کہ اگلے مضمون سے ظاہر ہے۔ ۸۔ اس طرح کہ ہم پرندوں کی بولیاں سمجھ لیتے ہیں۔ اور ہماری گفتگو پرندے سمجھ جاتے ہیں۔ اللہ نے ہمارے حضور کو تمام جانور بلکہ درختوں' پتھروں کی بولیوں کا علم دیا۔ حضور سے ہرنیوں' اونٹوں' لکڑیوں نے فریادیں کیں اور پتھروں نے سلام عرض کئے۔ ۹۔ یہاں کل' بمعنی اکثر ہے۔ شئی سے مراد دین و دنیا کی نعمتیں ہیں۔ یعنی ملک' نبوت' کتاب کا علم' ہوا اور جنات کی تسخیر' پرندوں کی بولیوں کا علم' بے شمار خزانے عطا ہوئے ہمارے حضور کو خدا نے کوثر بخشا یعنی ماسوی اللہ کا مالک بنا ۔ جس کا رب خالق ہے' اس کے حضور بعطاء الہیٰ مالک ہیں۔ فرماتا ہے۔ إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ ۱۰۔ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے یہ کلام فخریہ نہ فرمایا۔ شکریہ کے طور پر فرمایا۔ آپ تمام تمام روئے زمین کے سلطان رہے۔ انس و جن' پرندے' چرندے سب پر آپ کی حکومت تھی عجیب و غریب صنعتیں آپ کے زمانہ میں ایجاد ہوئیں۔ روح البیان نے فرمایا کہ آپ نے سات سو برس حکمرانی کی۔ ۱۱۔ یعنی آپ کا لشکر اتنا زیادہ تھا کہ ان کے انتظام کے لئے اگلوں کو روکا جاتا کہ پچھلے مل جائیں۔ منتشر نہ ہو جائیں ۱۲۔ یہ وادی نمل طائف شریف سے تین میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ اسے اب بھی

فَلَمَّا جَاءَتْهُمْ آيَاتُنَا مُبْصِرَةً قَالُوا هَٰذَا سِحْرٌ مُّبِينٌ ﴿۱۳﴾
پھر جب ہماری نشانیاں آنکھیں کھولتی ان کے پاس آئیں ۱ بولے یہ تو صریح جادو ہے ۲
وَجَحَدُوا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا أَنفُسُهُمْ ظُلْمًا وَعُلُوًّا ۚ
اور ان کے منکر ہوئے اور ان کے دلوں میں ان کا یقین تھا ۳ ظلم اور تکبر سے ۴
فَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِينَ ﴿۱۴﴾ وَلَقَدْ آتَيْنَا
تو دیکھو کیسا انجام ہوا فسادیوں کا ۴ اور بے شک ہم نے
دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا ۖ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي
داؤد اور سلیمان کو بڑا علم عطا فرمایا ۵ اور دونوں نے کہا سب خوبیاں اللہ کو
فَضَّلَنَا عَلَىٰ كَثِيرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۵﴾ وَوَرِثَ
جس نے ہمیں اپنے بہت سے ایمان والے بندوں پر فضیلت بخشی ۶ اور سلیمان
سُلَيْمَانُ دَاوُودَ ۖ وَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنطِقَ
داؤد کا جانشین ہوا ۷ اور کہا اے لوگو ہمیں پرندوں کی بولی
الطَّيْرِ وَأُوتِينَا مِن كُلِّ شَيْءٍ ۖ إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ
سکھائی گئی ۸ اور ہر چیز میں سے ہم کو عطا ہوا ۹ بے شک یہی ظاہر فضل
الْمُبِينُ ﴿۱۶﴾ وَحُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ مِنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ
ہے ۱۰ اور جمع کئے گئے سلیمان کے لئے اس کے لشکر جنوں اور آدمیوں
وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوزَعُونَ ﴿۱۷﴾ حَتَّىٰ إِذَا أَتَوْا عَلَىٰ وَادِ النَّمْلِ
اور پرندوں سے تو وہ روکے جاتے تھے ۱۱ یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے نالے
قَالَتْ نَمْلَةٌ يَا أَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ لَا
پر آئے ۱۲ ایک چیونٹی بولی ۱۳ اے چیونٹیو اپنے گھروں میں چلی جاؤ تمہیں
يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ وَهُمْ لَا يَشْعُرُونَ ﴿۱۸﴾
کچل نہ ڈالیں سلیمان اور ان کے لشکر بے خبری میں ۱۴